آٹھ رتی تین چاول انگبین تین تولہ شکر سرخ چھ تولہ اضافہ کرکے استعمال کریں
حقنہ دیگر استسقا اور فالج اور بیماری بلغمی کو نافع ہے **صفت** سنائی مکی ساڑھے
سترہ ماشہ بابونہ تخم کسوس نیکوفتہ بید انجیر سویا ہر ایک ایک کف ہنسراج بادرنجبویہ قنطوریون
دقیق ہر ایک سات ماشہ شکر سرخ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ انگبین تین تولہ نو ماشہ پانی
برگ چقندر کا روغن زیتون ہر ایک تین تولہ نمک ہندی جوا کھار ہر ایک پونے دو ماشہ
موافق دستور کے عمل کریں **حقنہ دیگر** قولنج کھولتا ہے **صفت** سنامکی ایک تولہ ساڑھے
دس ماشہ گاؤزبان سویا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ سونف دیسی سونف رومی بنفشہ
ہر ایک سات ماشہ بابونہ بہی کیہوں کی گل خطمی ہر ایک ایک کف گلاب کے پھول تازہ
بارہ عدد روغن زیتون روغن گل شکر سرخ پانی برگ چقندر کا ہر ایک تین تولہ نو ماشہ
انگبین گاقند ہر ایک تین تولہ جوا کھار پونے دو ماشہ موافق دستور کے عمل کریں
حقنہ کہ آنتوں کے زخم کو نافع ہے اور صفراوی دستوں کو فائدہ بخشتا ہے
صفت پانی برگ خرفہ کا پانی بارتنگ کا ہر ایک پندرہ تولہ بیضہ مرغ ایک عدد
روغن گل میں ملا کر اور اقاقیا پونے دو ماشہ دم الاخوین دو ماشہ چھ چاول
کاغذ سوختہ سفیدہ کاشغری کہربا مونگے کی جڑ گل مختوم ہر ایک ساڑھے تین
ماشہ سب دواؤں کو باہم ملا کر حقنہ کریں **حقنہ دیگر** کہ آنتوں کے زخم اور
خون کے دستوں کو فائدہ پہونچاتا ہے **صفت** جوکٹے ہوئے چاول دھوئے
ہوئے چربی بکری کی گردہ کی ہر ایک سوا گیارہ تولہ پکاویں اور سفیدہ
کاشغری نشاستہ اقاقیا گلنار فارسی ہر ایک پونے دو ماشہ غاریقون
زعفران شیاف ابیض ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زردہ تخم مرغ ایک عدد
روغن گل دو تولہ ساڑھے سات ماشہ میں حل کریں اور باہم ملا کر استعمال فرماویں

[illegible]

باب الخاے معجمہ

خندریقون سردی معدہ اور احشا اور جگر کو نافع ہے تقوی ہضم ہے اور واسطے بوڑہون کے مفید ہے **صص** شراب پرانی پونے چار سیر شہد خالص سوا سیر سونٹہ تین تولہ چوٹی الائچی بڑی الائچی زعفران ہر ایک ساڑہے چار ماشہ لونگ مشک ہر ایک پونے دو ماشہ دارچینی کالی مرچ ہر ایک ساڑہے تین ماشہ سواے مشک اور زعفران کے سب دوا اونکو کوٹین اور ایک تہیلی مین کر کے مونہہ اوسکا باندہ دیوین اور شراب اور شہد کو جوش دیوین اور اوسمین تہیلی چہوڑ دیوین اور ہر ساعت ہاتہ سے ملتے رہین کہ شراب کا قوام ہوجاوے بعدہ تہیلی اوسمین سے نکال لیوین اور مشک اور زعفران حل کرین اور نگاہ رکہین **خضاب** بالون کو سیاہ کرتا ہے **صص** مازو سیاہ ڈیڑہ پاو کسری زاید روئی جلی ہوئی پہٹکری ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ نوشادر چودہ ماشہ نمک اندرانی سات ماشہ اول مازو کو روغن زیتون مین جوش دیوین کہ نرم ہوجاوین پہر اور دوا اون کے ساتہ کوٹین اور پانی گرم مین گوندہین اور رہنے دیوین چار گہنٹے تک بعدہ سر اور داڑہی کو دہووین اور خشک کر کے یہ خضاب لگاوین بعد چہہ گہنٹے کے نیم گرم پانی سے دہووین **خضاب دیگر** وسمہ گیارہ تولہ آٹہہ ماشہ سندی ساڑہے سترہ ماشہ کوٹ کر چہانکر روغن گل مین چکنا کرین اور پانی گرم مین گوندہین رات کو لگاوین اور صبح کو دہووین **خضاب دیگر** گل لالہ تین تولہ آملہ چہیلا ہوا پوست باقلا سے تر ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ کوٹ کر چہانکر سرکہ مین گوندہین اور بیس روز تک سورج کے نیچے رکہین اور سرکہ اضافہ کر کے استعمال فرماوین **خضاب دیگر** پوست اخروٹ پہٹکری پوست انار سوختہ یعنی تانبا جلا ہوا لادن برابر وزن کوٹکر پانی گرم مین گوندہین اور خضاب کرین **خضاب دیگر** جوز السرو چہہ تولہ سرکہ مین جوش کرین اور مازو ہی سبز پونے دو تولہ روغن زیتون مین پکاوین کہ جل جاوین

کا بنا پیلا ہوا پوست اخروٹ ہر ایک تین تولہ بہنسراج پہٹکری آن تیا آملہ ہر ایک تین تولہ لونگ سات ماشہ کوٹکر چہانکر پانی گرم مین گوندہین اور خضاب کرین بعد تین گہنٹہ کے دہووین **خضاب دیگر** سندہی چودہ ماشہ وسمہ دو تولہ چار ماشہ روئی جلی ہوئی پہٹکری نمک اندرانی مازو لے سبز پسے ہوے روغن زیتون مین خبث الحدید ہر ایک تین ماشہ دس ماشہ کوٹ کر چہان کر پانی گرم مین گوندہین اور استعمال کرین **خضاب دیگر** تخم نیلوفر گوگل روغن زیتون مین پیسکر استعمال کرین اور بعد چہ گہنٹہ کے ساتہ پانی گرم کے دہوڈالین

باب الدال

دوائی ہستہ دوا الملوک بہی کہتے ہین جوڑون کے سب درد کو اور بواسیر اور ناسور اور چیپ اور داغ سفید و سیاہ اور جذام کو نافع ہے مقوی خورش ہے شہوت جماع کو بڑہاتی ہے اور اگر اس معجون کو استعمال کیا جاوے جو بال کہ سفید ہوے ہین پہر سفید نہ ہووین **صص** ہر سیاہ بہیڑہ آملہ ہر ایک چودہ تولہ تین ماشہ کالا دہنی تو تولہ کالی اشق پیپل سونٹہ جبہ پیپل کی ہر ایک آٹہ تولہ تین ماشہ چہوٹی الاچی ناگیسر ناگرموتہ ہر ایک نو ماشہ کباب چینی عسل بلادر ہر ایک دو تولہ تین ماشہ تباشیر پوستے تین سیر تباشیون کو کوٹ کر پاتیلہ مین ڈالین اور پانی گرادین اور سب دوائیان کوٹ کر چہان کر عسل بلادر مین گوندہین اور قرص بنا وین ہر ایک نو ماشہ چہ رتی سوا دو چاول ہر صبح کو ایک قرص کہایا کرین اور جس سال مین کہ یہ معجون استعمال کرین ترشی اور شیر سے پرہیز رکہین **دوالمسک حلو** ضعف دل اور معدہ اور خفقان اور مرگی اور تنگی سانس اور فالج اور لقوہ اور تپ چوتہیا اور بیماریون سوداوی کو فایدہ بخشتی ہے اور ریاح عورتون حاملہ کی دفع کرتی ہے اور رنگ نیک اور صاف کرتی ہے **صص** زنجبیل درونج عقربی ہر ایک ساڑہے تین ماشہ سوتی بلا سور لخ کہربا موسنگے کی جڑ ابریشم مقراض سے

کترا ہوا ہر ایک پونے دو ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید تیج پات بالچھڑ چھوٹی الائچی
کالی مرچ جند بید ستر چھڑیلا ہر ایک دو ماشہ چیہ چاول سونٹھ پیپل
ہر ایک آٹھ رتی تین چاول مشک خالص دو رتی ایک چاول کوٹ کر چھانکر
شہد آتش ندیدہ مین گوندہین اور بعد چار مہینے کے استعمال کرین خوراک ساڑھے
تین ماشہ سے سات ماشہ تک **دواء المسک معتدل** وبا و ریشم مقراض سے
کترا ہوا سوتی بلا سوراخ بسلو چین کہربا گلاب کے پہول ہر ایک ڈیڑہ تولہ صندل سفید
دبہنیا تخم کاہو زرشک ہر ایک ڈیڑہ تولہ مونگے کی جڑ چاندی کے ورق عنبر مشک ہر ایک
ساڑھے چار ماشہ گل گاؤزبان ڈیڑہ تولہ پانی سیب کا چہ تولہ قند سفید تین وزن سب
دواؤنکے **دواء المسک امیر** رطوبت معدہ کو جذب کرتی ہے اور خفقان سوداوی
اور ورم حنجرہ کو نافع ہے **صں** فنفلتین ۳ رومی ایلوا ہر ایک دو تولہ چار ماشہ ریوند چینی
پونے دو تولہ اجواین زعفران اجمود ہر ایک ڈیڑہ تولہ مشک نار دین تیج پات
موتی بلا سوراخ ہر ایک سات ماشہ جند بید ستر سوا پانچ ماشہ شہد تین وزن سب
دواؤن کا پہلے سب دواؤن کو کوٹین اور چھانین اور شہد جہاگ نکالے ہوئے
مین گوندہین خوراک پونے دو ماشہ قوت اس معجون کی تین برس تک رہتی ہے
دواء اللک کبیر سختی جگر اور طحال اور معدہ اور استسقا اور سردی کو نافع ہے
سدہ کھولتی ہے پیشاب جاری کرتی ہے گردہ اور مثانہ کی پتہری کو نکالتی ہے اور جسم
کو لاغر کرتی ہے **صں** لاکہ دہوئی ہوئی ۳ توقوا اجمود پہاڑی زیرہ کرمانی سونٹھ ہر ایک
دو تولہ چار ماشہ لکروندہ تخم فاشرا خشک ہر ایک ڈیڑہ تولہ خبلیا نا زراوند مدحرج ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ ایلوا بالچھڑ ہر ایک ساڑھے تین تولہ مجیٹھ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ حب بلسان
تخم سعد کنگی بیٹھا چیرائتیا اسارون گوگل ہر ایک پونے دو تولہ کندر ڈیڑہ تولہ پیپل دراز فلفل
ہر ایک سوا بارہ ماشہ ست ملٹھی کا آٹہ تولہ دو ماشہ ریوند چینی جعدہ اذخر ہر ایک سات ماشہ

کالی مرچ کوٹ ہر ایک تین تولہ سنبالیس ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھانکر شہد مین معجون بناوے خوراک ساڑھے چار ماشہ **دواء اللک صغیر** نفع اوسکا مثل منافع کبیر کے ہے **صں** لاکہ دہوئی ہوئی کوٹ تلخ شکوفہ اذخر ترس حب الغار منقی کالی مرچ ہر ایک تین تولہ ریوند چینی ساڑھے چار تولہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندہین خوراک ساڑھے تین ماشہ ہمراہ جوشاندہ افسنتین کے **دواء الکرکم** کبیر بیماریون جگر اور طحال کو سردی سے ہو نافع ہے سدہ کو کہولتی ہے ریاح توڑتی ہے گردہ اور مثانہ کو قوت دیتی ہے پیشاب جاری کرتی ہے اور استسقا کو کہ بسبب ورم جگر اور طحال کے ہو فائدہ بخشتی ہے **صں** زعفران ساڑھے چار تولہ اسارون دو تولہ انیسون فطر اسالیون ریوند چینی ہر ایک چودہ ماشہ بالچھڑ پودینے دو تولہ کوٹ سلیخہ شگوفہ اذخر حب بلسان ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مجیٹھ سات ماشہ ست بلسی کا جعدہ مصطگی غافث ہر ایک ساڑھے دس ماشہ روغن بلسان ساڑھے سترہ ماشہ مرکی چودہ ماشہ کوٹ کر چھانکر شہد مین گوندہین خوراک ساڑھے تین ماشہ سے سات ماشہ تک ساتھہ پانی شہد کے **دواء الکرکم صغیر** منافع اوسکا قریب نفع کبیر کے ہے **صں** زعفران سلیخہ بالچھڑ ہر ایک سات ماشہ مرکی شگوفہ اذخر کوٹ دارچینی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھانکر رات دن شراب انگوری مین بھگو کر ساتھہ شہد کے معجون بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ **دواء الکبریت** بیماری بلغمی اور سوداوی اور پرانی تپ اور لرزہ اور تنگی سانس اور کہانسی بلغمی اور پیپ کہ سینہ سے باہر آوے اور استسقا اور ورم طحال اور دشواری پیشاب کو نافع ہے گردہ اور مثانہ کی پتھری کو نکالتی ہے اور مضرت دواؤن زہردار مثل افیون و شوکران و بیخ لفاح کو دفع کرتی ہے اور واسطے کاٹنے بچھو اور رتیلا کے مفید ہے **صں** گندہک زرد اجواین خراسانی سفید قردمانا سلارس مرکی ہر ایک دو تولہ چار ماشہ سداب کوٹ تلخ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ افیون زعفران ہر ایک

سات ماشہ سلیخہ ساڑھے تین تولہ مرچ سفید چھ تولہ پانچ ماشہ کوٹ کر چھانکر شہد مین
معجون بناوین مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ دوا حمر تاریاج توڑتا ہے تمعن نخ کو قتا ہے
صص نخ اسپند تیتی ہر ایک آٹھ ماشہ تولہ نو ماشہ درونج عقرقرحا کالی مرچ پیپل اسارون
سلیخہ کوٹ زعفران سونٹھ ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھانکر شہد مین گوندین خوراک
سات دوا الحلیتیت تپ چوتھیا اور کاٹنے بچھو اور رتیلا وغیرہ کو نافع ہے واسطے
تپ کے ساتھ سکنجبین کے کھاوین اور جب چالیس روز اس معجون کو گذر جاوین واسطے
کاٹنے جانورون زہردار کے شراب مین دیوین صص ہینگ سداب مرکی مرچ سیاہ
برابر وزن کوٹ کر چھانکر شہد مین معجون بناوین مقدار خوراک برابر ایک اخروٹ کے
دوا الماذریون استسقا اور اکثر بیماریون سوداوی اور بلغمی کو نافع ہے صص
ماذریون ساڑھے تین ماشہ سرکہ مین بھگو کر ایک رات دن سایہ مین خشک کرین بعد اوسکے
زیرہ کرمانی نمک ہندی پوست زرد ہڑ کا ہر ایک پونے دو ماشہ افتیمون نسوت ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ کوٹ کر چھانکر شہد مین معجون کرین خوراک سات ماشہ دوا الترید بادی
بلغمی کو نافع ہے صص سونٹھ مصطگی ہر ایک تین تولہ نسوت پانچ تولہ دس ماشہ شکر طبرزد
گیارہ آٹھ ماشہ خوراک ہر رات ساڑھے چار ماشہ دوا الترنجبین ضعف باہ کو کہ بسبب
حرارت کے ہو نافع ہے صص ترنجبین سفید آٹھ تولہ نو ماشہ تین پاؤ اور آدھی چھٹانک شیر تازہ
مین جوش کرین کہ قوام ہو جاوے ہر ایک رات اوسمین سے تین تولہ کھاوین دوا انخسک
کہ واسطے تقویت باہ کے بینظیر ہے صص گوکھرو کو کوٹین اور چھانین اور پانی مین گوکھرو تر کے
بھگو کر سورج کے نیچے رکھین اور ہر روز تازہ پانی گوکھرو کا ڈالتے جاوین یہانتک کہ
پانی گوکھرو تر کا تین وزن گوکھرو خشک سے جذب ہو جاوے بعد اوسکے خشک کرین اور
ساڑھے دس ماشہ اوس سے ساتھ شیر تازہ تین تولہ اور مصری تین تولہ کے تناول فرماوین
اور واسطے سرد مزاج کے سونٹھ کوٹ کر چھانکر اضافہ کرین دوا البصل منی پیدا کرتی ہے اور نعوظ لاتی

سنا بعض جگہ کھیتا کرچ بال ۱۲

نہایت مقوی باہ وسب ص پانی پیاز کا ایک حصہ شہد خالص دو حصہ جوش کریں
کہ قوام ہو جاوے سوتے وقت اوس مین سے تین تولہ کہا لیا کرین دوا مقوی
معدہ و ضعف معدہ کو کہ بسبب سردی اور تری کے ہو دور کرتی ہے ص پیا
کالی ہڑ روغن گاؤ مین بہونی ہوئی تین تولہ تخم ترہ تیزک نبنی ہڑ ملی سارسے
سترہ ماشہ اجواین پودینہ پہاڑی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ میل لونگ کا تین تولہ
خوراک سات ماشہ ساتھہ پرانی شراب کے دواء الخطاطیف اگر اس دوا سے
غرغرہ کرین یا خارج حلق پر لیپ کرین تو خناق بلغمی اور سوداوی کو نافع ہوتی
ہے ص اجود سونف رومی اجواین ہزار سپند دارچینی مرمکی زراوند طویل
زعفران ہر ایک تین تولہ گلاب کے پہول چہہ تولہ کوٹ اور راکہہ جانور ابابیل
کی ہر ایک آٹہہ تولہ نو ماشہ نشاستہ بالچھڑ ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ بادام مغز
دس عدد کوٹ کر چہانکر شہد مین گوندہین اور استعمال کرین دیاقوزا مانع
نزلہ ہے اور کہانسی خشک کو بہت فائدہ پہونچاتا ہے ص خشخاش سفید مع پوست
بیس عدد تخم خطمی کتیرا گوند ببول کا تخم خیارین بہدانہ شیرین ہر ایک ساڑہے
سترہ ماشہ ملٹھی پانچ تولہ دس ماشہ اسبغول تین تولہ سب دواؤن کو سوا
دو سیر مینہہ کے پانی مین دو رات دن بہگو رکہین کہ نرم ہو جاوے بعد اوسکو ملایم
آگ پر پکا دین کہ آدہا ہو جاوین اور آدہی رہجاوین قند سفید تین پاؤ آدہی چہٹانک مین قوام کرین
دیاقوزا یہ بہی پہلے نسخے کی خاصیت رکہتا ہے ص خشخاش سفید معہ پوست خشخاش
سیاہ ہر ایک تین تولہ نو ماشہ بنفشہ گوند ببول کا ہر ایک ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ ملٹھی
ساڑہے دس ماشہ پانی انار شیرین کا ساڑہے سات تولہ قند سفید ڈیڑہ پاؤ موافق دستور
کے تیار کرین دیکش برو یک آکلہ ناسور اور گوشت زاید کو نافع ہے ص ہڑتال
زرد ہڑتال سرخ ہر ایک پوست دو تولہ مرمکی سات ماشہ چونہ آب نارسیدہ چار تولہ ساڑہے

سردی اختناق الرحم کو فائدہ رکھتا ہے اور گردہ اور مثانہ کو گرم کرتا ہے صفت
سلیخہ حب بلسان کوٹ ہر ایک تین تولہ تج لونگ مصطگی ہر ایک ساڑھے ستر ماشہ
زعفران تین تولہ ہیولی سوسن کے تیس عدد ورد زرد سوسن سے دور کرین اور چہاک
آدہ سیر تل کا تیل شیشہ مین کرین اور سب دوائیان کوٹ کر اوپر اوسکے گرا دین اور سورج
کے نیچے رکہین پہر سایہ مین چالیس روز تک رکہین روغن حب انجیر مسہل بلغم ہے اور
پٹہون کو رطوبات سے پاک کرتا ہے صفت رتہی بہوئی ہوئی نرم کوٹین اور پکاوین
اور چہاگ اوسکے اوپر سے اوتارتی جاوین جب سب چہاگ اوتار لیوین نگاہ رکہین
پانی زرد کہ رہجاوے پہینکدیوین اور جہاگون کو پہر جوش کرین کہ تمام روغن صاف
ہوجاوے روغن بید انجیر مرکب فالج اور لقوہ اور سدہ جگر اور طحال کو نافع ہے
اور قولنج کہولتا ہے صفت اجواین پودینہ پہاڑی اور صعتر یعنی پودینہ جنگلی اجمود انیسون
مصطگی اسارون ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ اجمود کی جڑ سونف کی جڑ راسن ہر ایک تین
تولہ چیتہ اور گوگل ہر ایک ساڑھے ستر ماشہ سکبینج جاوشیر فرفیون دروغ عقرقرحا ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ سونٹھ دارچینی چہوٹی الائچی بڑی الائچی کباب چینی پیپل جائفل جاوتری
کلونجی کوٹ کر ہر ایک چودہ ماشہ سب دواؤنکو کوٹ کر ایک رات دن بہگودیوین
پہر جوش کرین کہ نرم ہوجاوے صاف کرکے چہٹانک کم آدہ سیر روغن اوندی ڈالکر پکاوین
کہ پانی جل کر تیل رہ جاوے مقدار شربت سات ماشہ ساڑھے دس ماشہ تک واللہ اعلم
کے روغن ترب یعنی تیل مولی کا ماننا روغن زیتون کے تیار ہوتا ہے اور گرم زیادہ
روغن اوندی سی ہے کان کے ریاح کو دفع کرتا ہے صفت پانی مولی کا تین حصہ ساتہ تیل کے
تیل کے ایک حصہ جوش کرین کہ پانی جلجاوے اور تیل رہجاوے روغن حب الآس گو کہرو کا تیل
پیشاب کی تنگی کو ازحد نافع ہے صفت گوکہرو تین تولہ آٹھ ماشہ سونٹھ ڈیڑہ تولہ انکو بہگوکر
جوش کرین اور صاف کرکے تل کا تیل ملاکر پکاوین کہ پانی جلجاوے اور تیل باقی رہے

روغن کدو سونگھنا اور ملنا اوسکا سرسام اور مالیخولیا کو نافع ہے صں کدو سبز
تازہ لیکر پوست چھیلین اور ساتھ میخ اور گودے کے کوٹین اور پانی اوسکا اوس سے نچوڑ کر چھانیں
تین سیر حاصل کرین اور اوپر اوسکے آدھی چھٹانک تین پاؤ تل کا تیل ڈالکر جوش کرین
کہ پانی جلجاوے اور تیل باقی رہے لیکن بہتر یہ ہے کہ مغز دانہ کدو خشک لیوین اور
مثل روغن بادام کے تیل نکالین روغن ریحان فالج اور رعشہ کو نافع ہے
صں ریحان کا پانی دو جزو تل کا تیل ایکجزو جوش کرین جب پانی جلجاوے تیل بچا رہے
اوتار لیوین روغن لالہ معدہ سرد کو گرم کرتا ہے صں برگ لالہ نبات سے جدا
کرکے ایک شیشہ مین رکھین اور روغن زیتون اوسپر ڈالکر نیچے سورج کے لٹکا وین
روغن کہ کان کے درد کو جو سبب گرمی کے ہو دور کرتا ہے صں روغن گل
تین تولہ روغن بادام شیرین سارہے سترہ ماشہ سرکہ پرانا آٹھ تولہ نو ماشہ باہم
ملاوین اور جوش کرین کہ سرکہ جلجاوے اور تیل رہجاوے قدرے قدرے کان
مین ٹپکایا کرین روغن کندر کان کا درد کہ سردی سے ہو نافع ہے صں
کندر ساڑہے سترہ ماشہ ایلوا مرمکی مصطگی جندبیدستر رسوت پتہ گاے کا ہر ایک
ساڑہے تین ماشہ روغن بادام تلخ کا پانچ تولہ دس ماشہ پرانی شراب گیارہ تولہ
آٹھ ماشہ دواؤنکو کوٹ کر ساتھ شراب اور روغن کے جوش کرین کہ شراب جلجاوے
اور روغن باقی رہے صاف کرکے کان مین ٹپکاوین روغن مصطگی معدہ
کو قوت دیتا ہے صں روغن زیتون چودہ تولہ سات ماشہ شیشہ مین کرکے
تین تولہ مصطگی اوسپر ڈالین اور ایک دیگ آدھی پانی سے بھر کر وہ شیشہ دیگ
اوس دیگ کی لٹکا وین اور آگ روشن کرین جب کہ پانی جوش کہا دے اور مصطگی
پگہل جاوے آگ سے جدا کرکے نگاہ رکھین روغن مورد بالونکو نگاہ رکھتا ہے اور
گرگئے ہون جما دیتا ہے صں پانی مورد کا تین جزو روغن زیتون ایکجزو جوش کرین جب

پانی جلجاوے روغن رہجاوے قدرے لادن ملاوین کہ کہلی وکر اوتار کر نگاہ رکہین

روغن دیگر کہ محافظت بالونکی کرتاہے صص پوست کابلی ہڑ کا مازو برگ مورد ہڑ ایک

ایکجزو شراب بیحانی مین ایک رات دن بہگو کر جوش کرین اور صاف کرکے تل کا تیل

ایکجزو اوسمین ملاوین اور ہر ایک وزن ڈیڑہ پاؤ روغن مین تین تولہ قسط اور

لادن اضافہ کرین کہ خوب اوسمین کہلجاوے آگ سی جدا کرکے نگاہ رکہین جب چاہین

رات کو وقت اوس روغن سے بالون کو چکنا کرین اور صبح کو حمام مین دہوئین

روغن کہ بالون کو سیاہ کرتاہے اور گرنیسے نگاہ رکہتاہے صص شاونج عدسی

ماماروت لادن آملہ ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ کوٹ کر اڑہائی چہٹانک ایک سیر

پانی مین پکاوین کہ ڈیڑہ پاؤ رہجاوے اسیقدر یعنی ڈیڑہ پاؤ تل کا تیل اوسمین ملاکر

جوش کرین جب پانی جلجاوے اور تیل باقی رہے آگ سے جدا کرکے نگاہ رکہین ہر

روز سر کو ساتہ پانی برگ چقندر اور پانی برگ کنجد سے دہوویں اور یہہ روغن

ملین روغن بالون کو سیاہ کرتاہے چہہ مہینہ تک سیاہی اوسکی باقی رہتی ہے

صص اخروٹ لیکر سر اوسکا جدا کرین اور مغز اوسمین سے پانچ تولہ تین ماشہ لیکے

ساتہ تین تولہ آملہ اور سات ماشہ برادہ لوہے کا اور پوست دو ماشہ جدا کہارکے

پیسین اور درمیان اخروٹ کے بہر کر اور سر اوسکا خمیر سے بند کرکے سب کو

گل حکمت کرین اور آگ مین رکہین جب ایک گہنٹہ گذر جاوے باہر لاوین جسقدر

روغن کہ اوسمین سے حاصل ہو بالونمین لگاوین روغن حنا بالونکو سیاہ کرتاہے

اور عرق النسا اور وجع مفاصل کو نافع ہے صص برگ مہندی پچاس تولہ چہٹانک ڈیڑہ سیر پانی

مین جوش کرین اور صاف کرکے آدہی چہٹانک تین پاؤ روغن کنجد اوسمین ملاکر پکاوین

کہ پانی جلجاوے اور تیل باقی رہے روغن آملہ بالون کو سیاہ اور قوی کرتاہے صص

آملہ چہیلا ہوا برگ مورد چہال جڑ صنوبر کی برابر وزن کوٹکر پانی مین پکاوین کہ مہرا ہو جاوے

صاف کرین اور آدہا وزن اوس سے تل کا تیل ڈالکر جوش دیدین جب پانی جلجاوے تیل
رہجاوے اوتار لیوین روغن بیضہ جو دہ زردی جب غدد پر ملین بال جماوے
حس ایک خربزہ لیکر سوراخ کرین اور تخم اوسمین سے نکالکر تیس عدد زردی انڈہ مرغ
اندر اوسکے بہرین اور پانچ سیر روغن زیتون مین برگ مورد کو ملکر اور برادہ عود
کا پیکر ہر ایک تین تولہ تیار رکہین اول سوراخ خربوزہ کا مضبوط کرین اور گل
حکمت کرکے ایک رات تنور مین رکہین دوسرے دن باہر لاوین اور مٹی اوسپر سے
جدا کرین اور اس خربوزہ کو ساتہہ روغن مذکور زیتون کے ملین کہ نرم ہوجاوے
نگاہ رکہین وقت حاجت کے استعمال کرین روغن کہ جو ناک مین ملین بیداری
بافراط لاوے حس نوشادر نمک نفطی تخم سپندان تخم ترہ تیزک کالی مرچ سونٹھ
کا کنج برابر وزن کوٹکر پانی مین جوش کرین یہانتک کہ پانی جلجاوے اور تیل رہجاوے
روغن معدہ کو قوت دیتا ہے اور پسینہ جذب کرتا ہی اور اگر آتش جو مین ملاکر نرم آتش
فرماوین دستون کو بند کردیتا ہے حس پانی بہی کا دو حصہ پانی مورد کا ایک حصہ تل کا
ایک حصہ جوش کرین جب پانی جلکر تیل باقی رہے آگ سے جدا کرین روغن بادزیون
استسقا کو نافع ہے حس برگ بادزیون پچاس تولہ پانی خالص چہانتک پونے دو سیر
مین بگہاوین کہ آدہا رہ جاوے ساڑہے آٹہہ تولہ روغن بادام اوسمین ڈالین اور جوش
کرین یہانتک کہ پانی جلکر روغن باقی رہے مقدار شربت ساڑہے تین ماشہ ساتہہ شیر خشت
اعرابی کے نافع ہے روغن بنفشہ و بادام سرد و تر ہے خارش کو ملنا نافع ہے اور
جوڑونکی سختی کو دور کرتا ہے اور ناخن پر ملنے سے حافظ اوسکا ہی اور دفع بیخوابی کرتا
حس مغز بادام شیرین کہ تلخ اوسمین کوئی بادام نہو دو پارہ کرکے خشک کرینا اور
آدہ پاؤ کم دو سیر مین جہانتک کم سیر بید مشک دو سیر ڈالین اور تر لپیٹکر پاس مین کنکر دس
دن تک درمیان بید کے رکہو دیوین بعد اوسکے بید مشک سے علیحدہ کرکے بنفشہ تازہ ملاوین اور

چار ماشہ رنگا ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھانکر سرکہ مین گوندھین اور قرص بنادین دوا کہ بال
جاتی ہے اوسے روانا اور سیاہ کرتی ہے ص بنجاسف برگ مورد کلونجی بریان برابر وزن کوٹکر
چھانکر روغن مورد یا روغن زیتون مین گوندہ کر استعمال کرین دوا کہ دانہ اور سب قسم
کی کیڑون کو شکم سے دور کرتی ہے ص کیلہ اور سرخ حب النیل بونے دو ماشہ درمنہ ترکی
سات ماشہ نسوت بامی رنگ چھیلے ہوے ہرایک ساڑھے تین ماشہ نمک ہندی چار رتی ڈیڑہ
چاول کوٹکر چھانکر شیر و شکر ملادین اور کہادین دوا دیگر کہ یہی خاصیت رکھتی ہے ص
بامی رنگ چھیلے ہوئے ساڑھے دس ماشہ نسوت سفید سات ماشہ کیلہ ساڑھے تین ماشہ حب النیل
نمک ہندی ہرایک پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ موئز منقی کے گوندھین اور تناول
کرین دوا کہ جو آگ پر رکھین دہوئین اوسکے سے جانور کاٹنے والے بہاگ جاوین ص زرنیخ
رومی گندک زرد سینگ گینڈے کا بادآورد برابر وزن سب کا چاہیے کہ زرنیخ کو چھوڑ
کر اور دواؤن کو کوٹکر چھانکر اوسمین گوندہین اور استعمال کرین دوا کہ پسینہ کو
جذب کرتی ہے ص برگ مورد برگ گل سرخ صندل گلاب مین جوش کرین اور
کپڑے رنگ کر پہنین دوا نافع ہے واسطے کان کے کیڑون کے ص شراب سات
ماشہ شہد ساڑھے دس ماشہ روغن گل ایک تولہ سفیدہ تخم مرغ دو عدد سب دواؤن
کو باہم مخلوط کرین اور ریشم پارہ اوسمین تر کرین اور نیمگرم کان مین رکھین اور اوس
طرف ایک گھنٹہ تکیہ رکھین بعد اوسکے ایکبارگی ریشم پارہ کان سے نکال لیوین کیڑے
باہر نکل آوینگے دوا کہ واسطے کاٹنے بچھو اور سانپ کے بالخاصیت نافع ہے ص برگ
شہتوت اور چونہ کو کوٹکر دنبہ کے روغن مین گوندہین اور اوپر محل زخم کے رکھین
درد کو فورًا تسکین دیتی ہے اور اگر سجّی کو ٹکر دوشاب مین گوندہ کر مقام پر کاٹے
ہوئے کے ملین درد موقوف ہوجاویگا اور اگر بچھو اوس روغن مین پکادین اور
صاف کرین جس کسیکو کہ بچھو کاٹے وہ روغن اوس جگہہ لگادین درد ساکن ہوجاوے اور

اگر سانپ شہد کے ساتھ روغن میں ملاوین جو لڑکا کہ شکم مادر سے باہر آوے اوس روغن سے
پونے دو ماشہ کام کو دیکھ مین ملین اگر تمام عمر بچھو اوسکو کاٹے درد مطلق نہ معلوم ہووے
اور اگر گدہے کی کان کا میل مقام پر بچھو کاٹے ہوے کے ملین درد موقوف ہو جاوے
اور اگر اوس بچھو کو جس نے کسیکو کاٹا ہو پکڑ کر اور نمک گھسکر روغن چراغ مین گرم کرین
اور زخم پر رکھین یہی عمل کرتا ہے اور اگر برگ انگور پکاوین اور مقام پر کاٹے ہوے
کے ملین اوسیوقت درد جاتا رہے اور اگر مغز اخروٹ اور انجیر اور لہسن کو ملکر چبا کر
اوپر زخم کاٹے ہوے سانپ کے ملین نافع ہو اور اگر سرکہ میش سرکہ مین ترکرین اور مقام
پر کاٹے ہوے کے رکھین درد ساکن ہو جاویگا **دوا** واسطے گندہ ہوجانے پاؤن کے
صں پھٹکری پانی مین حل کرین اور پاؤن اوسمین دہووین یا پاؤن پانی برگ مورد
یا سوسن مین دہووین مفید ہے **دوائے آتشک** پارہ کا کشتہ دو تولہ ساڑہے
سات ماشہ مہندی لادن مصطگی سورنجان ہر ایک سات ماشہ لسوت سفید ساڑہے
سترہ ماشہ تنفیشہ ساڑہے دس ماشہ روغن گل تین تولہ نو ماشہ روغن زیتون پانچ تولہ
ساڑہے سات ماشہ لیمو کا پانی ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ چربی بکری کی گیارہ تولہ تین
ماشہ اور اگر زخم اور دانہ ہووے نیلا تھوتہ سفید کاشغری مردار سنگ ہر ایک
سات ماشہ زنگار پونے دو ماشہ اضافہ کرین اور موافق دستور کے مرہم تیار کرین اور ملین **دوائے بیہوشی** اس دوا کے کہاتے ہی آدمی بیخود و بیہوش ہو جاتا ہے
صں افیون ساڑہے سترہ ماشہ خشخاش سیاہ تین تولہ آب خالص
ایک سیر ارتھائی چھٹانک مین جوش کرین کہ ڈیڑہ پاؤ آدہی چھٹانک رہجاوے
تین چھٹانک گیہون صاف کیے ہوے اوس مین پکاوین کہ پانی سب جل جاوے
گیہون نکالکر خشک کرین اور کوٹ کر نگاہ رکھین جس کسیکو بیہوش کرنا چاہین
ساڑہے چار ماشہ اس دوا سے کہلاوین فوراً بیخود اور بیہوش ہو جاویگا

دواے دیگر یہہ بہی بیہوش کردیتی ہے ص تخم کتوگران کا ہو ہرایک ساڑہے
دس ماشہ اجواین خراسانی خشخاش سیاہ ہرایک ایک تولہ ساہے دس ماشہ سب دواکو
کوٹکر چہانکر قوام مین قند سفید کے تیار کرین ساڑہے چار ماشہ اوس مین سے جسکو
کہلاوین بیہوش ہوجاوے دواے دیگر یہی خاصیت رکہتی ہے ص کالی مرچ
عاقرقرحا مویزج سونٹہہ ہرایک ایک حصہ جوا کہار ڈیڑہ حصہ کوٹکر چہانکر شہد مین گوندہکر
استعمال کرین دوا دوا کہ یہی عمل کرتی ہے ص خشخاش سیاہ تخم کا ہو ہرایک
ساڑہے سترہ ماشہ اجواین خراسانی ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ اور نسخہ دیگر
مین تو ماشہ ہی ہے جوش کرکے صاف کرین اور قند سفید مین قوام کرکے نگاہ
رکہین ساڑہے چار ماشہ مقدار خوراک ہے جو کوئی کہاوے بیہوش ہوجاوے اور
اگر چاہین کہ ہوشیار جلد ہوجاوے پرانا سرکہ گلاب مین پلاوین یا چہاچہہ گائے کے
دودہ کی ساتہہ برف مین سرد کرکے دیوین دوا کہ نافع ہے واسطے خشک خارش
اور گنج سر اور خارش تر کے ص پوست زرد ہڑ کا پودنے دو تولہ سنا مکی تناہہ
ہرایک سات ماشہ افسنتین رومی ساڑہے تین ماشہ کوٹکر چہانکر ساتہہ
کشمش کے ملاکر گوندہین خوراک برابر اخروٹ کے دوا کہ شہوت ردیہ
زنان حاملہ کی دفع کرتی ہے ص مصطگی ساڑہے تین ماشہ اگر دہونے دو ماشہ
زیرہ کرمانی چہہ رتی سوا دو چاول کوٹکر چہانکر ساتہہ گاقند تین تولہ کے
گوندہکر کہلاوین دوا کہ نافع ہے واسطے درد دانتونکے کہ بسبب سردی کے
ہو اور اس دوا کو تریاق الاسنان بہی کہتے ہین ص جندبیدستر نگ مرچ سیاہ
زراوند مدحرج سونٹہہ سلارس افیون اجواین خراسانی برابر کوٹکر چہانکر
شہد مین گوندہین اور روئی اوسمین لت کرکے دانتون پر ملین درد موقوف
ہوجاویگا دوا دانتونکے درد کو نافع ہے جو بسبب حرارت کی ہو ص افیون دو رتی ایجاول

چیانکر سونف کے پانی مین پالکر ذرور کرین ذرور رمادی خارش تر اور بیماری سبل
اور آنسو بہنے کو مفید ہے ص مامیران چینی ساڑہے تین ماشہ نیلہ توتہ پلا ہوا درمنہ ترکی
جلا ہوا اور پلا ہوا آنا تنبے کا برادہ دہویا ہوا مرمکی اصفہانی پلا ہوا ہر ایک تین تولہ کو ٹکر
چیانکر استعمال کرین ذرور روزدی سوزش سرخ اور شترہ تر اور قرحہ چشم کو نافع ہے
ص سفیداب ارزیز تین تولہ اقلیمیا نقرہ آٹھہ ماشہ تین چاول افیون آٹھہ رتی تین
چاول گوند ببول کا ساڑہے چار ماشہ چھہ چاول انزروت پونے دو ماشہ تانبا جلا ہوا
آٹھہ رتی تین چاول شادنج مغسول دو ماشہ چھہ چاول کوٹ کر چیانکر استعمال کرین
ذرور انزروت قرحہ کو پاک کرتی ہے ص نشاستہ ساڑہے دس ماشہ انزروت
سفیدہ کاشغری ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چیانکر ذرور کرین ذرور مقل بیاض چشم کو
نافع ہے اگر طبقہ قرنیہ مین نہو وے ص بیٹا ابابیل کی عاقرقرحا انزروت زنگار جہاگ
آبگینہ کی اقلیمیا کوٹ کر چیانکر شہد مصفی مین گوندہین اور استعمال کرین ذرور بہر کہ ضعف
نگاہ کو مفید ہے اور آنسو بہنے اور آنکہہ کے کہجلانیکو نافع ہے اور بوڑہونکو موافق ہے
ص نیلہ تہوتہہ دہویا ہوا تین تولہ پوست زرد ہڑ کا ایلوا پیپل ہا ہر ایک ساڑہے
ماشہ کالی مرچ سات ماشہ کوٹکر چیانکر استعمال کرین ذرور کہ آنکہہ کے درد کو
نافع ہے اور آنسو بہنے کو روکتا ہے اور سرخی کو دور کرتا ہے ص نیلہ تہوتہہ
دہویا ہوا اسفیدہ کاشغری نشاستہ کوٹکر چیانکر ذرور کرین ذرور ظفرہ
بیماری ناخنہ کو دور کرتا ہے ص شیاف مامیثا شادنج عدسی حماما ہر ایک دو رتی
شوا دو چاول سرمہ کالی مرچ زنگار ہر ایک ساڑہے تین ماشہ کوٹکر چیانکر ذرور
کرین ذرور دیگر نافع ہے واسطے ناخنہ اور سبل اور آنکہہ پلک اور
آنکہہ کی خارش کے ص اقاقیا گوند ببول کا ہر ایک ساڑہے دس ماشہ
زعفران کالی مرچ شنگرف ہر ایک ساڑہے سات ماشہ افیون سوا پانچ ماشہ

پیکر استعمال کرین ذرور دیگر واسطے آنکھ کے درد کے جو تیون کو اکثر ہوتا ہے مفید ہے حصص انزروت دودھ مین پلا ہوا چاکسو ہر ایک تین تولہ مامیران دم الاخوین ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین ذرور دیگر پیپل آٹھ رتی تین چاول زردچوب رسوت مرکی ہر ایک تین تولہ سمندر جھاگ ساڑھے تین ماشہ مامیران آٹھ رتی تین چاول ایلوا چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھانکر استعمال کرین ذرور سپیل نیلا توتہ دھویا ہوا نو ماشہ مامیران چینی سات ماشہ سمندر جھاگ رسوت ایلوا پیپل پوست زرد چوب کا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ انزروت دودھ مین پلا ہوا ڈیڑھ تولہ گوند ببول کا ساڑھے چار ماشہ کوٹ کر چھانکر ذرور کرین ذرور ریاض تج پات پونے دو تولہ تانبا جلا ہوا سرمہ اصفہانی برادہ جست کا جلا ہوا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ شادنج عدسی مغسول مرکی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ صدف سوختہ یعنی سیپ جلی ہوئی مامیران چینی ہر ایک سات ماشہ پیکر استعمال کرین ذرور کافوری امدادر حرارت چشم کو نافع ہے صدف جلی ہوئی موتی بلا سوراخ ہر ایک سات ماشہ نشاستہ ساڑھے تین ماشہ کافور آٹھ رتی تین چاول پیکر استعمال کرین ذرور ذریعہ گوشت جماتا ہی زخم سے خون بہنے کو باز رکھتا نکسیر کو بند کرتا ہے حصص انزروت مرکی کندر دم الاخوین برابر وزن کوٹ کر چھانکر استعمال کرین ذرور کہ یہی خاصیت رکھتا ہے حصص انزروت دم الاخوین مرکی کندر گلنار فارسی گیرو پونے دو ماشہ سوہاگا بریان صاف کی ہوئی ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر ذرور کرین ذرور کہ گوشت فاسد کو کھا لیوے اور زخم کا کھول یوے اور زرداب کو جذب کر دیوے حصص انزروت چودہ ماشہ دم الاخوین سات ماشہ کل مختوم مردار سنگ مرکی کندر ہر ایک سوا پانچ ماشہ گیرو شیاف ماميثا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زراوند مدحرج ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین ذرور

کہ خروج مقعد میں نمونہ نکلنے کو نافع ہے اور نتو مقعد اور رحم کو مفید ہے صص سفیداب ارزیز گلنار پیسکر ہی جفت بلوط مازو سب سبز کو نکر چھانکر مقعد کو روغن گل مین چکنا کرین اور اوپر اوسکے چھڑکین ذرور دیگر استرخا مقعد کو نافع ہے صص جفت بلوط مازو پوست کندر ورمنہ ترکی جلی ہوئی شاخ گوزن جلا ہوا مرداسنگ سیپ جلی ہوئی اٹلیہ یا برابر پیسکر ذرور کرین ذرور دیگر کہ یہی خاصیت رکہتا ہے صص جفت بلوط گلنار جوز السرو کاغذ جلا ہوا ہر ایک ساڑہے تین ماشہ کو ٹکر چھانکر اوپر مقعد کے چھڑکین ذرور جو شخص کہ گرم تیل یا اور کسی چیز سے جلجاوے یا آگ سے جسم سوختہ ہوجاوے اوسکو یہہ ذرور بہت نافع ہے صص مرداسنگ چونہ مقداری ہر ایک قدرے کوٹین اول مقام جلی ہوے کو روغن گل سے چکنا کرین بعد اوسکے ان دواؤنکو اوسپر چھڑکین تین دن مین اچھا ہوجاویگا

باب الراء

روغن قسط فالج اور لقوہ اور معدہ اور جگر سرد کو نافع ہے نسیان بالوں کی نگاہ رکہتا ہے اور پٹھون کو جسم کے قوت دیتا ہے صص کوٹ تین تولہ کالی مرچ انیسون ہر ایک ساڑہے دس ماشہ عاقرقرحا چودہ ماشہ جند بیدستر پونے نو ماشہ شراب پرانی اونتیس تولہ دو ماشہ روغن زیتون چودہ تولہ سات ماشہ کوٹ کالی مرچ عاقرقرحا کو کوٹ کر رات کو شراب مین بھگو دیوین صبح کو جوش کرین جب آدہا وزن رہے تیل زیتون کا ملاوین اور یہانتک پکاوین کہ شراب جلجاوے اور روغن باقی رہے آگ پر سے اوتار کر جند بیدستر اور فرفیون کوٹ کر چھان کر شامل کرین روغن قسط دیگر درد جگر اور معدہ سرد اور مفاصل اور استرخا کو نافع ہے صص سیاہ چیراتیہ بالچہڑ تج پات سلارس سوسن کی بیخ مرتج جیسد بلا کوٹ ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ راسن خشک

سائنجہ و بلسان ہر ایک تین تولہ مرکی انزروت ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ سب دواون کو نیمکوب کرین اور سوا دو سیر پانی خالص مین پکاوین کہ ایک تہائی باقی رہے پہر بعد صاف کرنے کے
چہانکر تین پاؤ تل کا تیل ڈالکر جوش کرین جب کہ پانی جلجاوے اور تیل باقی رہے آگ سے
اوتار کر نگاہ رکہین روغن قسط بنوع دیگر موافق نسخہ پیٹ کے مرد بیماریون کو
مفید ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور پٹہونکو قوت دیتا ہے ص لونگ سلیخہ ہر ایک
تین تولہ پٹہا چرایتہ بالچہڑ تج پات تج چہڑیلا جند بید ستر کوٹ ہر ایک
پانچ تولہ دس ماشہ بنفشہ کی جڑ آٹہ تولہ نو ماشہ زرنجبیر ایک تولہ پونے
سات ماشہ تل کا تیل چہانا ہوا ڈیڑہ سیر بدستور مشہور کے تیار کرین
روغن شونیز یعنے کلونجی کا تیل فالج و لقوہ اور تشنج کو فائدہ دیتا ہے
ص کلونجی پانچ تولہ دس ماشہ مغز بادام تلخ آٹہ تولہ نو ماشہ کوٹکر
اور تیل اوسکا کہینچین روغن افسنتین معدہ اور جگر اور اعضا کو قوت دیتا ہے
ص روغن زیتون یا روغن بادام تلخ یا اخروٹ یا روغن کدو آدہی چہٹانک
کم آدہ سیر افسنتین رومی تازہ اوسپر ڈالکر شیشہ مین رکہکر چالیس دن تک دہوپ
کے نیچے لٹکائین روغن فرفیون سب دردون کو جو بسبب سردی کے ہون دور
کرتا ہے اور فالج اور استرخا کو فایدہ پہونچاتا ہے ص کوٹ تین تولہ گندہ
گیارہ تولہ آٹہ ماشہ جند بید ستر ساڑہے سترہ ماشہ پودینہ پہاڑی خشک سات
تین تولہ عاقرقرحا دو تولہ مویزج ساڑہے دس ماشہ سبکو نیمکوب کرکے ڈیڑہ
کم ڈیڑہ سیر پرانی شراب مین پکاوین کہ تین حصہ جلجاوے اور ایک حصہ باقی
رہے روغن خیری آدہا وزن اوسمین ڈالین اور آگ پر رکہین کہ شراب
جلجاوے اور روغن باقی رہے پس پانچ تولہ تین ماشہ روغن مذکور
سات ماشہ افیون تازہ ملا دین اور ایک جوش دیکر نگاہ رکہین روغن

اور چند روز نیچے جامہ خواب کے رکھین کہ خوشبو اوسکی خوب بس جاوے بعد اوسکے
معاق لگا دیوین کہ خشک ہو جاوے بنفشہ علاحدہ کرین اور اگر بنفشہ تر بنفشہ
تازہ دستیاب رہین بہتر ہوگا پھر روغن اوسکا موافق دستور کے کھینچین **روغن گل و بادام**
معتدل ہے حرارت اور برودت مین دماغ کو نافع فہم زیادہ کرتا ہے اور اسہال مراری کو بند
رکھتا ہے اور درد سر گرم کو فائدہ بخشتا ہے اور جو پانی سرکہ مین ملا دین خارش خشک و تر کو مفید
وصفت اوسکی مانند روغن بنفشہ اور بادام کے ہے یعنی بجاے بنفشہ گلاب کے پھول لیوین
مثلاً ہر آدہ پاؤ کم دو سیر بادام شیرین مین آدہ پاؤ کم دو سیر گلاب کے پھول داخل کرین
روغن گل سرخ و سفید و شقائق و زنبق و یاسمین و نرگس و سداب و شبت و بابونہ
اور جو چیز کہ تازہ ہو دستور یہ ہے کہ شیشہ مین کرین اور سورج کے نیچے ایکدن
لگائے رکھین دوسرے روز روغن اوسکے اوپر ڈالین اور پھر آفتاب مین رکھین
روغن آجر کہ اوسکو دہن المبارک بھی کہتے ہین خواص بہت رکھتا ہے گرم
زیادہ اور لطیف زیادہ لفظ سفید سے ہوتا ہے سرد بیماریون کو نہایت مفید ہے
اور واسطے کاٹی ہوئے بچھو کے یا جس شخص نے افیون یا اجوائن خراسانی کھائی ہو
بہت نافع ہے **صفت** اینٹ کہ اثر پانی کا اوسکو نہ پہونچا ہو آگ مین ڈالین کہ سرخ ہو جاوے
روئی سے پکڑ کر روغن زیتون مین ڈالدیوین بعد اوسکے باہر نکالکر ٹکڑے ٹکڑے کرین
اور شیشہ مین کہ گلحکمت کر رکھا ہو بھرین اور موںھہ پر اوس شیشہ کے گھوڑے کے بال
لگا دیوین اور ایسے برتن مین رکھین کہ نیچے اوسکے سوراخ ہو آگ دیگر نیچے اوس شیشہ
کے کوئی برتن رکھین جسقدر تیل اوسمین ٹپکے نگاہ رکھین یہ **روغن سورنجان** جوڑون کے
درد کو نافع ہے **صفت** سورنجان مصری پانی اجمود تازہ کا ہر ایک تین تولہ نو ماشہ میٹھا چرایتہ
ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ سورنجان اور میٹھی چرایتہ کو کوٹکر بھگو دین کہ بھرا ہو جاوے صاف کرکے پانی
اجمود کا اور اضافہ کرین اور پچاس تولہ روغن زیتون مین جوش کرین جب پانی جلجاوے روغن باقی

رہے آگ سے جدا کرکے نکالکر رکھیں روغن کراث بواسیر کو نافع ہے پانی گندنا
کا چھٹانک کم سیر تل کا تیل آدھی چھٹانک کم آدھ سیر ساتھ تین تولہ گوگل کے پکاوین جب
پانی جلکر تیل رہجاوے اوتار لیوین روغن تاتورہ واسطے بہہ گئے منی کے لیئے
بی نظیر ہے یعنی جو شخص جلد منزل ہوتا ہوی اگر پاؤنکے تلوونکو اس تیل سے چکنا کریگا
مسک نہایت ہوگا صں دہتورہ ہندی چھیل کر پوست سے بخوبی صاف کرکے
درمیان شیشہ گردن دراز کے رکھیں اور منہ پر شیشے کے بال گہوڑے کے لگا دیوین اور
شیشے کو گلحکمت کرین اور ایک بڑی برتن کے تلے مین سوراخ کرکے سر شیشی کا اوس
سوراخ مین کرین اور نیچے سر شیشے کی پیالہ رکھین اور برتن مذکور کو اوپر سے پایہ کے
رکھکر آگ شیشے کے اوپر جلاوین اندر پیالہ کے جسقدر تیل ٹپکے نکالکر رکھین روغن عقرب
بچھری مثانہ کے ٹکڑے ٹکڑے کرکے باہر نکالدیتا ہے صں ریوند چینی موتہا جنطیانا پوست
بیخ کبر ہر ایک دو تولہ ونو ماشہ روغن بادام تلخ آدھی چھٹانک کم آدہ سیر سب دوا ونکو
شیشے مین رکھین اور روغن اوپر سے ڈالکر سات دن سورج کے نیچے رکھین بعد اوسکے صاف
کرکے دس بچھو زندہ اوسمین ڈالین اور منہ شیشے کا بند کرکے سات دن اور نیچے سورج کے
رکھین پہر صاف کرین بروقت حاجت کے دو قطرے اس روغن سے احلیل مین ٹپکاوین
روغن زعفران اعضاے رحم اور تشنج بلغمی کو فائدہ دیتا ہے اور سب بیماریون
سرد بلغمی کو نافع ہے حرارت عزیزی کو بہڑکاتا ہے صں زعفران پونے دو تولہ مرکی
میٹھا چرائتہ ساڑھے ستره ماشہ قرومانا پونے دو تولہ مرکی کو سرکے مین بھگو دیوین اور میٹھا
چرائتہ او زعفران کو جدا جدا روز تک کہ مین تر رکھین پانچوین روز قرومانا سرکہ مین بھگو دیوین
اور آٹھوین روز ساتھ پانچ سیر تل کے تیل کے آگ پر رکھکر جوش دیوین جب سرکہ جلجاوے روغن
باقی رہے اوتار لیوین روغن ناردین قانون سے منقول ہے قولنج اور درد جو کہ
بسبب ریح کے ہو نافع ہے اعضا کو مفید ہے اور سب دردونکو جو بسبب سردی کے ہوا نفع کرتا ہے

فائدہ بخشتا ہے اور ریاح غلیظ کو دفع کرتا ہے اور کان کے درد کو دور کرتا ہے اور
جو ناک مین ٹپکاوین درد سر اور آدھا سیسی کو جو بسبب سردی کے ہو مفید ہے اور رنگ
صاف اور زنگ کرتا ہے اور رحم کو گرم کرتا ہے اور جو احلیل مین ٹپکاوین مثانہ کی
بیماریون کو فائدہ بخشتا ہی اور یہ روغن سب روغنون سے افضل اور اشرف ہی
ص میٹھا چرایتہ موتھا برگ غار عود بلسان لاکہ تیج پات برگ مورد اذخر ابحل
راسن قردمانا مرزنجوش برابر وزن کوٹ کر شراب اور پانی مین بھگوو دین ایک رات
دن دوسرے روز صاف کرین اور ساتھ تل کے تیل کے پکاوین کہ پانی جلکر روغن
رہ جاوے اوتار لیوین روغن نار دین دیگر ورم سخت معدہ کو مفید ہے ص
روغن بان آدھی چھٹانک کم آدہ سیر بالچھڑ ایک تولہ پانچ ماشہ مصطگی موتھا کوٹ اذخر کی
میٹھا چیہا ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹکر شیشے مین کرین اور مہر اوسکا مضبوط باندہین اور
سات روز تک سورج کے نیچے رکہین بعد اوسکے صاف کرین پہر دوبارہ سب دوائین
اوسمین ڈالین ایسے ہی تین مرتبہ بعد اوسکے صاف کرکے استعمال فرماوین باد العقارب
رالعہ بچھو کی گردہ اور مثانہ کی پتھری کو نکالتی ہے ص بچھو کو زندہ پکڑکے شیشہ مین رکہین اور
اوپر سے گل حکمت کرین اور جیہ گھنٹہ تک تنور مین رکہین پہر باہر لاوین کوٹکر پیسین پکر چار رتی ڈیڑہ چاول استعمال کرین

باب الزا

زرعونی بہشت اور گردے کو مضبوط کرتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور بلغم کو دفع
کرتی ہے اور دہن کو خوشبو دیتی ہے اور پانی منہ کو جانے سے باز رکھتی ہے اور ریاح توڑتی ہے
درد ریگ مثانہ کو مفید ہے اور منی زیادہ کرتی ہے ص اجمود گاجر کے بیج شلجم کے بیج سویا
جاوین سونف خربوزے کے بیج ککڑی کے بیج کہیرے کے بیج اجمود کی جڑ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
باقرقرحا تج زعفران اگر خام ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ جاوتری لونگ کباب چینی اجزبیل
ان ہر ایک ساڑھے دس ماشہ ساڑھے چار ماشہ شہد خالص تین وزن

سونٹھ پیپل بڑی الایچی چھوٹی الایچی دارچینی زعفران ہرایک ساڑھے دس ماشہ مصطگی ساڑھے سترہ ماشہ نسوت سفید آٹھہ تولہ نوماشہ سقمونیا تین تولہ مقدار شربت ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ سے دو دو تولہ ساڑھے سات ماشہ تک ہی اور ساتھہ پانی گرم کے وہ اچھی قولنج کے نافع ہوگی سفرجلی تابستانی گرم مزاج والونکو موافق ہے اور گرمی کے موسم مین بھی دیسکتے ہین اسیوا سطی محمد زکریا طبیب نے اسکانام سفرجلی تابستانی رکھا ہے ص سقمونیا پوسفے نوماشہ نسوت سفید تین تولہ مغز تخم خیار مغز تخم کدو ہرایک ساڑھے سترہ ماشہ گلاب کی پھول بسلوچین ہرایک پوسفے نوماشہ ترنجبین افشردہ بھی ہرایک چھہ تولہ سات ماشہ جوش کرین یہانتک کہ ترنجبین کا قوام ہوجاوے بعد اوسکی اور سب دوائیاں کوٹکر چھانکر اوسمین گوندہین یہ تمام نسخہ دس خوراک ہی سفرجلی ممسک دستون کو بند کرتی ہی اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور قی کو دفع کرتی ہے اور رنگ نکھارتی ہے اور بھوک کھانیکی پیدا کرتی ہے ص بہی صفاہانی پوست اور دانہ سے پاک کی ہوئی آدہی چھٹانک کم آدہ سیر سرکہ مین پکاوین کہ مہرا ہوجاوے بعد اوسکے کوٹین اور آدہی چھٹانک کم آدہ سیر شہد خالص اوسمین ملاکر جوش کرین کہ قوام ہوجاوے ان دواؤنکو کوٹکر چھانکر گوندہین پیپل سونٹھہ کالی مرچ ہرایک چودہ ماشہ اجمود کے بیج اجوائن زعفران ہرایک سات ماشہ خوراک نوماشہ سنجبنیا ریاح غلیظ کو دفع کرتی ہے اور دانتوں درد کو ساکن کرتی ہے اور قولنج اور تنگی بول بلغمی کو مفید ہے سدۂ جگر کھولتی ہے اور سختی جگر کو تحلیل کرتی ہے اور معدہ کو گرم کرتی ہے اور بدہضمی کو نافع ہے اور سرد مزاج والون کو موافق ہے ص جندبیدستر دارچینی افیون اسارون یعنی تگر مجیٹھہ دوقو قوہرایک ایک تولہ کالی مرچ گندہ بیروزہ کوٹ ہرایک چھہ درم زعفران پوسفے دوماشہ اول گندہ بیروزہ کو شہد مین پگھلاوین اور دوائیاں کوٹکر چھانکر اوسمین گوندہین اور بعد چھہ مہینے کے استعمال کرین خوراک سوا دو ماشہ سے سات ماشہ تک

پانی گرم کے ساتھ سکنجبین سادہ صفرا کو دفع کرتی ہے گرم مزاج والونکو موافق ہے
اور تیز تپ اور جگر گرم کو مفید ہے تشنگی دور کرتی ہے سدہ کھولتی ہے پیشاب جاری کرتی ہے
ص قند سفید چہٹانک کم سیر دیگ مین گھڑا ہائی پاو سرکہ صاف اوسکے اوپر ڈالین
اور جوش کرین کہ قوام ہوجاوے بعد اوسکے پونے تین تولہ گلاب ملا کر تیار کرین ٭
سکنجبین بزوری سرد سدہ جگر کھولتی ہے پیشاب جاری کرتی ہے استسقا اور
تیز تپ کو نافع ہے اور پیاس بجہاتی ہے ص پوست کاسنی کی جڑ کا تین تولہ خربوزہ کے
بیج کھیرے کے بیج ککڑی کے بیج ہر ایک ساڑہے ستر ہ ماشہ نیکوب کرکے پانی اور اڑہائی پاو سرکہ مین
ایک رات دن بھگوین دوسرے دن جوش دیکر صاف کرین اور چہٹانک کم سیر قند سفید
کا قوام دیکر اوسکے اوپر ڈالین اور دوبارہ قوام کرین سکنجبین بزوری گرم سدہ
جگر اور سدہ معدہ کھولتی ہے پیشاب بہاتی ہے اور فضول معدہ نکالتی ہے اور صاحب
استسقا کو بہت مفید ہے ص تخم کاسنی تخم اجمود تخم کشوث سونف دیسی سونف رومی
ہر ایک ساڑہے ستر ہ ماشہ پوست سونف کی جڑ کا پوست اجمود کی جڑ کا بیخ کبر ہر ایک تین
تولہ پانی اور سرکہ مین بھگو دیوین جس قدر کہ مذکور ہوئے بعد اوسکی چہٹانک کم سیر قند سفید ملا کر قوام
کرین سکنجبین بزوری یرقان اور درد جگر کو کہ گرمی سے ہو مفید ہے ص تخم کاسنی کوفتہ
پانچ تولہ دس ماشہ تخم خشخاش تخم کشوث ہر ایک تین تولہ ریوند چینی ساڑہے ستر ہ ماشہ اول ریوند چینی
کو کوٹکر ایک پوٹلی مین باندہین اور ساتہ اور دواؤنکے آدہ پاؤ کم دو سیر پانی مین جوش
کرین اور تہوڑا تہوڑا اوس پوٹلی کو ہاتہہ سے ملتی رہین یہانتک کہ شیرہ بالکل اوسین
نکل آوے بعد اوسکے صاف کرکے قند سفید چہٹانک کم سیر اور سرکہ تیار دو تولہ مین
جوش دیوین کہ قوام ہوجاوے خوراک چار تولہ ساڑہے چار ماشہ ساتہہ بدرقہ گلاب ساڑہے
ستر ہ ماشہ کے سکنجبین ریوندی بنوع دیگر درد جگر کو مفید ہے سدہ کھولتی ہے اور تپ
دور کرتی ہے ص ریوند چینی آدھہ تولہ نو ماشہ نسوت سفید لسفائج تخم کاسنی نیکوفتہ ہر ایک

پانچ تولہ دس ماشہ غاریقون نعنع بیل ساڑہے سترہ ماشہ سب دواؤنکو آدہ پاو کم دو سیر
پانی مین پکاوین بعد اوسکے سونٹھ گیارہ ماشہ چار رتی تین چاول کونکر اضافہ کرین
اور صاف کرکے اڑہائی پاؤ سرکہ خالص اور چہٹانک کم سیر قند سفید مین جوش دیوین
سکنجبین بزوری معتدل شدہ جگر اور طحال کو دہوتی ہے پیشاب جاری کرتی ہے
اور مرکب پتون کو نافع ہے ص تخم کاسنی سونف دیسی تخم اجمود ہر ایک دس ماشہ
خربوزہ کے بیج خیارین کے بیج ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ پوست کاسنی کی جڑ کا پوست
سونف کی جڑ کا ہر ایک پانچ تولہ سب دواؤنکو نیمکوب کرکے چہٹانک کم ڈیڑہ سیر پانی
خالص اور دو تولہ چار ماشہ سرکہ مین ایک رات بہگو دیوین بعد اوسکے جوش کر کے
چہٹانک کم سیر قند سفید مین قوام کرین سکنجبین رمانی تپ محرقہ اور جگر اور معدہ گرم کو
مفید ہے پیاس بجہاتی ہے ص پانی انار شیرین کا پانی انار ترش کا ہر ایک آدہی چہٹانک
کم آدہ سیر جوش کرین بعد اوسکے قدری زرشک اور سرکہ خالص اڑہائی پاو قند سفید
چہٹانک کم آدہ سیر اضافہ کرکے جوش دیوین کہ قوام ہوجاوے اور اگر عوض سرکہ کے
املی داخل کرین مناسب ہے سکنجبین سفرجلی معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے اور سدہ
جگر کہولتی ہے کہانا ہضم کرتی ہے نقاہت کو نافع ہے ص پانی بہی کا صاف کیا ہوا چہٹانک
کم سیر سرکہ خالص اڑہائی پاو قند سفید چہٹانک کم سیر جوش کرکے قوام کرین اور اگر بجائی سرکہ
کی پانی لیموں کا ملا دیوین بہتر ہوگا سکنجبین لیموئیہ یہی خاصیت رکہتی ہے ص پانی بہی کا اٹہائیس
تولہ نو ماشہ سرکا گلاب پانی لیموں کا ہر ایک گیارہ تولہ تین ماشہ قند سفید چہٹانک کم سیر جوش
کرین اور قوام دیکر نگاہ رکہین سکنجبین فی پکر سختی طحال کو نافع ہے ص ریوند چینی غاریقون
مجیٹہ پوست کبر کی جڑ کا پوست درخت بید کی جڑ کا مائین اکاس بیل غافث کاسنی ہر ایک دو تولہ
گیارہ ماشہ اڑہائی پاؤ سرکہ اور پانی مین بہگو کر جوش کرین اور ہمراہ چہٹانک کم سیر قند سفید کے
قوام کرین سکنجبین فی جگر کہ حرارت خمار اور صفرا کو مفید ہے صفراوی دستون کو باز رکہتی ہے اور

جسکی آنکھ مین آبلہ پیدا ہوا ہو اوسکو بھی یہ سکنجبین نہایت نافع ہے صص سرکہ پرانا اور گلاب
ہر ایک آدھ پاؤ برگ گل سرخ چھ تولہ سات ماشہ گلنار پانچ تولہ دس ماشہ کو جو کوٹ کر سرکہ
اور گلاب مین تین رات دن بھگو دیوین بعد اوسکے جوش کرکے صاف کرین اور چھٹانک کم
سیر قند سفید مین قوام دیکر نگاہ رکھین سکنجبین افتیمونی مالیخولیا اور مرگی کو نافع ہے اور وحشت
طبیعت کی دور کرتی ہے صص افتیمون دو تولہ گیارہ ماشہ بسفائج تربد سفید ہر ایک نو
دو تولہ گاؤزبان ہنسراج بیخ سوسن آسمانی تخم کاسنی تخم کشوث پوست کاسنی کی جڑ کا ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ ورق گل سرخ لکرونند ہر ایک چھ تولہ دو ماشہ بادرنجبویہ فرنجمشک بادرنجبویہ
نرکچور درونج عقربی بہمن سرخ بہمن سفید تیج پات چھوٹی الائچی بالچھڑ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
گلقند آفتابی برابر وزن سب دواؤنکے اول چاہیے کہ ان سب دواؤنکو سرکہ اور پانی
خالص مین ایک رات دن بھگو دیوین بعد اوسکے جوش کرکے ساتھ قند سفید کے چھٹانک
کم سیر کے قوام کرین سکنجبین افتیمونی بنوع دیگر اسطوخودوس سونف دیسی تخم شاہترہ
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ افتیمون بسفائج سنا پوست کابلی ہڑ کا ہر ایک دو تولہ
گیارہ ماشہ نیم کوب کرکے چودہ تولہ سات ماشہ سرکہ مین بھگو دین اور آدھی
چھٹانک کم آدھ سیر قند سفید مین قوام کرکے نگاہ رکھین سکنجبین بزوری یعنی بیجہم
استسقا اور سختی طحال اور ورم سخت جگر کو نافع ہے اور سدہ کھولتی ہے صص سونف
دیسی سونف رومی سونف کی جڑ کاسنی کی جڑ بیخ کبر زوفا خشک مجیٹھ غافث
افسنتین رومی ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ اجمود تخم کشوث پوست اجمود کی جڑ
کا چھلکا بالچھڑ تگر ہر ایک دو تولہ سرکہ خالص ڈیڑھ پاؤ مین بھگو دین اور ہمراہ چھٹانک
کم سیر قند سفید کے قوام کرین سکنجبین عنصلی تنگی سانس اور مرض ربو اور گرانی
بلغمی کو مفید ہے صص سرکہ پیاز جنگلی آدھ پاؤ شہد صاف کیا ہوا چھٹانک کم سیر باہم
جوش کرکے قوام کرین سکنجبین دیگر استسقا اور درد پہلو کہ سردی سے ہوا

کھانسی بلغمی اور تنگی سانس کو نافع ہے اور سدہ جگر اور طحال کو کھولتی ہے اور بچہ مردہ کو
باہر لاتی ہے ص سرکہ پیاز جنگلی کا چھٹانک کم سیر سونٹھ سونف دیسی سونف رومی ہینگ
ساذج حاشا پودینہ جنگلی ہر ایک تین تولہ اجمود زیرہ کرمانی قرومانا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
دواؤن کو کوٹکر ملاکے سرکہ مذکور اور شہد خالص اڑہائی پاؤ مین بھگو دین اور چالیس
روز تک سورج کے نیچے رکھین بعد اوسکے صاف کرکے نگاہ رکھین بعد کھانا کھانیکے پونے
نو تولہ استعمال کرین سرکہ عنصلی عنصل پیاز جنگلی کو کہتے ہین اسکے سرکہ سے اگر کلی کرین
دانتونکی جڑون کو سخت اور مضبوط کرتا ہے اور واسطے عرق النسا اور تنگی سانس اور زہرو
کو مفید ہے اور دہن مین خوشبو کرتا ہے ص حاصل کرین پیاز جنگلی اور کارد چوبین سے
چھیل کر ایک دو ٹکڑے مین پرو دین اور چالیس روز سایہ مین سکھاوین بعد اوسکے ایک
برتن مین رکھین مثلا اگر چھٹانک کم سیر پیاز مذکور ہووے تو ساڑھے آٹھ سیر سرکہ اوسکے
اوپر ڈالین اور دو مہینے تک سورج کے نیچے رکھین سفوف طباشیر دل کی گرمی کو مفید ہے
ص گلاب کے پھول بنسلوچن ہر ایک ساڑھے دس ماشہ دہنیا سات ماشہ پست جو سوتی
بلا سوراخ کہربا ہر ایک پونے دو ماشہ کافور چار رتی ڈیڑہ چاول مقدار شربت سات ماشہ
سکنجبین سفرجلی کے ساتھ کھاوین سفوف درونج خفقان سرد کو نافع ہے ص
درونج عقربی گاؤزبان ہر ایک پونے دو تولہ زرنجبیل سات ماشہ کوٹکر چھان کر سفوف
کرین خوراک ساڑھے چار ماشہ ساتھ پرانی شراب یا پانی شہد کے سفوف عود معدہ سرد
اور تر کو فائدہ رکھتا ہے ص لونگ کباب چینی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ بالچھڑ مصطگی ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ عود خام پانچ تولہ دس ماشہ شکر طبرزد برابر وزن سب دواؤنکے خوراک ساڑھے
چار ماشہ ہمراہ تین تولہ گلقند کے سفوف قاقلہ ہونیک عورتون حاملہ کی جو رغبت طرف مٹی
وغیرہ کے ہوتی ہے دور کرتا ہے ص بڑی الائچی چھوٹی الائچی کباب چینی برابر وزن سفید سکر
مساوی سبکی خوراک سات ماشہ ساتھ پانی گرم کے سفوف خمار تخم کاسنی کزبرہ خشک سماق

عدس مقشر گلاب کے پہول ہندلوچین برابر وزن کو ٹکر چہانکر سفوف کرین ساڑہے دس ماشہ
ہمراہ کافور برابر دو چوکے انار کے پانی مین گہول کر نوش فرمادین **سفوف کرنب**
جلد منزل ہونے کو نافع ہے صں تخم کرنب مغز بادام شیرین مغز بادام تلخ پودینہ ہر ایک ساڑہے
دس ماشہ اجوائن تلی زیرہ ہر ایک ساڑہے تین ماشہ کو ٹکر چہانکر پانی انار مین گہولکر کہاوین
خوراک ساڑہے دس ماشہ **سفوف انیسون** ریاح معدیکو دفع کرتا ہے اور معدیکو خلطون
غلیظ سے پاک کرتا ہے صں اجوائن اجمود ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ کندر چودہ ماشہ تنگوفہ
اذخر کوٹ مصطگی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ سپندان سفید آٹہہ تولہ نو ماشہ کو ٹکر چہانکر قند
مین گوندہین خوراک ساڑہے سترہ ماشہ **سفوف جوز بلغی** دستونکو باز رکہتا ہے صں انزروت
بریان ساڑہے دس ماشہ اجوائن ساڑہے تین ماشہ کندر پونے دو ماشہ کو ٹکر چہانکر ساتھ
پانی نیم گرم کے تناول کرین **سفوف تقلیاثا** بواسیر اور آنتون کے درد کو مفید ہے
اور پرانے دستون اور پیچش اور ضعف معدیکو نافع ہے صں تخم ترہ تیزک پانچ تولہ دس ماشہ
زیرہ کرمانی سرکہ مین بہگو کر اور خشک کر کے اور بہونکر ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ
انیسون تخم گندنا کالی ہڑ روغن زیتون مین بریان کر کے ہر ایک نو ماشہ مصطگی ساڑہے چار ماشہ
سوائے تخم ترہ تیزک کے سب دواؤن کو کوٹکر سفوف کرین خوراک سات ماشہ ساتھ
پانی سرد کے **سفوف سلسل البول** کو نافع ہے صں بلوط چودہ تولہ سات
ماشہ کندر آٹہہ تولہ نو ماشہ دہنیا بہونا ہوا گیرو گوند ببول کا ہر ایک سات ماشہ گلنار
فارسی مُری مالین ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ خوراک ساڑہے دس ماشہ **سفوف کہ**
یہی خاصیت رکہتا ہے صں موتہا کلیجن زیرہ کشاہ بلوط تخم مورد برابر وزن کوٹکر
چہانکر تیار کرین **سفوف نمک** معدہ اور جگر اور درد مفاصل کو نافع ہے اور ان
بیماریون کو جو امتلا کی وجہ سے عارض ہون مفید ہے صں کہانے کا نمک پونے نو تولہ
مرچ سفید پانچ تولہ دس ماشہ سونٹہہ تین تولہ اڑہائی ماشہ سونف رومی دو تولہ ترہ تیزک اجوائن

نوسادر کالی مرچ پودینہ ہر ایک تین تولہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے
دس ماشہ ساتھ پانی گرم کے **سفوف اہلیلہ** ورم جگر کو مفید ہے صں کالی ہڑ پوست
کابلی ہڑ کا ہر ایک گیارہ تولہ آٹھ ماشہ اجمود سونف دیسی سونف رومی ہر ایک ساڑھے
سترہ ماشہ کوٹ کر چھانکر نگاہ رکھیں خوراک ساڑھے دس ماشہ اونٹنی کے دودھ کے ساتھ
سفوف دیگر ورم جگر کو فائدہ دیتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے صں تخم خربزہ تخم
خیارین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کاسنی کے بیج کشوث کے بیج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اجمود
سونف دیسی سونف رومی ستّ ملٹھی کا ہر ایک سات ماشہ افشردہ زرشک چودہ ماشہ
ریوند چینی ساڑھے چار ماشہ لاکھ دہوئی ہوئی دو ماشہ چھ چاول زعفران پانچ مصطگی
افسنتین رومی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کافور آٹھ رتی تین چاول کوٹ کر چھانکر سفوف کریں
خوراک ساڑھے دس ماشہ **سفوف فربہی** نخود سفید چودہ تولہ سات ماشہ سرکہ اور قدرے
پانی میں ایک رات دن بھگو رکھیں بعد اوسکے خشک کرکے چاول دہو کر سکھاویں اور نان
میدہ سکھاویں ہر ایک آٹھ تولہ نو ماشہ مغز بادام چھیلے ہوئے ساڑھے سترہ تولہ کشک جو شکر
گندم خشخاش سفید ہر ایک پونے نو تولہ شکر طبرزد آدہی چھٹانک کم آدہ سیر سبکو کوٹ کر سفوف
کریں صبح کے وقت پونے نو تولہ دودہ تازہ کے ساتھ پھانک لیا کریں سفوف مہو دی
واسطے حیض کے مجرب ہے صں تخم ترہ تیزک بہونا ہوا اسپغول بہونا ہوا ابہل بہونا ہوا ہر ایک
دو تولہ زیرہ کرمانی تخم گندنا تخم سویا تخم خشخاش تخم اجمود سونف رومی اجواین خراسانی
ہر ایک پونے نو ماشہ افیون گیارہ ماشہ ڈیڑہ چاول کوٹ کر چھانکر سفوف کریں سفوف
خون تھوکنے کو مفید ہے صں نبسلوچن گلاب کے پھول گیرو گل مختوم شادنج عدسی تخم خرفہ
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کہربا مونگے کی جڑ موتی بلا سوراخ خشخاش سفید ستّ ملٹھی کا اقاقیا نشاستہ
ریشہ برگد ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اسبغول دو تولہ چار ماشہ افیون سات ماشہ سوائے اسبغول
کے سب دواؤں کو کوٹ کر چھانکر سفوف کریں خوراک سات ماشہ مینہ کے پانی کے ساتھ یا پانی برگ

تر ذنک اور اگر حرارت قوی ہو تو ساڑھے دس ماشہ گشنیز اضافہ فرماویں **سفوف**

حب الرمان ضعف معدہ اور اسہال صفراوی کو نافع ہے **صں** انار دانہ بھونا ہوا دو تولہ گیارہ ماشہ طبوط سماق زیرہ کرمانی مد بر تخم مورد تخم بہیا بھونا ہوا خرنوب آرد کنار ہر ایک ساڑھے ستر ماشہ اگر خام ہوئے دو ماشہ آمد ہوئے سات ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی کے استعمال کریں خوراک ساڑھے دس ماشہ **سفوف طین** اسکو سفوف نشاستہ بھی کہتے ہیں صفرا کی اور خون کے دستوں کو فائدہ بخشتا ہے **صں** اسبغول تخم کنوچہ تخم ریحان نشاستہ بیج بھونے ہوئے گوند ببول کاگیرو صبلوچین برابر وزن بدون تخم اول کے اور دوائیں کوٹ کر باہم ملاویں خوراک ساڑھے دس ماشہ روغن گل یا روغن بادام میں چکنا کرکے اوپر کلاب میں تر کرکے کھلاویں **سفوف طباشیر** صفراوی اور خون کے دستوں کو نافع ہے **صں** گل سرخ گوند ببول کا بھونا ہوا صبلوچین کہربا ست طین کا ہر ایک چھ ماشہ اسبغول بھونا ہوا انار رنگ آرد تخم زیرہ بھونا ہوا تخم کرم ہر ایک ایک تولہ سوائے اسبغول اور بارتنگ کے سب دواؤں کو کوٹکر چھانکر ہر روز تین ماشہ یا چار ماشہ حسب قدر حال بیمار میں **سفوف ابن ماسویہ** صفراوی دستوں کو بہت شدید ہی اور آنتوں کے درد کو نہایت نافع ہے **صں** نشاستہ بریان گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ تخم خطمی تخم خبازی ہر ایک ساڑھے ستر ماشہ گیرو سات ماشہ کوٹکر چھانکر سفوف تیار کریں **سفوف** کہ غنی منی سے منقول ہے **صں** تخم خطمی تخم خیارین مقشر ہر ایک ساڑھے ستر ماشہ نشاستہ بھونا ہوا ساڑھے دس ماشہ گوند ببول کا گیرو ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے دس ماشہ صبح کو اور ساڑھے دس ماشہ شام کو ساتھ اس پانی کے جس میں صبلوچین گیرو گوند ببول کا بھگویا ہوئے کھالیا کریں دستوں پیچش اور آنتوں کے درد کو نافع ہوگا اور آنتوں کی خراش کو بھی مفید ہوگا **سفوف زرشک** دستوں کو بند کرتا ہے ضعف معدہ کو بہت نفع دیتا ہے **صں** سماق اجوائن نشہ اور دانہ بھونا ہوا زرشک آرد کنار ہر ایک سات ماشہ مصری پانچ تولہ دس ماشہ کوٹکر چھانکر نگاہ رکھیں

چار ماشہ خوراک ہے **سفوف سماق** پیاس کو بجھاتا ہے اور معدہ کی دستوں کو نافع ہے
ص سماق دو دو تولہ گیارہ ماشہ تخم مورد انار دانہ بھونا ہوا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ خرنوب
چار تولہ ساڑھے چار ماشہ گوند ببول کا گلنار فارسی ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھانکر سفوف تیار کریں
خوراک چار ماشہ **سفوف سورنجان** درد نقرس اور عرق النسا اور مفاصل کو نافع ہے **ص**
سورنجان شیرین دو تولہ گیارہ ماشہ سنا مکی پانچ تولہ پوست زرد ہڑ کا مغز بادام چھیلے ہوئے
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ زعفران پونے دو ماشہ سقمونیا ساڑھے تین ماشہ قند سفید کے نو تولہ
اور اگر مادہ بلغمی ہو تو تربد سفید پانچ تولہ ساڑھے دس ماشہ اضافہ کریں اور سقمونیا
ساڑھے تین ماشہ زیادہ کریں **سفوف سرطان** سلسل البول کو نہایت نافع ہے **ص** سرطان
ہندی سوختہ سات ماشہ طین قبرسی گوند ببول کتیرا خشخاش سفید خشخاش سیاہ مغز تخم خربزہ ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر چھانکر تیار کریں خوراک ساڑھے چار ماشہ ساتھ شربت انارین یا شربت
خشخاش کے **سفوف** کہ بچوں کے گردہ اور مثانہ کی پتھری کو باہر نکالتا ہے **ص** مغز تخم خربزہ
گوند ببول کا کلتھی برابر وزن کوٹ کر چھانکر تیار کریں خوراک پونے دو ماشہ ساڑھے تین ماشہ تک
سفوف کہ خفقان گرم کو مفید ہے **ص** گیرو دھنیا ہر ایک ایک تولہ نشاستہ کہربا ہر ایک پونے
دو ماشہ کافور دو رتی ایک چاول کوٹ کر چھانکر ساتھ چھاچھ گائے کے تناول کریں **سفوف**
ارسطاطالیس کہ واسطے سکندر کے تیار ہوا تھا معدہ کی دستوں کو مفید ہے اور بتاتا ہے معدہ
اور زردی رنگ اور وسواس اور نسیان کو نافع ہے کھانا کو ہضم کرتا ہے دہن کو خوشبو دیتا ہے
اور مقوی قلب ہے **ص** تج تیج پات اگر خام چھوٹی الایچی تگر مصطگی کابلی ہڑ بجشک ناگیسر زیرہ
دارچینی چھڑیلا کالی مرچ پیپل سونٹھ لونگ انار دانہ جائفل کاغذ الایچی ہر ایک سات ماشہ
مشک عنبر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مصری چھ وزن سب دوا کے خوراک ساڑھے تین ماشہ
ساڑھے دس ماشہ تک **سفوف عبادہ** معدہ سرد اور تر کو نافع ہے جگر کو قوت بخشتا ہے **ص** لاکھ
دانہ الایچی تخم مورد بلیلہ اگر خام مصطگی بادرنجبویہ دلیسان پوست انار ہر ایک چودہ ماشہ کندر

سونٹھ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مصری چودہ تولہ سات ماشہ کو کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین خوراک
ساڑھے تیرہ ماشہ استعمال کرین اور گوشت کھاوین سفوف دیگر اجمود کی بیج تخم اسالیون
موتھا ہر ایک سوا پانچ ماشہ دو قو پوست بیرون پستہ سونف رومی پودینہ تخم کوٹ زیرہ کرمانی
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بیج پونے دو ماشہ خوراک سات ماشہ سفوف کبد کی گلاب کی پہول
زرشک لاکھ دہوئی ہوئی ہر ایک سوا پانچ ماشہ مجیٹھ بنسلوچن صندل سفید نشاستہ گوند ببول کے
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ریوند چینی سوا دو ماشہ جو کے بیج ساڑھے چار ماشہ زعفران آٹھ رتی تین
چاول کو کوٹکر چھانکر سفوف کرین سفوف دیگر درد جگر او تپیچ کو دور کرتا ہی ص گلاب کے
پھول دو تولہ چار ماشہ زرشک ساڑھے ستر ماشہ پانچ مصطگی عصارہ غافث افستین رومی ریوند چینی
ہر ایک سات ماشہ شگوفہ اذخر تگرست ماہی کا ہر ایک پونے نو ماشہ زعفران ساڑھے تین ماشہ کوٹکر
چھانکر سفوف کرین خوراک سات ماشہ ساتھ سکنجبین کے سفوف دیگر حرارت کو تسکین دیتا ہی اور خمار
کو دور کرتا ہی اور صفراوی دستون کو باز رکھتا ہی اور غلبۂ خون کو ساکن کرتا ہی اور جس کے جسم
پر آبلے نکلتے ہووین اوسکو بھی موافق ہے ص ورق گل سرخ دو تولہ گیارہ ماشہ بنسلوچن پانچ
تولہ دس ماشہ سماق جو کے بیج سو رجیلکون سے صاف کی ہوئی زرشک تخم خرفہ تخم کاہو خشخاش
سفید ہر ایک ساڑھے ستر ماشہ صندل سفید پونے نو ماشہ کافور ساڑھے تین ماشہ
خوراک ساڑھے دس ماشہ ساتھ شربت انگور خام یا شربت انار یا جو کے شربت کے ساتھ استعمال
فرماوین سفوف ٹھہر باخون بہت کہ رحم سے جاری ہو باز رکھتا ہی ص کہربا گیرو گلنار دم الاخوین
لاکھ دہوئی ہوئی برابر وزن کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین خوراک ساڑھے دس ماشہ
ساتھ چار رتی ڈیڑھ چاول افیون کے کہ پانی مین دو تولہ دس ماشہ سماق کے گھولی ہو
ہوتناول کرین سفوف دیگر خون کے پیشاب کو نافع ہے ص نشاستہ مغسول مر
مونگی کی جڑ کہربا پھٹکری گلنار تخم خرفہ گیرو گل قبر سے برابر وزن کوٹکر چھانکر تیار کرین
سات ماشہ ہمراہ شربت سماق کے سفوف سورنجان درد مفاصل کو نافع ہی ص سورنجان

دو تولہ زیرہ کرمانی بھونا ہوا پودینہ ہر ایک سات ماشہ کالی مرچ ساڑھے تین ماشہ قند سفید
ساڑھے تین تولہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے دس ماشہ سفوف حجر الیہود گردہ
اور مثانہ کی پتھری کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے باہر نکالتا ہے ص مغز تخم خیار مغز تخم کدو مغز تخم خربزہ
ہر ایک ساڑھے ستر ہ ماشہ گوکھرو پلا ہوا چار تولہ حجر الیہود کلتھی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گوند ببول
کا کتیرا ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف تیار کریں خوراک سات ماشہ ساتھ شربت گوکھرو
کے سفوف حجر الیہود خاصیت اسکی مثل نسخہ سابق کے ہے ص کلتھی چار تولہ ساڑھے چار ماشہ
مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو ہر ایک پونے تین تولہ ماشہ سنگ سیالیوس سات ماشہ گوند ببول کا
نشاستہ کتیرا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ حجر الیہود ہر ایک پونے دو تولہ قند سفید سوایا کوٹ کر چھان کر سفوف
کریں خوراک سات ماشہ ساتھ پانی نخود سیاہ کے سفوف کہ ایک گھنٹہ مین دستونکو بند کر دیتا ہے

ص شاہ بلوط ساڑھے دس ماشہ مازو پوست انار ہر ایک چودہ ماشہ گردسماق پونے دو تولہ
حب الآس دو تولہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک سات ماشہ ساتھ پانی گرم کے سفوف
منوم کندر اگر خام ہر ایک ساڑھے تین ماشہ خشخاش دو تولہ گیارہ ماشہ تخم کاہو ساڑھے ستر ہ
زعفران چار رتی تھوڑے چاول مصری پانچ تولہ دس ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک
ساڑھے تین ماشہ سفوف حاملہ عورتونکی بھوناس کو جو خبیث طرف چیزون خراب کی ہوتی ہے
دور کرتا ہے اور معدیکو قوت دیتا ہے اور کھانیکی بھوناس بڑھاتا ہے ص ترنجبین کے بیج
اجواین زیرہ کرمانی ہر ایک سات ماشہ کندر ساڑھے دس ماشہ کنجد مقشر دو تولہ گیارہ ماشہ
مصری آدھی چھٹانک کم آدھ سیر کوٹ کر چھان کر سفوف کریں سفوف جو شخص جلد نزل ہوتا
ہو و کو اوسکے لیے یہ سفوف نہایت مفید ہے ص نبسلوچن خشخاش سفید سونف رومی کندر ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ جوز السرو ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک سات ماشہ ساتھ
شربت خشخاش کے سفوف کہ مدقوق اور مسلول کو نافع ہے اور تپ کہنہ کو مفید ہے اور خون تھوکنے
کو فائدہ بخشتا ہے ص گوند ببول کا نشاستہ کتیرا مغز بیدانہ خشخاش سیاہ تخم کاہو تخم خطمی ہر ایک پونے

دو تولہ صندل سفید سکر العشر طباشیر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب کی پھول تخم خیارین تخم خرفہ
ہر ایک ساڑھے ستر ہ ماشہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو افشردہ بادرنگ گل مختوم گل ارمنی گل سرخ
ہر ایک چودہ ماشہ زعفران ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کرین خوراک نو ماشہ
ہمراہ دو رتی ایک چاول کافور اور آٹھ رتی تین چاول طباشیر سرطان کے کہ شربت خشخاش
اور شیرہ تخم خرفہ مین ملا ہوا ہو نافع ہے سفوف ابہاج کو توڑتا ہے استسقاء طبلی کو مفید ہے
صں اجمود کے بیج سونف دیسی سونف رومی تگر کوٹ ریوند چینی ہر ایک سات ماشہ زیرہ
کرمانی ساڑھے دس ماشہ بالچھڑ موتہا ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کرین خوراک
ساڑھے چار ماشہ سفوف کہ معدے کے دستون کو نافع ہے صں انار دانہ بہونا ہوا آرد کاک
آرد سنجد ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ دہنیا بہونا ہوا ساڑھے سترہ ماشہ تر تو ت شامی خرنوب
نبطی بلوط کہ مین رات دن بھگو کر اور سایہ مین سکھا کر اور بہون کر ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سماق
ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کرین خوراک سات ماشہ سفوف کہ قرحہ امعا کو مفید
ہے صں دم الاخوین شادنج مغسول نشاستہ تخم اجمود ہر ایک پونے دو ماشہ گوند ببول کا
ساڑھے تین ماشہ موم یانی آٹھ رتی تین چاول کانچ سات ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف
کرین خوراک سوا پانچ ماشہ شربت خشخاش کے ساتھ سفوف لولوی ذوسنطاریا
کبدی کو نافع ہے معدہ اور دل اور جگر کو قوت دیتا ہے اور حرارت اور پیاس کو بجھاتا ہے
صں موتی بلا سوراخ چودہ ماشہ مونگے کی جڑ جلی ہوئی گلنار طباشیر خرنوب گل ارمنی
گل قبرسی تخم گل صندل سفید بادرنگ بہونا ہوا چوکے بیج بلوط بہونا ہوا تخم مورد زرشک کناذ
کا آٹا دہنیا خشک بہونا ہوا گوند ببول کا بہونا ہوا سماق زرشک پستے بہونا ہوا قرط تخم خرفہ بہونا ہوا
اسبغول بہونا ہوا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گل مختوم مصطگی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ انار دانہ سترہ
ماشہ کہربا اقاقیا مغسول ہر ایک سات ماشہ سوائے اسبغول اور بادرنگ کے سب دواؤں کو کوٹ کر
چھان کر سفوف تیار کرین سفوف قرب چو کے بیج زرشک سو زنتی دہنیا خشک بہونا

گلاب کے بیدول خرنوب شامی بلوط مسلوچین ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سماق حب الآس یعنی تخم مورد
ہر ایک سات ماشہ انار دانہ چودہ ماشہ کو ٹکر چھانکر سفوف کریں **سفوف خرنوب** استرخای
معدہ اور معدہ کے دستوں کو نافع ہے صص خرنوب نبطی بدیانہ زیرہ کرمانی مربر سماق پست گلنار
مصطگی حب الآس بلوط دھنیا خشک بھونا ہوا برابر وزن کوٹ کر چھانکر سفوف کریں خوراک ساڑھے
چار ماشہ ساتھ پانی مورد کے نافع ہے **سفوف البزور** ریاح توڑتا ہے معدہ کو قوت دیتا ہے
صص کرویا سونف رومی زیرہ کرمانی الائچی تخم اجوائن اجموت کے تخم ہر ایک سات ماشہ لونگ
پوپلی دو ماشہ سونٹھ پیپل ہر ایک آٹھ رتی تین چاول قند سفید پانچ تولہ آٹھ ماشہ کو ٹکر چھانکر سفوف
کریں خوراک سات ماشہ **سفوف حب العنب** دستوں کو بند کرتا ہے اور معدہ کو قوت
دیتا ہے صص دانہ انگور گوند ببول ہر ایک چودہ ماشہ حب الآس سماق ہر ایک سات ماشہ مصطگی
گلنار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کو ٹکر چھانکر سفوف کریں **سفوف** کہ نافع ہے دستوں کو کہ ساتھ کھانسی
کے ہوں صص حب الآس شاہ بلوط خشخاش خرنوب ہر ایک سات ماشہ گوند ببول کا ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھانکر سفوف کریں مقدار خوراک ساڑھے دس ماشہ **سفوف دیگر**
کہ یہی خاصیت رکھتا ہے صص گوند ببول کا مسلوچین گیرو حب الآس ہر ایک چودہ ماشہ سنجراج
گلنار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ خرنوب شامی گوگل ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کو ٹکر چھانکر سفوف کریں
خوراک ساڑھے دس ماشہ ساتھ شربت خشخاش کے **سفوف** کہ سوزاک و درد گردہ اور مثانہ کو
نافع ہے پیشاب کو جاری کرتا ہے صص مغز تخم خربزہ آٹھ تولہ نو ماشہ مغز تخم خیار مغز تخم کدو تخم خرفہ خشخاش سفید
ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ نشاستہ کتیرا ست ملٹھی کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اجوائن خراسانی سفید برابر سب
دواؤں کے خوراک ساڑھے دس ماشہ صبح کو اور ساڑھے دس ماشہ شام کو ساتھ شربت خشخاش کے **سفوف**
دیابیطس گوند ببول کا گیرو سماق گلنار بلوط ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ نشاستہ کتیرا تخم کاہو تخم خرفہ
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ صندل سفید ساڑھے تین ماشہ کو ٹکر چھانکر سفوف کریں خوراک ساڑھے دس ماشہ
ساتھ پانی انار ترش کے **سفوف مفاصل** سورنجان ساڑھے دس ماشہ سقمونیا ساڑھے پانچ ماشہ

چہ چاول کباب چینی ساڑھے تین ماشہ قند سفید آٹھ تولہ نو ماشہ کوٹ کر چھانکر سفوف کریں خوراک
ساڑھے دس ماشہ سفوف کہ بواسیر اور دستوں کو نافع ہے اور آنتوں کے درد کو مفید ہے صح تخم
تر تیزک بریاں ہوا ہوا پوست پستہ تیس تولہ اسی بھونی ہوئی اسبغول ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بہو دانہ کے
بیج بوزیدان کیر وتخم کندر ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ گوند ببول کا ساڑھے تین ماشہ سوائے زرنیخ کے
اور اسبغول اور تخم کشوث کے کوٹ کر چھانکر سفوف کریں سفوف واسطے یرقان اور درد جگر اور باقی
صفراوی کو نافع ہے صح لاکھ دھوئی ہوئی ساڑھے چار ماشہ تباشیر سات ماشہ زعفران ساڑھے
تین ماشہ ریوند چینی چھ رتی اٹھانی چاول کافور چار رتی ڈیڑھ چاول خوراک ساڑھے ساتھ شربت بہا
یا شربت آلو بخارا کے سفوف بلوط معدہ کو قوت دیتا ہے دستوں کو بند کر دیتا ہے صح بلوط
دانہ مقل آرد کنار ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ تخم خرنوب نبطی حب الآس ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ کوٹ کر
چھانکر سفوف کریں خوراک ساڑھے تیرہ ماشہ سفوف واسطے حرارت جگر اور یرقان اور سدہ جگر
اور خون تھوکنے کو نافع ہے صح بیدانہ خشخاش تخم خیار ہر ایک پونے دو ماشہ گیرو دھوئی ہوئی
گلاب کے پھول بیج خطمی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ صندل چینی پونے دو ماشہ گل مختوم آٹھ رتی تین چاول
خوراک ساڑھے تین ماشہ ساتھ پانی بہی کے سفوف کہ بی نامیہ کتاب ہے صح تخم خشخاش [illegible] کر کے
بیج [illegible] گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ حب الآس بلوط ہر ایک پونے دو ماشہ خشخاش سفید
ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھانکر سفوف کریں خوراک ساڑھے تیرہ ماشہ سفوف جنین [illegible] سبب
سرعت انزال منی کے جو بسبب حرارت کے ہو نظیر نہیں رکھتا صح اسبغول سات ماشہ تخم خرفہ ساڑھے دس
ماشہ دھنیا خشک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھانکر سفوف کریں خوراک ساڑھے چار ماشہ سفوف [illegible]
ہچکی کے نافع ہے جو بسبب امتلا کے ہو صح اجمود کے بیج سوتھا زیرہ کرمانی ہر ایک ہم وزن کوٹ کر چھانکر
سفوف کریں خوراک ساڑھے چار ماشہ سفوف واسطے ضعف معدہ کو نافع ہے اگر سبب اوس
حرارت ہو صح [illegible] گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اگر خام سات ماشہ زرشک [illegible]
گیارہ ماشہ آملہ تباشیر چینی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ پانچ ساڑھے تین ماشہ زعفران کافور ہر ایک

تین چاول کوٹ کر چھانکر سفوف کرین خوراک ساڑھے چار ماشہ ساتھہ شربت انار کے **سفوف**
کہ رنگ سرخ کرتا ہے ص زوفا خشک دو تولہ گیارہ ماشہ زعفران ساڑھے دس ماشہ قند سفید
یوسفے چار تولہ کوٹکر چھانکر سفوف کرین ہر روز سات ماشہ کھایا کرین **سفوف** سدہ طحال
کو کھولتا ہے اور واسطے طحال کے نافع ہے ص تخم کاسنی بڑی مائین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اگر خام
سات ماشہ زرشک دو تولہ گیارہ ماشہ آملہ مسلوچ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بالچھر ساڑھے تین ماشہ
زعفران کافور ہر ایک آٹھہ رتی تین چاول حب القلقل سوا پانچ ماشہ کوٹکر چھانکر سفوف کرین خوراک
ساڑھے دس ماشہ ساتھہ سکنجبین کے **سفوف** واسطے درد گردہ کے کہ سبب ریح کے ہو نافع ہے ص
کوٹ بالچھر قرنفل ناخنا احمود برابر وزن کوٹکر چھانکر سفوف کرین خوراک ساڑھے تین ماشہ **سفوف**
کہ بدن کو لاغر کرتا ہے ص لاکھہ دھوئی ہوئی سات ماشہ اجواین تخم کے بیج زیرہ کرمانی ہر ایک
چودہ ماشہ دونا مروا جواکھار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر سفوف کرین ہر روز ساڑھے چار ماشہ
ساتھہ گلقند کے تناول کرین **سفوف** کہ یہی خاصیت رکھتا ہے ص لاکھہ دھوئی ہوئی سندروس
ہر ایک دو ماشہ چھہ چاول دونا مروا یوسفے دو ماشہ پھٹکری زراوند مدحرج جنطیانا ہر ایک چھہ رتی
اڑھائی چاول کوٹکر چھانکر سفوف کرین خوراک آٹھہ رتی تین چاول **سفوف** کہ جلد منزل ہونیکو
نافع ہے اور منی کے روکتا ہے ص تتلی کے بیج ساڑھے دس ماشہ سنبھالو کے
بیج سوسن کی جڑ ہر ایک سات ماشہ گلنار گلاب کی پھول ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھانکر سفوف
کرین سات ماشہ ہمراہ پانی انگور یا چھاچھہ کے تناول فرماوین **سفوف** واسطے قروح گردہ اور مثانہ کے
نافع ہے ص گل مختوم دم الاخوین نشاستہ کندر مغز تخم خربوزہ اجمود کے بیج ککڑی کے بیج کدو کے
بیج ست ملٹھی کا لاکھہ دھوئی ہوئی ریوند چینی حب الصنوبر خشخاش اجوائن خراسانی برابر وزن
کوٹکر چھانکر سفوف کرین خوراک ساتھہ ماشہ ہمراہ منقیٰ کے **سفوف** درد گردہ اور مثانہ کو تسکین
دیتا ہے ص کندر اجوائن خراسانی چار رتی ڈیڑھ چاول افیون برابر چار جو کے مغز تخم خیارین ساڑھے
دس ماشہ تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر سفوف کرین ساتھہ شربت خشخاش کے تناول

فرماوین سفوف واسطے استرخاے زبان کے نافع ہے صفت دار چینی تمالا بانجھ ہر ایک ساڑھے تین
ماشہ بسباسہ اجواین بنداو دہ طویل ایجوسویا مصطگی بسبالیوس ڈونو سونف رومی ہرایک ساڑھے تین
ماشہ بلاسو ینہ کہربا ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر سفوف کرین خوراک ساڑھے تین ماشہ ساتہہ پانی گرم کے
پرانی کی سفوف کہ مددگار حمل ہے صفت برادہ ہاتھی دانت کا مصبر ہر ایک ساڑھے چار ماشہ عورت تین
سفوف کو کہا دی اور مرد چوتھی رات اوسکے ساتہہ جماع کرے حاملہ ہوجاویگی بشرطیکہ حیض
سے پاک ہوگئی ہو اور بعضون نے لکہا ہے کہ ہاتھی دانت کا برادہ اگر کوئی عورت سات روز برابر ہر روز
سات ماشہ ساتہہ پانی شہد کے نوش کیا کرے اور بعد اوسکے جماع کرا وے حاملہ ہوجاویگی سفوف
کہ سوزاک کو نافع ہے اور پیشاب کو جاری کرتا ہے صفت تخم خیارین مغز تخم کدو تخم خرفہ خشخاش نشاستہ
کتیرا پوست ملٹھی کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اجواین خراسانی سات ماشہ قند سفید برابر وزن کوٹکر چھانکر
سفوف کرین خوراک ساڑھے دس ماشہ ساتہہ شربت خشخاش کے سفوف کہ خون کی قے کو نافع ہے صفت
کتیرا گوند ببول کا گلنار دم الاخوین کندر ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر ساتہہ دو تولہ گیارہ ماشہ آب
بہی کے تناول فرماوین سفوف واسطے عورتوں کے جنکو غیبت منی کہانیکی ہوتی ہے نافع ہے صفت سونف
رومی ایجوسہ کرنجوہ کرمانی اجواین ہر ایک پونے دو تولہ گیارہ ماشہ مرچ سفید پونے نو ماشہ لونگ ساڑھے
سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر سفوف کرین خوراک ہر صبح و شام ساڑھے چار ماشہ سفوف کہ بہی خاص کیکے
صفت گلاب کی پہول زیرہ کرمانی اجواین بڑی الائچی برابر وزن مطابق نسخہ سب دواؤنکو کوٹکر چھانکر سفوف
کرین سفوف بلغمی قے کو نافع ہے صفت کندر مصطگی ہر ایک سترہ ماشہ انگور خام دو تولہ انار دانہ چار تولہ
ساڑھے چار ماشہ لونگ الائچی جائفل جاوتری سوکہا پودینہ ہر ایک پونے دو ماشہ پوست ترنج قرنفل مشک
ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ گلاب کی پہول پونے دو تولہ بالچہڑ آملہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر
سفوف کرین خوراک ساڑھے دس ماشہ سعوط درد سر گرم او خشک کو مفید ہے صفت پانی کاہو کا روغن
بنفشہ کا ہر ایک ایک جز دودہ لڑکی کی ماں کا دو جز باہم ملا کر ناک میں ٹپکاوین سعوط درد پیچ
اور آنکہہ کے درد کو نافع ہے جو اکثر بچون کو عارض ہوتا ہے صفت نشادر سوت کندر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ

پودینہ پہاڑی زعفران مرکی ہر ایک پونے دو ماشہ کو کوٹکر چھانکر گولیان تیار رکھین جب ضرورت ہو دو ساتہ دودہ لڑکی کی مان کے یا ساتہ روغن بنفشہ یا بادام کے گھولکر ناک مین ٹپکا وین سعوط دو... مرزنجوش اور ریحان اور دوران سر کو نافع ہے صص ایلوا مرکی کندر سوت جندبید ستر زعفران پودینہ پہاڑی پیپل مرچ سفید ہر ایک ساڑہے تین ماشہ کندش سات ماشہ شکر خالص پونے دو ماشہ کو کوٹکر چھانکر ساتہ پانی دونامروا کے گونہکر قرص بناوین بوقت حاجت پانی مین دونامروا کے پیسکر ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ درد سر گرم کو نافع ہے صص روغن بنفشہ بادام روغن نیلوفر روغن کدو پانی کاہو کا دودہ لڑکی کی مان کا برابر وزن باہم ملاکر ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ فالج اور لقوہ کو مفید ہے صص کلونجی جو اکھار برابر وزن چقندر کے پانی مین گھولکر ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ آدہا سیسی سر کو نافع ہی صص روغن بادام دونامروا کے پانی مین ملاکر ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ سرسام اور درد سر گرم کو نافع ہے صص پانی مورد کا عرق بید کا صندل کا فور باہم ملاکر ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ درد سر سرد اور نسیان کو مفید ہی صص جائفل تیز تہر کی لونگ مرزنجوش ہر ایک چار ماشہ جادوتری ڈیڑہ تولہ کوٹ کر چھانکر مرزنجوش کے پانی مین ملاکر ناک مین ٹپکاوین سعوط خنازیر کو نافع ہے صص جادوتری گاوزبان ہر ایک ساڑہی تین ماشہ زہرہ خار پشت کافور ہر ایک دو ماشہ ڈیڑہ چاول کندر سات ماشہ ساتہ سرکہ اور روغن گل کے ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ یہی خاصیت رکھتا ہے صص پیپل مامیران چینی جنتیانہ ہر ایک ساڑہی تین ماشہ مشک طرا شیع ہر ایک ساڑہی تین ماشہ سنبہالو کے بیج ہر ایک ساڑہے دس ماشہ ساتہ سرکہ اور روغن گل کی ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ فالج اور لقوہ اور آدہا سیسی کو نافع ہے اور تمام بیماریون سرد و تر کو جو آنکہہ مین ہون فائدہ دیتا ہے صص سوت مرکی ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ مسور صعتر فارسی ہر ایک ساڑہی ستر ماشہ گوند ببول کا تتلی ہرد کلنگ جاوشیر جندبید ستر کلونجی ہر ایک ساڑہی دس ماشہ مصری زعفران ہر ایک سات ماشہ فرفیون ایلوا ہر ایک پونے دو ماشہ کو کوٹکر چھانکر پانی خالص مین قرص بناوین ہر ایک بقدر مسور کے بوقت حاجت کی ایک قرص پانی

مرزنجوش اور روغن بنفشہ بادام میں ملا کر ناک میں ٹپکا دیں سعوط کہ سکتہ اور لقوہ کو فائدہ [illegible]
نافع ہر دو کا ننگ پانی مرزنجوش پانی سداب ہر ایک ساتھ بید ستر اور پانی شہد کے ناک میں ٹپکا دیں
سعوط کہ نکسیر کو مفید ہے صفت کاغذ جلا ہوا پوست بیضہ مرغ جلا ہوا اقاقیا مازو سرکہ میں
ڈال کر جیسا کہ ترش انار کے جلی ہوئی کنار مرکی سوختہ شادنج مغسول کا فور ہر ایک قدری کو ٹکر چھانکر
پانی بادروج کے ملا کر ناک میں ٹپکا دیں **سنون سورنجان** دانتوں کی ضعف کو نافع ہے صفت
سورنجان لونگ موتھا بڑی مائیں پوست زرد ہر کا صندل سفید گلاب کے پھول کوٹکر چھانکر سنون
کریں **سنون دیگر** یہی خاصیت رکھتا ہے صفت پوست زرد ہر کا نمک شاہی ہر ایک ساڑھے ستر ماشہ
چار تولہ ساڑھے چار ماشہ دار چینی موتھا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ پھٹکری سماق ہر ایک سات ماشہ [illegible]
دو تولہ لونشادر پیپل آملہ زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ پھول جاوتری کا ساڑھے تین ماشہ الائچی گلنار
پوست ماشہ زنجبیل تولہ کوٹکر چھانکر سنون کریں **سنون** کہ دانتوں کو نگاہ رکھتا ہے صفت [illegible]
سوختہ بڑی مائیں موتھا بالچھڑ ہر ایک چودہ ماشہ نمک اندرانی ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر سنون کریں
سنون کہ دانتوں کو میل سے پاک کرتا ہے صفت نمک اندرانی جو سوختہ سمندر جھاگ ساہی سوختہ [illegible]
چھانکر سنون کریں **سنون دیگر** ہلتے ہوئے دانتوں کو مضبوط کرتا ہے صفت گلنار پھٹکری آملہ اقاقیا
برابر کوٹکر چھانکر سنون کریں **سنون دیگر** یہی خاصیت رکھتا ہے صفت پھٹکری گلنار بڑی مائیں
برابر کوٹکر چھانکر سرکہ میں گوندھیں اور سایہ میں خشک کریں اور دوسری مرتبہ کوٹیں اور سنون
کریں **سنون** دانتوں کے درد کو نافع ہے جو مسوڑوں کے ورم کے سبب سے ہو وے صفت
تخم خرفہ دھنیا سماق مسور صندل سفید عاقر قرحا کافور برابر کوٹکر چھانکر مسوڑوں پر [illegible]
اول گلاب سرکہ ایک گھنٹہ تک موںھہ میں نگاہ رکھیں **سنون** کہ دانتوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے
خون بہنے سے باز رکھتا ہے صفت شاخ گوزن سوختہ پوست زرد ہر کا نمک اندرانی سوختہ گلاب [illegible]
ہر ایک سات ماشہ گلنار ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر مسوڑوں اور دانتوں پر چھڑکیں **سنون** کہ دانتوں کو
مضبوط کرتا ہے اور خون بہنے سے باز رکھتا ہے اور موںھہ میں خوشبو دیتا ہے صفت مرزنجوش آملہ گلاب [illegible]

گلنار اقاقیا پھٹکری مستلوٹین قرظ ماقرقرحا برابر کو ملکر چھانکر سنون کرین سنون کہ دانتونکی
جڑون سے خون بہنے کو باز رکھتا ہے صفت پھٹکری سوختہ ساڑھے تین ماشہ نمک بریان ساتھ ماشہ
ماق ساڑھے دس ماشہ کو ملکر چھانکر سنون کرین سنون الملوک دانتونکے درد کو نافع ہے
مونہہ کو خوشبو دیتا ہے صفت مرکی پہل جوز السرو عاقرقرحا برابر وزن کو ملکر چھانکر استعمال کرین
سنون دانتونکی جڑون کے ناسور کو مفید ہے صفت سوسن کی جڑ عاقرقرحا ہر ایک ساڑھی تین
ماشہ پھٹکری گلنار مازو سماق ہر ایک ساٹ ماشہ کو ملکر چھانکر سنون کرین سنون کہ زردی وسیاہی
دانتونسے دور کرتا ہے اور مونہہ کو خوشبو دیتا ہے صفت بڑی مائین سونٹھہ سند ر چھاگ پیپل الائچی
ہر ایک سات ماشہ نمک بریان ساٹ ماشہ جو سوختہ دو تولہ کو ملکر چھانکر استعمال کرین سنون کہ
سوڑون سے خون بہنے کو باز رکھتا ہے اور مونہہ کو خوشبو دیتا ہے صفت پھٹکری ساڑھے
ستڑہ ماشہ پودینہ پہاڑی دو تولہ گیارہ ماشہ دارچینی کو ملکر چھانکر سنون کرین سنون نافع ہے
دانتونکے درد کو جو بسبب رطوبت کی ہو وہی صفت کالی مرچ پودینے نو ماشہ چواکہار ساڑھی تین ماشہ
عاقرقرحا سونٹھہ مویزج ہر ایک ساڑھی تین ماشہ کو ملکر چھانکر استعمال کرین سنون کہ مسوڑون
کو مضبوط کرتا ہے اور مونہہ کو خوشبو دیتا ہی صفت ہوتیا گلاب کی پہول ہر ایک ساڑھی ستڑہ ماشہ
گلنار بڑی مائین ہر ایک ساڑھی دس ماشہ دم الاخوین کندر لونگ نمک اندرانی مصطگی پودینہ چھال
ہر ایک سات ماشہ اگر خام ساڑھے تین ماشہ کو ملکر چھانکر استعمال کرین سنون کہ دانتونکی جڑونکو
سخت کرتا ہے اور خون بہنے سے باز رکھتا ہے صفت پوست انار ترش دو تولہ گیارہ ماشہ پھٹکری
دو تولہ چار ماشہ عاقرقرحا گلاب کے پھول بڑی مائین ہر ایک سات ماشہ کو ملکر چھانکر سنون کرین
سنون کہ خون جانیکو دانتونکی جڑونسے باز رکھتا ہی صفت کتھہ سفید چھالیہ گلنار گلاب کی پھول
سماق دم الاخوین کو ملکر چھانکر رات کو خمیر کرین اور صبح کو گلاب اور پانی سماق سے مضمضہ یعنی کلی کرین
سنون کالی دانتون کو سفید اور براق کرتا ہی صفت پوست ازر دہڑ کا دو تولہ گیارہ ماشہ کالی ہڑ
پیپ دو ماشہ حنا ساڑھی دس ماشہ تیج پات سات ماشہ مازو سوختہ دو تولہ چار ماشہ کو ملکر چھانکر دانتونپر ملین

نافع ہے اور مسوڑھونکو مضبوط کرتا ہے صفت پوست انار ترش پوست انار شیرین ہر ایک
آٹھ تولہ نو ماشہ مازو گلنار پھٹکری کاغذ سوختہ حاقرقرحا ہر ایک سات ماشہ سماق
تولہ ساڑھے چار ماشہ نمک ہندی نوشادر ہر ایک سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر سرکہ مین گوندھین اور
گولیان بناوین اور سایہ مین خشک کرین اور بروقت حاجت کے دوبارہ کوٹین اور استعمال کرین
سنون کہ استرخا اور مسوڑھونکے ورم کو نافع ہے اور دانتون کو میل سے پاک کرتا ہے صفت
پوست انار سات ماشہ گلنار ہلدی سماق پھٹکری مازو ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر استعمال کرین

باب الشین المعجمہ

شربت افسنتین معدہ کو اخلاط فاسدہ سے پاک کرتا ہے صفت افسنتین رومی ساڑھے سترہ ماشہ گاؤزبان
کے پھول پانچ تولہ دس ماشہ سنبل دو تولہ گیارہ ماشہ آدہ پاؤ کم دو سیر پانی مین جوش دیکر
صاف کرین اور چھٹانک کم سیر قند سفید قوام کرکے شربت تیار کرین شربت افسنتین نسخہ دیگر
معدہ ضعیف و جگر اور طحال کو نافع ہے اور قبض دور کرتا ہے اور آنتونکی ریح کو توڑتا ہے صفت
افسنتین رومی چودہ تولہ سات ماشہ سلیخہ دو تولہ دس ماشہ اجود کی بیخ آٹھ تولہ نو ماشہ آدہ پاؤ
کم دو سیر پانی مین پکاوین کہ آدہ رہجاوے ساتھ قوام قند سفید چھٹانک کم سیر کے شربت تیار کرین
افسنتین نسخہ دیگر افسنتین رومی چودہ تولہ سات ماشہ سونف رومی گلاب کے پھول سلیخہ ہر ایک
دو تولہ گیارہ ماشہ مصطگی پانچ ہر ایک دو تولہ آدہ پاؤ کم دو سیر پانی مین جوش کرین بغیر مصطگی
کے اور صاف کرکے قوام مین چھٹانک کم ڈیڑہ سیر قند سفید کے شربت تیار کرین بعد اوسکے مصطگی پیسکر
اوسمین ملاوین شربت دیگر کہ معدہ کو صفرا سے پاک کرتا ہے اور سوء مزاج گرم کو دور کرتا ہے
صفت ورق گل سرخ دو تولہ شاہترہ افسنتین رومی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ آلو بخارا انیس عدد تمر ہندی
پانچ تولہ دس ماشہ مویز منقی آٹھ تولہ نو ماشہ آدہ پاؤ کم دو سیر پانی مین جوش کرین کہ آدہا رہجاوے
صاف کرکے قوام مین آدہی چھٹانک کم آدہ سیر قند سفید کے شربت تیار کرین خوراک دو تولہ گیارہ ماشہ
ساڑھے تین ماشہ ایلوا ساتھ اوسکے ملاکر نوش کرین شربت سعال پرانی کھانسی کو نہایت نافع ہے

قے ساکن کرتا ہے صفراوی دستونکو باز رکھتا ہے صفت سیب اصفہانی اندر اور باہر پاک کرکے اون
مین پتھر ڈالکر ٹکڑے کو ٹین اور پانی اوس سے اڑہائی پاو کم دس سیر حاصل کرکے جوش کرین کہ آدہ پاو کم
دو سیر رہجاوے چہٹانک کم سیر قند سفید ڈالکے پہر جوش کریں کہ قوام ہوجاوے شربت بہی
دلکو قوت دیتا ہے معدہ کو قوی کرتا ہے بہوک کہانیکی بڑہاتا ہے اور دستونکو بند کرتا ہے قے اور متلی کو
روکتا ہے صص بہی ترش بہی شیرین اندر سے پاک کرکے پانی اوسکا لیوین اور اوپر سوا پاو کم پانچ سیر پانی
کے چہٹانک کم سیر قند سفید مین قوام دیکر شربت تیار فرماوین شربت ریباس صفراوی دستونکو دفع
اور قے کو باز رکھتا ہے پیاس بجہاتا ہے معدہ کو قوت دیتا ہے صص ہرا اور دنبال ریباس کا لکڑی کے
چاقو سے کاٹکر پہینکدیوین باقی کو ہاون مین پتھر کے ڈالکر ٹکڑے کوٹین اور پانی اوسکا لیکر صاف کرکے
رکہاوین کہ تہہ نشین ہوجاوے تہوڑی دیر تامل کرکے چہانین اور اوپر چہٹانک کم سیر پانی کے چہٹانک
کم سیر قند سفید کا قوام دیکر شربت تیار کرین شربت حماض یعنے شربت چوکی کا صفرا کو توڑتا ہے قے
باز رکھتا ہے معدہ اور دلکو قوت دیتا ہے اور خفقان گرم کو نافع ہے صص پانی چوکے کا آٹہہ تولہ
نو ماشہ قند سفید چہٹانک کم سیر قوام شربت کا تیار کرین شربت لیمو معدہ کو قوت دیتا ہے بہوک کہانیکی
بڑہاتا ہے صفرا کو بدن سے نکالتا ہے قے باز رکھتا ہے خمار کو دفع کرتا ہے اور ہاضم ہے صفت
اوسکی مانند شربت حماض کے ہے شربت نارنج پیاس بجہاتا ہے مقوی دماغ ہے اور درد سر گرم کو
تسکین دیتا ہے صص پانی نارنگی کا چہٹانک کم سیر جوش کرین کہ آدہا رہجاوے جہاگ زرد اوپر سے
اوتار کر قند سفید آدہ پاو کم دو سیر ملا کر قوام شربت کا تیار کرین شربت غورہ پیاس بجہاتا ہے
تپ گرم کو فائدہ دیتا ہے خمار کو دور کرتا ہے صص پانی انگور خام کا نکالکر جوش کرین کہ آدہا
رہجاوے جہاگ اوپر سے لیکر ایک لحظہ ٹہہرا کر صاف کرین بعد اوسکے چہٹانک کم سیر اوسکے پانی
مین چہٹانک کم سیر قند سفید قوام دیکر شربت بناوین شربت عود معدہ کو قوت دیتا ہے اور منہ کو
خوشبودار کرتا ہے اور ہاضمہ قوی کرتا ہے صص اگر خام آملہ مقشر ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ بالچہڑ لونگ
جائفل مصطگی ہر ایک ساتٹ ماشہ سب کو کوٹکر کتان کی تہیلی مین رکہیں اور آدہ پاو کم دو سیر گلاب اوپر

ہو منتشر اور تخم خیارین اور تخم خربزہ باچہر ایک ایک تولہ تخم خطمی ڈیڑہ تولہ تخم السی ڈیڑہ تولہ ڈالے
کرین شربت تمر ہندی طبیعت کو نرم کرتا ہی صفرا کو بدن سے نکالتا ہی اور معدہ کو قوت دیتا ہی
بارد رکہتا ہی ص املی آدہی چہٹانک کم آدہ سیر جوش کرکے شیرہ اوسکا حاصل کرین اور چہانکر قند سفید
چہٹانک کم سیر کا قوام دیکر شربت بناوین شربت صندل مقوی قلب ہے خفقان گرم کو دور
کرتا ہی پیاس بجہاتا ہی ص صندل سفید ساڑہی سات تولہ پیسکر ایک رات دن گلاب مین بہگو
دیوین دوسری دن جوش کرکے شیرہ اوسکا لیوین اور ساتہہ قند سفید چہٹانک کم سیر کے قوام
شربت کا دیوین شربت انجیر گردہ اور مثانہ کو نافع ہے منی کو بڑہاتا ہے شہوت جماع کو قوت
دیتا ہی اور درد پشت کو دور کرتا ہے ص انجیر آدہ پاؤ کم دو سیر سوا پاؤ کم پانچ سیر پانی مین پکاوین
کہ چہٹانک کم سیر رہجاوی ایسا ہی اوسکے نخود سفید چہٹانک کم سیر سوا پاؤ کم پانچ سیر پانی مین پکاوین
کہ ڈیڑہ چہٹانک کم ڈیڑہ سیر رہجاوے دونونکو باہم ملاوین اور صاف کرکے ڈیڑہ چہٹانک کم
ڈیڑہ سیر شہد خالص لیکر اور اوسمین بادیان بسباسہ دارچینی کلیمن لونگ باچہر ایک ساڑہی تین ماشہ زعفران
پونی دو ماشہ تہیلی مین باندہکر اوسمین ڈالین اور جوش کرین کہ قوام شربت کا ہوجاوی خوراک
اوسکی ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ ہے شربت بنفشہ ذات الجنب اور ذات الریہ اور تپ اور
کہانسی اور درد سر اور درد چشم کو نافع ہے پیشاب کو جاری کرتا ہے سینہ کو نرم رکہتا ہے
ص بنفشہ تازہ اڑہائی پاؤ جوش کرکے صاف کرین اور ساتہہ قند سفید چہٹانک کم سیر کی کا
شربت بناوین اور اگر بنفشہ تازہ میسر نہو سکے تو بنفشہ خشک بہت جوش کرین شربت نیلوفر
درد سر گرم اور صفراوی تپ اور کہانسی اور ذات الجنب اور ذات الریہ کو نافع ہے ص نیلوفر
کی پہول اڑہائی پاؤ ساتہہ قند سفید چہٹانک کم سیر کے شربت تیار کرین شربت عناب ماشراکو
آبلہ اور چیچک اور درد سینہ اور کہانسی اور غلبہ خون کو نافع ہے ص عناب اڑہائی پاؤ آدہ
پاؤ کم دو سیر پانی مین پکاوین اور ہاتہہ سے ملکر صاف کرین اور قوام مین چہٹانک کم سیر قند سفید
کی شربت تیار کرین شربت گاؤزبان دل کو قوت دیتا ہے سوداوی مزاج کو نہایت نافع ہے

خفقان کو دور کرتا ہے صں گاوزبان تازہ آدھی چھٹانک کم سیر ساتھ قند سفید آدھی چھٹانک کم سیر کے
جوش کریں اور قوام کرکے ساتھ ہی سات تولہ گلاب اوس مین شامل [illegible] سے اوتار لیوین اور اگر گاوزبان
تازہ دستیاب نہ ہوسکے تو آدہا پاؤ گاوزبان خشک لیکر بناوین شربت بادرنجبویہ دلکو تقویت دیتا
خفقان سرد کو نافع ہے توحش سوداوی کو دور کرتا ہے صں بادرنجبویہ تازہ لیکر پانی اوسکا آدہا
چھٹانک کم آدھ سیر حاصل کریں اور قند سفید چھٹانک کم سیر مین شربت تیار فرمائین اور اگر تازہ نہ ہو تو ڈیڑھ
تولہ نو ماشہ خشک کافی ہے شربت ہلیلہ درد مفاصل اور تپ گرم کو نافع ہے طبیعت کو نرم کرتا ہے
صں نو تولہ ہر [illegible] دکھلکر ایک برتن مین رکھیں اور پانی اوسپر ڈالکر تین روز تک سورج کے نیچے رکھیں
پانی پہلا اور دوسرا باہم ملادیں اور ڈیڑھ پاؤ ترنجبین خراسانی اوسمیں حل کرکے صاف کریں اور
آگ پر رکھکر قوام کریں بعد ہوجانے قوام کے آگ پر سے اوتار کر ساتھ ہی چار ماشہ سقمونیا اوسمیں داخل کریں
شربت ہچکی کو دور کرتا ہے خصوص وہ ہچکی جو بسبب کھانا کھانے کے ہوتی ہے صں زیرہ کرمانی سونف رومی
پودینہ کندر ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ آدھ پاؤ دو سیر پانی مین تین پہر بھگو رکھیں پھر ادہا رہجاوے صاف کرکے
گھوٹ [illegible] نوش فرماوین شربت ہلیون ریگ گردہ اور مثانہ کو نافع ہے صں بیخ ہلیون آٹھ تولہ
نو ماشہ آدھ پاؤ کم دو سیر پانی مین جوش کریں اور صاف کرکے چھٹانک کم سیر قند سفید مین شربت تیار کریں
شربت بزوری معدہ اور جگر کو نافع ہے [illegible] توڑتا ہے مفاصل کو مفید ہے صں پوست کاسنی کی
آٹھ تولہ نو ماشہ تخم کاسنی پوست سونف [illegible] کی جڑ ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ [illegible]
دو تولہ گیارہ ماشہ تخم خشخاش [illegible] ساتھ ہی ستر ماشہ جوش کریں اور صاف کرکے ڈیڑھ چھٹانک کم
ڈیڑھ سیر قند مین شربت پکاویں شربت ورد مکرر مسہل صفراہی مرکب تپوں کو مفید ہے صں
گلاب کے پھول تازہ آدھی چھٹانک کم آدھ سیر ساتھ ہی آٹھ سیر پانی مین جوش کریں کہ ساتھ ہی چھ سیر رہجاے
آدھی چھٹانک کم آدھ سیر اور تازہ پھول گلاب کے اوسمیں جوش کریں اور صاف کریں اسیطرح کئی مرتبہ یہانتک
کہ کل پانی اوسکا چھٹانک کم سیر رہجاوے اوسیقدر یعنی چھٹانک کم سیر قند سفید ملاکر شربت تیار کریں اور ڈیڑھ تولہ
نو ماشہ سکنجبین اور پانی تخم [illegible] کا شامل کریں شربت توت گلے کے درد اور خناق کو نافع ہے صں

پانی کالی شہتوت کا صاف کرکے جوش کرین کہ آدہا رہجاوی اوپر ہر سوا دو سیر اوس پانی کے آدہ پاو کم چودہ سیر قند سفید داخل کرکے شربت بناوین شربت انار شیرین جگر کو قوت دیتا ہی پیاس بجہاتا ہے صص پانی میٹھے انار کا جوش کرین کہ آدہا رہجاوی اوپر ہر چھٹانک کم سیر اوس پانی کے چھٹانک کم سیر قند سفید اضافہ کرکے قوام دیوین شربت عنبر دل و معدہ اور پٹھون کو فائدہ بخشتا ہی خفقان سرد کو دور کرتا ہی صص شہد خالص آدہ پاو کم دو سیر پانی آدہ پاو کم دو سیر مین جوش کرکے جہاگ اوتارین اور قوام کرکے عنبر عفران ہر ایک ساڑہی چار ماشہ پیسکر اوسمین ملاوین اور شربت تیار کرین خوراک ساڑہی سترہ ماشہ ہے شربت مشک معدہ کو قوت دیتا ہی بلغمی بیماریون کو بہت فائدہ بخشتا ہی بوڑہون کو موافق ہے صص شہد خالص چھٹانک کم سیر آدہ پاو کم دو سیر پانی مین پکاوین بعد قوام کے مشک زعفران ہر ایک ساڑہی تین ماشہ ڈالکر شربت بناوین خوراک ساڑہی تین ماشہ ہے شربت خون کی دستون کو مفید ہی ضعف معدہ کو دور کرتا ہے صص رب بہی شیرین کا گیارہ تولہ تین ماشہ گلنار فارسی چہوٹی اپین آبادمنارن تخم مورد ہر ایک ساڑہی چار ماشہ گلاب اور قند سفید ہر ایک ساڑہی سات تولہ بطریق مشہور کی شربت تیار کرین شربت ابریشم جگر اور دل اور احشا کو قوت دیتا ہی اور سدہ کہولتا ہی استسقا اور تمام بیماریون سرد کو نافع ہی شہوت جماع کو بڑہاتا ہی فرحت پیدا کرتا ہے صص ابریشم چودہ تولہ سات ماشہ لوہارون کی پانی مین بہگو دیوین تین رات دن بعد اوسکے تہر کے دیگچہ مین جوش کرین کہ آدہ رہجاوے صاف کرکے کلنجن چھڑ مصطگی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ زعفران ساڑہی تین ماشہ پیسکر ملاوین اور ساتہ چھٹانک کم سیر قند سفید کے شربت پکاوین شربت اسطوخودوس مرگی اور مالیخولیا اور درد سر اور تمام بیماریون دماغی کو کہ سبب سردی کے ہون فائدہ بخشتا ہی صص اسطوخودوس منقی جوز بلیلہ ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ ملیٹہی گاوزبان سونف پوست اجمود کی جڑ کا تخم خطمی بنفشہ گلاب کی پہول ہر ایک ساڑہی دس ماشہ مویز منقی لسوڑہ ہر ایک پندرہ عدد جوش کرین صاف کرکے چھٹانک کم سیر قند مین قوام دیکر شربت بناوین شربت مفاصل پوست بیخ کبر پوست سونف کی جڑ کا ہر ایک ایک تولہ ساڑہے

دس ماشہ بہیدانہ سونف رومی سونف دیسی ایرسا اشنہ بیرو سورنجان ہر ایک دو دو تولہ گیارہ ماشہ
پوست بہیدانہ کی جڑ کا پانچ تولہ دس ماشہ قند سفید چھٹانک کم سیر بطریق مشہور کے شربت تیار کرین
شربت اصول مواد غلیظہ کو پکاتا ہے سدہ کو کھولتا ہے پیشاب توڑتا ہے سوء القنیہ اور استسقا اور تمام
بیماریون سرد جگر اور معدہ کو نافع ہے صفت پوست سونف کی جڑ کا پوست بیخ کرفس پوست کاسنی کی جڑ کا ہر ایک پانچ
نو تولہ پوست بیخ کبر چار تولہ ساڑھے پانچ ماشہ سونف بہیدانہ تخم کاسنی ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ انجیر زرد
بیس عدد مویز منقی چالیس عدد دستگوفہ اذخر بالچھڑ تگر سیلیخہ ہر ایک دو دو تولہ گیارہ ماشہ قند سفید چھٹانک کم سیر
موافق دستور کے شربت پکاوین شربت کدو درد پشت کو نافع ہے شہوت جماع کو قوت دیتا ہے جس
کا جز بولی ہوئی ہونے تو سیر شاہجہانی سردے جز جدا کرین اور درمیان اوسکا لیکر ٹکڑے ٹکڑے
کرکے پتھر کے دیگ مین ڈالدیوین اور پانی اوسکے اوپر گراوین اور سر دیگ کا مٹی یا خمیر سے مضبوط
کرین کہ ابخرہ اوسکے باہر نہ نکلین ملائم آگ پر پکاوین اور چند ساعت چھوڑدیوین کہ سرد ہو جاے
بعد اوسکے موہنہ دیگ کا کھولکر ہاتھ سے خوب ملین اور پانی اوسکا لیکر صاف کرین اور برابر
وزن اوسکے شہد خالص ڈالین اور بالچھڑ کلیجن لونگ دارچینی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زعفران
پونے دو ماشہ سب کو کوٹکر ایک تھیلی مین رکھکر اوپر اوس دیگ کی ڈالین اور ہر لحظہ ہاتھ سے
ملتے رہین جوش کرکے قوام شربت کا تیار کرین شربت انجبار خون کے دستوں کو مفید ہے اور
خون تھوکنے کو بھی نافع ہے خون حیض کو بند کرتا ہے معدہ اور جگر گرم کو قوت دیتا ہے جس
صندل سفید صندل سرخ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ انجبار دو تولہ ساڑھے سات ماشہ اناردانہ
نو ماشہ قند سفید آدھ ہی چھٹانک کم آدھ سیر بطریق مشہور کے شربت تیار کرین شربت حب الآس
مقوی جگر تخم مورد نو ماشہ طباشیر ساڑھے چار ماشہ پوست بیخ انجبار گلنار گل سرخ جو کے چھلکے ہر ایک
دو تولہ گیارہ ماشہ آب شیرین اور گلاب ہر ایک ساڑھے سات تولہ شربت صندل گیارہ تولہ تین ماشہ
بدستور مشہور بناوین شربت واسطے مالیخولیا اور سوداوی بیماریون کو نافع ہے جس کاسنی
کی بیخ تخم زرشک تخم بادرنجبویہ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ گاؤزبان ساڑھے دس ماشہ بادرنجبویہ

دو تولہ سوا دو ماشہ ابریشم پوست نو ماشہ بلیلہ ساڑھے تین ماشہ سونف بسفائج ہر ایک ایک تولہ
سب وزن سب دواؤنکے گلاب اور دو وزن سب دواؤنکے پانی میٹھے سیب مین جوش کرین کہ
ایک تہائی رہجاوے چھٹانک کم سیر قند سفید کا قوام دیکر شربت کرین شربت قند بلغم کو دفع
کرتا ہے اور سرد مزاج والون کو موافق ہے صفت سونٹھ دارچینی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
چھوٹی الائچی بڑی الائچی ہر ایک سات ماشہ لونگ ساڑھے تین ماشہ سب دواؤن کو کچلکر آدہی
چھٹانک سوا تین سیر پانی مین جوش کرین کہ سوا دو سیر رہجاوے سوا پاؤ کم پانچ سیر قند سفید
مین قوام دیکر شربت تیار کرین اور اوپر اوسکے زعفران پونے دو ماشہ پیسکر ملائین شربت
عسل معدہ اور جگر کو گرم کرتا ہے صفت بالچھڑ اور مصطگی دارچینی بڑی الائچی اگر خام چھوٹی
الائچی جائفل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ لونگ پونے دو ماشہ سب دواؤنکو کچلکر ڈیڑہ
چھٹانک کم ڈیڑہ سیر پانی مین جوش کرین کہ چھٹانک کم سیر رہجاوے صاف کرکے چھٹانک سوا آدہ سیر
شہد خالص مین قوام کرکے شربت بناوین شربت واسطے دفع خمار کے بے نظیر ہے صفت آلو بخارا
الی بیدانہ ہر ایک آدہی چھٹانک کم آدہ سیر عناب ولایتی پچاس دانہ تین چھٹانک کم تین سیر پانی
مین جوش کرین کہ چھٹانک کم سیر رہجاوے صاف کرکے پانی انار ترش پانی انار شیرین پانی
سیب پانی لیمون کا ہر ایک آدہی چھٹانک کم آدہ سیر اضافہ کرین اور قند سفید چھٹانک کم
سیر مین قوام دیوین شربت خشخاش جلد نزول ہونیکو نافع ہے امساک بہت کرتا ہے صفت
پانی انگور خام کا تین چھٹانک کم تین سیر سماق بانہ وگلنار گلاب کی پہول دہنیا خشک کند صعتر
سونٹھ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ زعفران مرکی پشکری ہر ایک ساڑھے تین ماشہ خبث الحدید سوا
گیارہ تولہ جوش کرین کہ تہائی پانی باقی رہے صاف کرکے استعمال کرین شراب داروی سخت
اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے نسیان اور امراض بلغمی اور سوداوی کو نافع ہے شہوت جماع کو قوت
دیتی ہے بوڑہے ہونکو موافق ہے صفت پانی انگور کا دو من پونے چودہ سیر پانی شیرین تین چھٹانک کم
تین سیر سیب اصفہانی آدہ پاؤ کم دو سیر گلاب آدہی چھٹانک کم آدہ سیر پانی خالص اٹہائی پاؤ کم زلق

موخر کا بند کرین اور تین روز تک سورج کے نیچے رکھیں بعد اوسکی صاف کر کے نوش فرمائیں

شیاف احمر لین **شلاق** اور غلظ اجفان اور رمد کو نافع ہے صص شادنج عدسی مغسول دو تولہ گیارہ ماشہ تانبا جلا ہوا دو تولہ چار ماشہ مونگے کی جڑ موتی بلا سوراخ تج بات ہر ایک چودہ ماشہ گوند ببول کا کتیرا مرکی ہر ایک سات ماشہ دم الاخوین زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ چھانکر شیاف کرین

شیاف احمر حار سبل اور ناخنہ اور سلاق کو اور حکہ کو نافع ہے صص شادنج مغسول پونے دو تولہ گوند ببول کا ساڑھے سترہ ماشہ تانبا جلا ہوا پھٹکری جلی ہوئی ہر ایک سات ماشہ افیون ایلوا ہر ایک پونے دو ماشہ زنگار پونے نو ماشہ زعفران مرکی ہر ایک چھہ رتی سوا دو چاول کوٹ چھانکر شیاف کرین

شیاف اخضر جرب اور سبل اور بیاض کو نافع ہے صص زنگار ساڑھے دس ماشہ اقلیمیا نقرہ اشق گوند ببول کا سفیداب ارزیز ہر ایک سات ماشہ گوند ببول کا اشق تلی کے پانی میں گھولیں اور دواؤن کو ٹکر چھانکر اوسمین گوندہین اور شیاف کرین

شیاف دیزج کنہ اور جرب اور سبل اور سلاق اور شعر زائد کو نافع ہے صص زنگار پونے دو تولہ گوند ببول کا اشق ہر ایک چودہ ماشہ اقلیمیا نقرہ اقلیمیا طلا افیون ہر ایک سات ماشہ مازو ساڑھے تین ماشہ کو ٹکر چھانکر تلی کے پانی میں گوندہین اور شیاف کرین

شیاف طرفیطون کنہ اور جرب اور سلاق اور استرخا پلک اور ریح سبل کو نافع ہی صص شادنج مغسول ساڑھے تین تولہ گوند ببول کا زنگار قلقطار جلا ہوا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ تانبا جلا ہوا چودہ ماشہ افیون زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سات ماشہ پانی سونف کی گوندہین اور شیاف کرین

شیاف ابیض افیونی رمد گرم کو نافع ہی اور درد سخت کو ساکن اور سن کرتا ہی صص سفیداب ارزیز دو تولہ چار ماشہ گوند ببول کا ساڑھے سترہ ماشہ افیون کتیرا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مرغ کی انڈے کی سفیدی مین گوندہ کر شیاف کرین

شیاف ازروقی ابتداء رمد کو نافع ہے صص سفیداب ارزیز دو تولہ چار ماشہ انزروت پلا ہوا گدہی کے دودہ میں کتیرا ہر ایک چودہ ماشہ مرغ کے انڈے کی سفیدی مین گوندہ کر شیاف کرین

شیاف گل سرخ منقول محمد زکریا سے ورم ملتحمہ کو نافع ہوا ور تیزی اوسکی

کمتر تیزی شیاف ابیض سے ہی سبکتر ہین شیافات کا شیاف وردی ہے صں گلاب کی پہول ڈیڑہ تولہ
زعفران سفیداب ارزیز ہر ایک نو ماشہ افیون گوند ببول کا ہر ایک ساڑہے چار ماشہ بدستور
شیاف کرین **شیاف برایو** مایہ شیاف ورم ملتحمہ کو ایک دن مین اصلاح پر لاتا ہے
صں شیاف یا ماشہ انزروت مربی ہر ایک دو تولہ چار ماشہ زعفران سات ماشہ افیون
پونے دو ماشہ کتیرا ساڑہے تین ماشہ کوٹکر پہین چہانکر منیہ کا پانی مین گوندہکر شیاف کرین اور مرغ
کی انڈی کی سفیدی کی ساتہ آنکہہ مین کہینچین **شیاف برایو** مابستر قسم پہلے سے ہی ورم ملتحمہ کو نافع ہے
سرخی آنکہہ کی دور کرتا ہی درد کو تسکین دیتا ہے صں اقلیمیا نقرہ دردی سوختہ ساڑہے تیرہ
افیون زعفران ہر ایک ساڑہے چار ماشہ کوٹکر اور پہین چہانکر مرغ کی انڈی کے سفیدی مین گوندکر
شیاف تیار کرین **شیاف قیصر** ناخنہ اور گوشت ناخنہ کو نافع ہے صں شادنج مغسول ساڑہے
تین تولہ گوند ببول کا تانبا جلا ہوا ہر ایک پونے دو تولہ زنگار ہر ایک سات ماشہ سونف کی پانی
مین گوندہکر شیاف کرین **شیاف غلوقی** بیاض کو پراگندہ کرتا ہے اور ورم ملتحمہ کو دور کرتا ہے
صں تانبا جلا ہوا ساڑہے دس ماشہ اقاقیا سات ماشہ کتیرا گوند ببول کا ہر ایک زعفران
ہر ایک ساڑہے تین ماشہ سونف کی پانی مین شیاف کرین **شیاف** اسود آنکہون مین
کہینچنا اور لیپ کرنا اس شیاف کا قضیہ ہے واسطے بیاض کی جو پلکون اور آنکہون مین پیدا
ہوتی ہون صں تانبا جلا ہوا افیون سوا پانچ ماشہ زعفران شیاف مامیثا ہر ایک پونے دو
موتی بلا سوراخ مونگے کی جڑ ہر ایک ساڑہے تین ماشہ اقاقیا ساڑہے سترہ ماشہ کوٹکر چہانکر
منیہ کی پانی مین شیاف کرین **شیاف ابیض** کندری قرحہ اور سدہ و غلیظ کو نافع ہے
صں سفیداب ارزیز دو تولہ چار ماشہ افیون انزروت پلا ہوا کتیرا ہر ایک ساڑہے تین ماشہ
گوند ببول کا چودہ ماشہ کندر پونے دو ماشہ منیہ کی پانی مین شیاف کرین **شیاف آبار** قرحہ
موتیہ کو نافع ہے حرارت کو بجہاتا ہے صں اقلیمیا الماس سفیداب ارزیز تانبا جلا ہوا سرمہ
گوند ببول کا کتیرا سرب یعنی سیسہ جلا ہوا ہر ایک دو تولہ چار ماشہ مرکی افیون ہر ایک ساڑہے تین

تیمہ کے پانی مین شیاف کرین شیاف آبار ہو بعد دیگر منفعت اوسکی قریب منفعت اول
کے ہے ص آبار جلایا ہوا سرمہ صفاہانی توتیا تانبا جلایا ہوا کتیرا گوند ببول کا ہر ایک پونزدہ تولہ
افیون پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر شیاف کرین اور بعضون نے اقلیمیا ر طلا سفیداب ارزیز
ہر ایک پونزدہ تولہ کندر چودہ ماشہ اضافہ کیا ہے شیاف کہ ابتداے نزول الماء کو نافع ہے
ص کنگی سفید دو تولہ دس ماشہ کالی مرچ ایک تولہ پانچ ماشہ اشق ساڑھے تین ماشہ مولی
کے پانی مین شیاف کرین شیاف روشنائی جرب اور ناخنہ اور تحجر اور ابتداء نزول
کو نافع ہے ص اقلیمیا نقرہ اقلیمیا طلا موتی بلا سوراخ ہر ایک سات ماشہ کافور مشک ہر ایک
چار رتی ڈیڑہ چاول باریک پیسکر تیمہ کے پانی مین شیاف کرین شیاف اصفر ابتداء نزول اور
تاریکی چشم کو نافع ہے ص انزروت پلایا ہوا شیاف مامیثا ہر ایک دو تولہ چار ماشہ مرکی جو اکھار
مرچ سفید ہر ایک چودہ ماشہ ہرتال زرد سات ماشہ زعفران سوا پانچ ماشہ کوٹکر چھانکر شیاف کرین
شیاف اصفر نوع دیگر ہرتال زرد توتیا ہندی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ مرچ سفید گوند ببول
کا ہر ایک ایک تولہ زعفران ساڑھے تین ماشہ سونف کے پانی مین شیاف کرین شیاف کندر
قرحہ اور شبرہ کو نافع ہے گوشت جماتا ہے ص اشق انزروت ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کندر دو
تولہ گیارہ ماشہ زعفران ساڑھے سات ماشہ اشق کو میتھی کے لعاب مین گھولین اور باقی دواؤن کو
اوسمین گوندہین اور شیاف کرین شیاف سماق جرب اور خارش اور سوزش اور حجحوظ
کو نافع ہے ص سماق گیارہ تولہ تین ماشہ تیمہ کے پانی مین پکاوین اور چھانین اور
پھر جوش کرین کہ گاڑھا ہو جاوے تھوڑی دیر رکھکر سرد کرین بعد اوسکے دو تولہ گیارہ
ماشہ سفیداب ارزیز اوسمین گوندہین اور شیاف تیار کرین اور بعض مجربین سماق کا پانی جوش
کرتے ہین یہانتک کہ گاڑھا ہو جاتا ہے گرد سماق اوسمین گوندہ کر شیاف تیار کرتے ہین شیاف
وردی آنکھ کی درد کی شدت کو فوراً دور کرتا ہے ص گلاب کے پھول چار تولہ ساڑھے چار ماشہ
زعفران دو تولہ چار ماشہ افیون دو تولہ گیارہ ماشہ پانچ سات ماشہ گوند ببول کا ساڑھے تین ماشہ

ینہ کے پانی مین شیاف کرین شیاف دینار سبل ہتیق کو مفید ہے ص بلدی تا نچ مقول
ایلوا شیاف مامیثا برابر کوٹکر چھانکر مینہ کے پانی مین شیاف کرین شیاف وردی آنکھہ
کی درد کی شدت کو اوسیوقت تسکین دیتا ہے ص گلاب کے پھول چار تولہ ساڑہے چار ماشہ
زعفران دو تولہ چار ماشہ افیون دو تولہ گیارہ ماشہ بابونہ ساٹھ ماشہ گوند ببول کا ساڑہے تین ماشہ
مینہ کے پانی مین شیاف کرین شیاف اسود نو حدیکر ورم ملتحمہ اور آنکھہ کی سوزش کو نافع ہے
اور سبل جو بسبب حرارت کے ہو مفید ہے اور آنسو بہنے کو روکتا ہے ص اقلیمیا طلا اسفیدہ کاشغری
گوند ببول کا افیون ہر ایک چودہ ماشہ ترس سوختہ بابونہ نشاستہ ہر ایک سوا پانچ ماشہ اقاقیا ہو
ہوا سات تولہ کوٹکر چھانکر اور بعض کے پانی مین اسکرمکوہ کے عرق مین شیاف کرین شیاف
اصطمطیقان استرخاء پلک اور تاریکی چشم اور ابتدای نزول کو نافع ہے ص اقلیمیا
طلا کالی مرچ افیون ہر ایک چودہ ماشہ گوند ببول کا شیاف مامیثا ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ
انزروت نمک ہندی ہرتال زرد ہر ایک ساڑہے تین ماشہ چاکو دو تولہ گیارہ ماشہ سونف
کے پانی مین شیاف کرین شیاف جرب اور غلظ پلک اور سبل کہنہ کو کہ بسبب حرارت کے ہو
مفید ہے اور سرخی اور سفیدی اور تاریکی آنکھہ کی دور کرتا ہے ص اقلیمیا نقرہ افیون ہر ایک
ساڑہے تین ماشہ سفیدہ کاشغری گوند ببول کا زنگار اشق ہر ایک سات ماشہ جس پانی مین
کہ اشق گھولا ہوا ہو شیاف تیار فرماوین شیاف ابتدای رمد کو نافع ہے درد کو تسکین
دیتا ہے اور خواب لاتا ہے ص شیاف مامیثا دو تولہ زعفران افیون رسوت گوند ببول کا
ہر ایک سات ماشہ کتیرا انزروت ہر ایک چودہ ماشہ حنا بید ستر ساڑہے تین ماشہ کوٹ کر
چھانکر شیاف کرین شیاف آنکھہ کے قرحہ کو خشک کرتا ہے اور گوشت نیک پیدا کرتا ہے
ص سفیدہ کاشغری دو تولہ گیارہ ماشہ کندر انزروت ہر ایک ساڑہے تین ماشہ افیون بوزن
دو ماشہ کافور آدہہ رتی تین چاول کوٹکر چھانکر شیاف کرین شیاف زنگاری جرب اور ریاح
سبل کو نافع ہے ص گوند ببول کا سفیدہ زنگار ہر ایک برابر وزن تلی کے پانی مین شیاف کرین

شیاف شوزہ جرب اور خارش خشک آنکہہ کی دور کرتا ہی اور کمنہ کو نافع ہے صص سونہہ ساڑہی سترہ ماشہ زردہ گوند ببول کا توتیا دہویا ہوا ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ رسوت چودہ ماشہ ہلدی زعفران ہر ایک سات ماشہ انگور خام کے پانی مین شیاف کرین شیاف غوب غوب آنکہہ کے ناصور کو کہتی ہین صص ایلوا کندر گلنار انزروت دم الاخوین سرمہ اصفہانی پہٹکری ہر ایک ساڑہی تین ماشہ زنگار چہہ رتی سواد ہ چاول گلاب مین ہیکر شیاف کرین اور سوراخ پیل سی پاک کرکے ٹپکاوین شیاف ورد قرحہ اور بثرہ اور سورسرخ اور نتو قرنیہ اور عنبیہ اور کمنہ المدہ کو نافع ہے اور پرانی ورم ملتحمہ کو مفید ہے صص گلاب کی پہول ستائیس تولہ اقلیمیا النقرہ جلا ہوا دہویا ہوا گوند ببول کا ہر ایک نو تولہ زعفران دو تولہ تین ماشہ افیون سرمہ ہر ایک ساڑہی تیرہ ماشہ زنگار برادہ تانبی کا بالچہڑ ہر ایک نو ماشہ مرمکی ڈیڑہ تولہ کوٹکر چہانکر مینہہ کی پانی مین شیاف کرین شیاف دینار جون رمد سوداوی کو نافع ہے صص سفیدہ کاشغری اقلیمیا ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ افیون نشاستہ ہر ایک ساڑہی تین ماشہ انزروت پانچ ماشہ کوٹکر چہانکر شیاف کرین شیاف آبار نوع دیگر اقلیمیا جلا توتیا سرمہ سفیدہ کاشغری روئی سوختہ کندر ہر ایک سات ماشہ دم الاخوین افیون ہر ایک ساڑہی تین ماشہ انزروت سوا پانچ ماشہ کوٹکر چہانکر شیاف کرین شیاف کندر قرحہ اور بثور کو نافع ہی صص اشق انزروت ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ کندر دو تولہ گیارہ ماشہ زعفران ساتہ ماشہ میتہی کے لعاب مین شیاف کرین شیاف قلقند ناخنہ کو نافع ہے صص روئی سوختہ ساڑہی سترہ ماشہ زنگار سات ماشہ نوشادر قلقند جوا کہار ہر ایک ساڑہی تین ماشہ ہرتال سرخ پونے دو ماشہ سرکہ مین گوندہین اور سات روز تک لگا رکہین بعد اوسکے شیاف کرین شیاف مرطرفہ کو نافع ہے صص مرمکی کندر زعفران ہر ایک ساڑہی تین ماشہ ہرتال سرخ پونے دو ماشہ شیاف کرین اور سات پانی دہنیا تازہ کے آنکہہ مین ٹپکاوین شیاف مرارات انتشار و ابتدای نزول کو نافع ہے صص پتہ کانک کا پتہ مارماہی کا پتہ

بکری پہاڑی کا پتہ باز کا پتہ عقاب کا پتہ چکور کا سب کو خشک کر کے تخم حنظل سکبینج فرفیون
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سونف کے پانی میں شیاف کریں شیاف مرارات نوع دیگر
ضعف بینائی اور ابتدای نزول کو مفید ہے صص پتہ جسند و کا پتہ عقاب کا پتہ مرغ کا پتہ
لومڑی کا پتہ مار ماہی کا سکھا کر برابر وزن سونف کے پانی میں شیاف کریں شیاف
مرارات نوع دیگر کنگھی کا پتہ مرغی کا پتہ چکور کا پتہ بھیڑیئے کا پتہ بکری پہاڑی کا پتہ تیتر کا
کا پتہ گرز کا پتہ کبوتر کا پتہ شیر کا پتہ لقلق کا پتہ خوک کا پتہ لومڑی کا پتہ خرگوش کا پتہ ہرن کا
پتہ مچھلی کا ہر ایک خشک کر کے ساڑھے تین ماشہ سکبینج فرفیون تخم حنظل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
سکبینج کو سونف کے پانی میں گھولیں باقی اور دوائیاں اوسمیں گوندھیں اور شیاف کریں شیاف
کہ قائم مقام مرارات کے ہے صص پتہ بکری پہاڑی کا تانبے کے برتن میں سکھا کر دو تولہ گیارہ ماشہ
تخم حنظل پونے دو ماشہ سکبینج سات ماشہ فرفیون نوشادر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ تلی کے پانی
یا سونف کے پانی میں شیاف کریں شیاف جلا آنکھ کو حکہ وجرب وسلاق اور آنکھ کی تاریکی
کو نافع ہے اور سبل اور ناخنہ اور خشونت پلک کو مفید ہے صص نیلا تھوتھا دھویا ہوا ایلوا
جستی شیاف مامیثا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ جھیل سونڈھ سمندر جھاگ رسوت پوست
زرد ہڑ کا بیج بات ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کتیرا گوند ببول کا ہر ایک نو ماشہ انگور خام کے
پانی میں شیاف کریں شیاف حابس خیالات اور ابتدای نزول کو نافع ہے
صص پھٹکری سفید ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ سکبینج ساڑھے دس ماشہ شہد میں ملا کر
شیاف کریں شیاف دینار جون نوع دیگر سبل اور ناخنہ اور جرب
کو نافع آنکھ کو جلا دیتا ہے صص اقلیمیا طلا اسفیدہ کاشغری ہر ایک دو تولہ گیارہ
ماشہ کتیرا مرکی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ صعی بلا سوختہ مونگے کی جڑ دم الاخوین
ہر ایک چودہ ماشہ ہڑتال سرخ مصری اقاقیا ہر ایک پونے دو ماشہ افیون دو تولہ زعفران
نشاستہ روئی جلی ہوئی ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر سونف کے پانی میں شیاف کریں

شیاف جرب اور سبل اور گوشت زائد کو نافع ہے صص تج پات پونے دو تولہ گوند ببول
کا ساڑھے ستر ماشہ زنگار ساڑھے دس ماشہ تانبا جلا ہوا اقاقیا قطار جلی ہوئی ہر ایک سات
ماشہ انیون فرنگی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زعفران پونے دو ماشہ پانی سرد مین شیاف
کرین شیاف دیگر یہی خاصیت رکھتا ہے صص زنگار ساڑھے دس ماشہ سفیدۂ کاشغری
اقلیمیا الفرہ گوند ببول کا اشق ہر ایک ساڑھے سات ماشہ اشق کو تلی کے پانی مین حل
کرین اور باقی دواؤن کو کوٹکر چھانکر اوسمین گوندہین اور شیاف کرین شیاف کہ
بثرہ اور قرحہ کو مفید ہے اور نشان قرحہ کا دور کرتا ہے صص شاخ گوزن سیسہ جلا ہوا
اور دھویا ہوا ہر ایک چودہ ماشہ برادہ تانبے کا دھویا ہوا سات ماشہ گوند ببول کا افیون
ساڑھے تین ماشہ شیاف کرین شیاف مسہل قولنج کھولتا ہے صفرا اور بلغم کو دفع
کرتا ہے اور درد پشت کو نافع ہے صص سکبینج گوگل جاوشیر اشق نمک ہندی شحم حنظل جوا کہار
سقمونیا انسوت حب النیل برابر وزن گوند کی قسم کی دواؤن کو تلی کے پانی مین گھولین
در باقی اور اجزا کو کوٹکر چھان کر اوسمین گوندہین اور شیاف کرین ہر ایک سات ماشہ
شیاف کہ درد پشت کو نافع ہے اور جوڑون کے درد کو جو بسبب سردی اور بلغم کے
عارض ہو مفید ہے صص سکبینج جاوشیر گوگل جوا کہار اشق سونٹھ سورنجان شقاقل شحم حنظل
نانخواہ جمود سونف ویسی سونف رومی نمک ہندی انزروت تربد سفید سنبل تخم کرفس ترکی
بل خشک برابر کوٹکر چھانکر تلی تازہ کے پانی مین گوندہین اور شیاف کرین شیاف دیگر درد
پشت اور بواسیر اور جوڑون کی درد کو نافع ہے صص سکبینج جاوشیر گوگل گندہ بیروزہ شحم حنظل
ہندی ماہی زہرہ بوزیدان ہر ایک ساڑھے پانچ ماشہ سورنجان انسوت ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
ریباس پونے دو ماشہ گندنا کی پانی مین شیاف کرین شیاف زحیر تحیش کو مفید ہے صص
انزروت مرکی کندر برابر وزن کوٹکر چھانکر شیاف کرین شیاف خیارشنبر املتاس کا
قولنج کھولتا ہے معدہ کو ملائم اور نرم کرتا ہے صص بنفشہ سات ماشہ خطمی ساڑھے دس ماشہ

شادنج مغسول ساڑھے سترہ ماشہ نمک ہندی ساڑھے تین ماشہ شہد خالص ملا کر شیاف بنا لیں ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ شیاف کریں **شیاف بنفشہ** کہ یہی خاصیت رکھتا ہے ص بنفشہ ساڑھے سترہ ماشہ نمک ہندی ہر ایک سات ماشہ جو اکھار سوت ہر ایک ساڑھے دس ماشہ قرقرت کباسہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ شیاف کریں **شیاف** اور تولیدین کو کہ بسبب باد غلیظ کی ہو سفید باد اور درد دماغی کو دور کرتا ہو اور درد سر کو کہ بسبب خلطوں غلیظ کی ہو دفع کرتا ہے ص تخم حنظل ساڑھے سترہ ماشہ اکا ساڑھے دس ماشہ جند بیدستر زراوند مدحرج افشردہ افسنتین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ فرفیون ۲ رتی سواد دیا دل کو کوٹ کر چھان کر گائے کے پتہ میں گوندیں اور شیاف کریں بوقت حاجت کے ایک آدھ سیر روغن تلخ میں حل کر کے کانوں میں ٹپکاویں **شیاف قولنج** جو اکھار دو تولہ گیارہ ماشہ تخم حنظل کوکل سکبینج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سقمونیا پونے نو ماشہ شکر سرخ دو تولہ گیارہ ماشہ شیاف کریں **شیاف فرفیون** ضعف مثانہ اور سلسل البول اور فتق کو نافع ہے ص زنجبیل تخم حنظل مقشر تخم بادام تلخ کرم دانہ حب الرشاد ہر ایک سات ماشہ فرفیون جند بیدستر تلی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوکل دو تولہ گیارہ ماشہ گندنا کی پانی میں شیاف کریں **شیاف** کہ شہوت جماع کو بہت بڑھانے والا ہے ص ہینگ فرفیون ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مشک پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر شیاف کریں **شیاف** دیگر یہی خاصیت رکھتا ہے ص پتہ سوسمار کا پتہ بھیڑیے کا منولہ حاقرقرحا برابر کوٹ کر چھان کر روغن بابونہ میں شیاف کریں **شیاف** استسقاء طبلی کو نافع ہے ریاح کو دفع کرتا ہے ص تلی حب النیل سوٹھ دیسی تخم اجمود سوت جو اکھار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ شکر سرخ ساڑھے سترہ ماشہ تلی کے پانی میں شیاف کریں **شیاف** دیگر بواسیر کے خون کو باز رکھتا ہے ص کندر انزروت دم الاخوین گلنار سرمہ پتھری سفید ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زنگار چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر شہد میں گوندیں اور شیاف کریں **شیاف** کہ یہی خاصیت رکھتا ہے ص اقاقیا ریشہ گد گلنار گیرو ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ودع سفید کاشغری ہر ایک پونے دو ماشہ بارتنگ کے پانی یا خرفہ کے پانی میں گوندہ کر شیاف کریں **شیاف** یہی عمل کرتا ہے ص افشردہ ریشہ گد اقاقیا جفت بلوط دم الاخوین ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سبیہ جا

مرکی سفیدہ کاشغری ہر ایک دو ماشہ بارتنگ کے پانی مین شیاف کرین شیاف کہ بعد اسہال
کے استعمال کرین اگر دستون مین کچھ قصور ہوئی گرم مزاج کو موافق ہے ص تخمین ماہی ستر
ماشہ صابون خطمی نمک طعام ہر ایک سات ماشہ شکر سرخ ساڑھے ستر ماشہ شیاف کرین شیاف کہ
خون کے دستونکو نافع ہے ص مرکی اقاقیا اجوائن خراسانی گلنار بڑی مائین بلوط چاول بھونے
ہوئے چار بھونی ہوئی کوٹکر چھانکر شیاف کرین شیاف پیچش اور خونکے دستونکو نافع ہے ص گوند
ببول کا اقاقیا افیون مازو اجوائن خراسانی کندر گیرو چاول بھونی ہوئے برابر کوٹکر چھانکر ہری
دھنیا کے پانی مین شیاف کرین شیاف غدہ یوطا اقاقیا آملہ گلنار گوند ببول کا کوٹکر چھانکر مورد
کے پانی مین گوندھین اور شیاف کرین پہلے مجامعت کے استعمال فرماوین شیاف چھوٹے چھوٹے
کیڑون کو جو بچون کی آنتون مین ہوتے ہین نکالتا ہے ص تخم حنظل قنطوریون کاب ہندی
مغز استخوان زرد آلو برابر کوٹکر چھانکر شیاف کرین

باب الصاد

صبغ چھیپ سفید کو ہمرنگ بدن کے کر دیتا ہے ص مولی کے بیج چیتہ مجیٹھ کندش رائی کوٹکر
چھانکر پرانے سرکہ مین تر کرین اور سورج کے نیچے بیٹھکر ملین صبغ برص کو رنگین کرتا ہے ص گندھک
شورہ قلمی بیکری مجیٹھ کوٹکر چھانکر شراب کی گاو مین تر کرین اور چند مرتبہ ملین صبغ دوسرا
یہی خاصیت رکھتا ہے ص چیتہ عاقرقرحا سوت رائی کلونجی گل لالہ ہرتال زرد مجیٹھ برابر کوٹکر
چھانکر بکری کی خون مین گوندھین اور ملین صبغ دیگر یہی خاصیت رکھتا ہے ص چیتہ مجیٹھ پھل
بیکری گلاب کی پھول کوٹکر چھانکر ایک رات دن سرکہ مین بھگو دیوین دوسرے دن ملین صبغ
دیگر کالی چھیپ کو دور کرکے جا بہ ہمرنگ جسم اصلی کے کر دیتا ہے ص مولی کے بیج دو تولہ گیارہ
ماشہ کندش کوٹ ہر ایک سات ماشہ پرانی سرکہ مین ملین صبغ رنگ کو سرخ کرتا ہے ص زعفران مجیٹھ
کندش مرکی مصطگی برابر کوٹکر چھانکر ساتھ پانی بلیوس کے تر کرکے رات کو ملین اور صبح کو گرم پانی سے
دھووین صبغ کہ نشان آبلہ اور زخمون کا مٹاکر ہمرنگ جسم کو کرتا ہے ص مردا سنگ ہو یا ہوا جرٹ

پانی مین ضماد کرین ضماد ورم پراَنے معدہ کو تحلیل کرتا ہے ص بابونہ کی بیج تخم کرنب ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ بابونہ اشق مصطگی ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ موم ساڑہی وتل ماشہ روغن ناردین چار تولہ ساڑہی چار ماشہ گوندکی چیزون کو پرانی شراب مین گہولین اور باقی اوردواؤنکو کوٹکر چہانکر اضافہ کرین اور موم روغن کی ضماد کرین ضماد کرہی خاصیت رکہتا ہی ص تیتی پیشکری خطمی السی بابونہ مصطگی ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ موتہا میٹہا چرایتہ اذخر ہر ایک سات ماشہ موم ساڑہی وتل ماشہ روغن بابونہ چار تولہ ساڑہی چار ماشہ بدستور سابق ضماد کرین ضماد صندلین واسطے معدہ اور جگر گرم کے نافع ہے ص صندل سرخ صندل سفید گلاب کی پہول شیاف ماميثا کافور کوٹکر چہانکر مکوہ کی پانی اور سرکہ مین ضماد کرین ضماد استسقا کو کہ بسبب حرارت کی ہووے نافع ہے ص آٹا جو کا موتہا بڑی گوکہرو جواکہار گیرو برابر وزن کوٹکر چہانکر سرکہ مین ضماد کرین ضماد نفخہ طحال کو فائدہ بخشتا ہی اور سختی کو نرم کرتا ہے ص سداب یعنی تلی دو تولہ گیارہ ماشہ جواکہار پودینہ ہر ایک ساڑہی وتل ماشہ اشق دو تولہ کوٹکر چہانکر پرانی سرکہ مین ضماد کرین ضماد الاشق سختی طحال کو مفید ہی ص اشق گوگل جواکہار نمک ہندی ہر ایک چودہ ماشہ چہڑیلا بڑی مائین ہر ایک پودینہ دو تولہ تلی دو تولہ چار ماشہ گندہگ سات ماشہ انجیر دس عدد انجیرون کو سرکہ مین بہگا دین اور اشق اور گوگل اوسمین گلادین اور باقی اوردواؤنکو کوٹکر چہانکر ملادین اور ضماد کرین ضماد درد رحم اور دبر کو تسکین دیتا ہے ص زعفران افیون اجوائن خراسانی چربی مرغ کی ہر ایک سات ماشہ خطمی السی ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ زردی انڈی مرغ کی ایک بیضہ استخوان زرد انڈے کو روغن مین ضماد کرین ضماد واسطے فتق کے مفید ہے ص جوزالسرو سات ماشہ موتہا گوند ببول کا دونا مروا مازو اقاقیا کندر ہر ایک ساڑہی تین ماشہ کوٹکر چہانکر پرانی شراب مین لیپ کرین ضماد دیگر یہی خاصیت رکہتا ہی ص جوزالسرو ایلوا تلی کی پتی گندہ بیروزہ بابونہ برابر وزن کوٹکر چہانکر روغن کوٹ مین ضماد کرین ضماد نوع دیگر یہی منفعت رکہتا ہی ص مصطگی کندر مازو جوزالسرو برگ سرو مُر کی مرشیش بلوط برابر وزن کوٹکر چہانکر سرکہ

سر کہ مین لیپ کرین ضماد نقرس سے بدکو مفید ہے اور ورم سرد کو نافع ہے ص گوگل ہیئتی
سکنہ السی اشق کو شکر جبانکر شراب مین ضماد کرین ضماد ویکپان یعنی تیر کو بدن سے باہر لاتا ہے بڑم
اشق پیاز نرگس بیخ نے یعنی نل کی جڑ کو ٹکر جبانکر شہد مین ملا کر ضماد کرین ضماد واسطے خنقون سرد
معدہ اور جگر اور طحال کو مفید ہے ص افسنتین رومی بابونہ یعنی ایلوا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
عود بلسان زعفران ہر ایک سات ماشہ موم دو تولہ چار ماشہ موم کو روغن ناردین یا روغن
کوٹ یا روغن بلسان مین پگھلا وین اور باقی دوائون کو کوٹکر چھانکر اوسمین گوندھین اور ضماد
کرین ضماد نقرس اور گرم ورمون کو نافع ہے ص صندل سرخ مسو جیلی ہیولی الایچی تیتا
ماہیزا گیرو کو ٹکر چھانکر گلاب اور کاسنی کے پانی مین ضماد کرین ضماد ضعف معدہ کو کر ببب حرارت کی
نافع ہے ص تخم سورد آملہ اقاقیا گلنار برگ مورد پوست بہی پوست سیب گلاب کی ببول میٹھا چرایتہ
سرخ صندل سفید کوٹ کر چھانکر گلاب اور سیب کے پانی مین ضماد کرین ضماد کہ لقوہ و
فالج اور درد سر اور درد چشم اور آدھا سیسی اور دانتون کی درد کو نافع ہے اور اگر کنپٹیون پر
کرین مانع نزلات چشم ہے اور اگر شانہ پر لیپ اوسکا کرین تو پیشاب کو جاری کرتا ہے اور جو
کہ ٹوٹے ہوئے ہیں ان درد کو فوراً تسکین دیتا ہے اور جو اوپر شکم کے ضماد کرین درمون ضمادلیہ
کو فائدہ بخشتا ہے ص حی العالم سات ماشہ موم سفید دو تولہ گیارہ ماشہ رانج ساڑھے دس ماشہ
روغن زیتون گیارہ تولہ آٹھ ماشہ رانج کو روغن زیتون مین پگھلا وین اور حی العالم کو کوٹکر
چھانکر اضافہ کرکے ضماد کرین ضماد اگر معدہ پر کرین تو عارض ہو ہی اور اگر ناف پر لیپ کرین ...
لاوے اور اگر پیٹرو پر رکھین حیض جاری ہو ص بابونہ بنگ اقاقیا ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ
کتان سفید مردار سنگ ہر ایک چودہ ماشہ روغن زیتون دو تولہ گیارہ ماشہ موم سفید چربی بکری کا
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ موم اور چربی کو روغن زیتون مین پگھلا وین اور باقی دوائیں کو
کوٹکر چھانکر اوسمین ملا وین اور کاغذ کے تار کھیے اوپر رکھکر ضماد کرین ضماد اگر کپڑے پر لگا کر معدہ
پر رکھین اسہال صفرا لاوے اور اگر نیچے بغل کے لیپ کرین اسہال صفرا لاوے اور جو درمیان زانو کے

اگر بلغم کو براہ اسہال دفع کرے اور یہ ضماد اسرار الاطبا سے ہے بچون اور بوڑہون اور ادن
آدمیون کو کہ طاقت دستون کی اور اسہال کے پینے کی نرکہتے ہون بہت فائدہ بخشتا ہے صن ترمس مقشر ایک
شی لیکر کوٹین اور دیگ مین رکہین اور اوس قدر شیر تازہ کہ اوسکو چہپا لیوے اوپر اوسکے ڈالکر جوش
کرین کہ ترمس کو جذب کر لیوے بعد اوسکے برابر وزن اوسکے گہی گائی کا اضافہ کرکے پہر جوش دیوین
کہ قوام ہوجاوے نگاہ رکہین اور بر وقت حاجت کی استعمال کرین اور جو چاہین کہ دست بند ہوجاوین
کپڑا اوسمین لیوین اور موضع کو گلاب سے دہو دین فوراً اسہال بند ہوجاوینگے ضماد قطع کسیر و ریحون
کو نافع ہے صن متاثث ماش گیرو ہر ایک چودہ ماشہ خطمی مرکی ہر ایک سات ماشہ اقاقیا ایلوا ہر ایک
ساڑہے تین ماشہ کوٹکر ساتہ مرغ کی انڈے کی زردی اور پانی مورد کی ضماد کرین ضماد عرق النسا
اور وجع الورک کو نافع ہے صن پوست بیخ کبر پودینہ پہاڑی عاقرقرحا ہر ایک سات ماشہ پانی نچوڑا ہوا
کریلہ کا حب الغار ہر ایک ساڑہے تین ماشہ کوٹکر چہانکر شربت عناب مین ضماد کرین ضماد نوعا دیگر
نطرون سات ماشہ کوٹ تخم ترہ تیزک ہر ایک ساڑہے تین ماشہ زفت ساڑہے سترہ ماشہ زفت کو روغن
زیتون مین پگہلاوین اور باقی ادویہ کو اسیان کوٹکر چہانکر ملاوین اور ضماد کرین ضماد نافع ہے واسطے
اوس شے کے جو گرد ناخن کے نمودار ہوجاتا ہے صن مصطگی ساڑہے دس ماشہ روغن گل چار تولہ ساڑہے
چار ماشہ مین پگہلاوین اور سات ماشہ نمک اوسمین ملاکر ضماد کرین ضماد سفیدی ناخن کو مفید ہے
صن تال سرخ پہٹکری گندہک ہر ایک ساڑہے تین ماشہ زفت رومی دو تولہ گیارہ ماشہ زفت کو شہد اور
سرکہ مین پگہلاوین اور باقی ادویہ کو کوٹکر چہانکر اوسمین گوندہین اور لیپ کرین ضماد استسقا طبلی
کو نافع ہے صن بابونہ اکلیل الملک زرنجوش سویا پودینہ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ روغن زیتون ساڑہے
دس ماشہ کوٹکر چہانکر سداب یعنی تلسی کی پانی مین ضماد کرین ضماد ورم بلغمی معدہ کو نافع ہے صن
جعدہ ساڑہے سترہ ماشہ خطمی کی جڑ چار تولہ ساڑہے چار ماشہ اکلیل الملک حماما بابونہ سویا مصطگی ہر ایک
دو تولہ گیارہ ماشہ افسنتین رومی ایلوا ہر ایک دو تولہ کندر پودینہ دو تولہ چربی بط کی ساڑہے تین تولہ
چربی مرغ کی پانچ تولہ دس ماشہ موم سفید آٹہہ تولہ نو ماشہ بدستور مشہور ضماد کرین ضماد بواسیر

تخم گندنا السی گوگل ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ روغن گاؤ مین گوندہکر ضماد کرین ضماد قروح مقعد
کو مفید ہے ص افیون زعفران ہر ایک دو رتی ایک چاول مرداسنگ ساڑہی چار ماشہ سفیدہ
کاشغری پونے دو ماشہ روغن گل ساڑہی سترہ ماشہ ضماد کرین ضماد بچہ مردہ اور مشیمہ کو باہر
نکالتا ہی ص شحم حنظل کوٹ تلی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ مرمکی ساڑہے تین ماشہ کوٹکر چہانکر گائی
کے پتہ مین گوندہین اور پیڑو اور ناف پر ضماد کرین ضماد درد سر سرد کو نافع ہے ص بابونہ اکلیل الملک
درمنہ ترکی سویا ورق النار دونا مروا برابر وزن گل خیرو کے روغن مین ضماد کرین ضماد سیلان
صفراوی کو فائدہ بخشتا ہی ص برگ مورد گلاب کی پہول گلنار صندل ہر دو آملہ لادن سماق
اقاقیا سوت برابر کوٹ کر چہانکر مورد کی پانی مین گوندہ کر شکم پر ضماد کرین ضماد رقیق الاسعاء
بلغمی کو نافع ہے ص لادن موم سالہ مصطگی بلیلہ چرایتہ اذخر دونا مروا قلم ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ
اقرقرحا جائفل لونگ ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹکر چہانکر مورد کے پانی مین ضماد کرین ضماد خون نکسیر
کو بند کرتا ہے ص گیرو گل مختوم گوند ببول کا تخم خرفہ کتیرا گلاب کی پہول گلنار فقاح گوزن سوختہ
افشردہ ریش برگد ہر ایک سات ماشہ مازو ساڑہی تین ماشہ کوٹ کر چہانکر مورد کی پانی مین ضماد
کرین ضماد ورم مقعدی کو فائدہ بخشتا ہی ص لادن آٹا گیہون کا آٹا جو کا آٹا باقلا کا خطمی
میتہی ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ زعفران پونے دو ماشہ کوٹکر چہانکر مرغ کی انڈی کی زردی مین
ضماد کرین ضماد عورت کی چہاتیون کو بڑہاتا ہے ص قیمع سوختہ آٹا جو کا برابر وزن کوٹ کر
چہانکر سرکہ مین گوندہین اور ہر مہینہ مین تین دن برابر ضماد کرین ضماد کرین گوش کی ورم کو تحلیل
کرتا ہے ص چربی بط کی چربی مرغ کی ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ پگہلاوین اور ساڑہی سترہ ماشہ
بکری کی مینگنی پرانی کو ٹکرا اوسمین گوندہین اور لیپ کرین ضماد خون حیض کو بند کرتا ہے
ص سو رتقشر پوست انار ترش مازو برگ مورد کو ٹکر چہانکر سرکہ مین گوندہین اور شتہ
اور شکم اور پیڑو پر ضماد کرین ضماد ناف کی ٹلجانیکو نافع ہے ص مینگڑی ساڑہے دس ماشہ
مازو تین عدد کوٹ کر چہانکر پونے دو تولہ سرکہ مین ضماد کرین اور پٹی سے مضبوط باندہین

ضماد کہ نقرس گرم کو مفید ہے ص آٹا جو کا پانچ تولہ دس ماشہ افیون ساڑہی ونل ماشہ کدو کے پانی مین ضماد کرین ضماد و نقرس مرکب کو نافع ہے ص لعاب خطمی تخم مورد آٹا جو کا سورنجان برابر وزن روغن گل اور مرغ کے انڈے کی زردی مین ضماد کرین ضماد وجع مفاصل یعنے گٹھیہ کی سب قسمون کو فائدہ بخشتا ہے ص بابونہ خطمی اکلیل الملک ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ اشق جاوشیر گوگل ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ موم وسر کہ ہر ایک ساڑہی ستر ماشہ سوئی کا تیل پانچ تولہ دس ماشہ ضماد کرین ضماد ورم کی سب قسمون گرم کو ابتدا مین بہت فائدہ دیتا ہی اور مادہ کو رجوع کرتا ہے ص شیاف ابیضا اقاقیا چالیہ صندل سرخ کدو کے پانی مین لیپ کرین ضماد بواسیر اور درد مقعد اور حکہ کو نافع ہے ص مغز ساق گاو دو تولہ گیارہ ماشہ موم سفید ساڑہے دس ماشہ اقاقیا دم الاخوین کندر مرکی ہر ایک پونے دو ماشہ گوگل ساڑہے تین ماشہ افیون چار رتی ڈیڑہ چاول روغن گل پانچ تولہ دس ماشہ مین بدستور ضماد کرین ضماد واسطے بواسیر کے مخصوص ہے ص گٹھلی خوبانی کی ایک تولہ ساڑہی دس ماشہ چربی بط کی ساڑہے دس ماشہ سلارس ساڑہی ستر ماشہ گوگل سات ماشہ زفت پونے سات ماشہ ضماد کرین ضماد نوع دیگر پیاز گندنا روغن بریان ہر ایک ساڑہے ستر ماشہ گوگل ساڑہے تین ماشہ زعفران پونے دو ماشہ افیون چہ رتی سوا دو چاول ضماد کرین ضماد واسطے خارش بدن کے جو بسبب خشکی کے عارض ہووے نہایت مجرب ہی ص تخم منوا مڑباریک پیسکر کہ مین چانکر دہی مین ملا کر ایک رات دن نگاہ کہین اور بعد اوسکے اعضا پر خوب مالش کرین اور دو گہری سورج کی نیچے بیٹہیں اور بعد اوسکے غسل کرین ضماد وادکی جسکو کاکسی عضو پر کہ مادہ صفرا سے ہو مجرب ہی ص صندل سرخ صندل سفید ہر ی دہنیے کے پانی مین پیسکر لیپ کرین اور اگر مادہ بلغمی ہو روغن بابونہ مفید ہے ضماد ورم سر خنسیہ کو نافع ہے ص آٹا باقلا کا قیہی بابونہ زیرہ مویز منقی تل کی کھلی ضماد کرین ضماد خنازیر کو مفید ہے ص کتیرا ساڑہے ستر ماشہ ابہوائن سات ماشہ ایلوا

ساڑہے تین ماشہ ہرے دہنیہ کے پانی مین ضماد کرین

باب الطاء

طلا درد سر گرم کو نافع ہے **صں** صندل سرخ صندل سفید تخم کاہو ہر ایک ساڑہے دس ماشہ گلاب کے پہول نیلوفر کے پہول ہر ایک چودہ ماشہ زعفران ساڑہے تین ماشہ افیون ماميثا ہر ایک سات ماشہ بیخ لفاح سوا ساڑہے چار ماشہ ہری کاہو کے پانی مین تر کرکے ماتہے اور کنپٹیون پر لیپ کرین **طلا** کان کی بچہو کے ورم کو مفید ہے **صں** صندل سرخ چہالیہ شیاف ماميثا ایلوا زعفران مرکی برابر وزن سانتہ گلاب کی طلا کرین **طلا** رعاف آتا ہو کا گلنار اقاقیا افشردہ ریش برگ افیون صندل سفید ہر ایک ساڑہے دس ماشہ کافور چار رتی ڈیڑہ پاؤ گلاب مین تر کرکے ماتہے پر طلا کرین **طلا دیگر** یہی خاصیت رکہتا ہی **صں** اقاقیا نشاستہ گیرو کتا برابر وزن کوٹکر چہانکر سورد کے پانی یا انگور کے پانی یا بارتنگ کی پانی مین گوندہکر ماتہے پر لیپ کرین **طلا دیگر** بالونکو گرنیسے بازرکہتا ہے **صں** ہنسراج لادن آشنین وسمی حب الغار برابر کوٹین اور روغن سورد مین پکاوین اور طلا کرین **طلا** بالونکو ٹوٹنے سے نگاہ رکہتا ہے **صں** برگ چقندر لعاب اسپغول حمام مین طلا کرین یعنی سر اور ریش پر لگاوین **طلا** کہ سبوسہ سر کو منع کرتا ہے **صں** چقندر کی پتونکا پانی گیارہ تولہ آٹھہ ماشہ جوا کہار سات ماشہ پتہ گائی کا ساڑہے تین ماشہ شہد مین گوندہین اور سر پر طلا کرین **طلا** بال جمنے کو مانع ہے **صں** ونغ کو سایہ مین خشک کرین اور پیسین اور لاک پشت نہری خشک کیا ہوا اور چونہ جوا کہار مردار سنگ سیپ جلی ہوئی ہر ایک قدرے پانی مین گوندہین مثلاً اگر بغل یا پیڑو پر استعمال کرین تو اول چاہیے کہ بال اون مقامات کی اوکہاڑین بعد اوسکے یہ طلا لگاوین اور خوب مالش کرین یہ بال وہان پیدا نہونگے اور اسیطرح مخدرات یعنی سن کرنیوالی چیزین یہی خاصیت رکہتی ہین مثلاً بال کسی جگہ کی اوکہاڑین اور اوس جگہہ بنگ اور افیون اور شوکران طلا کرین کئی مرتبہ تو بال جمنے کو مانع ہونگے **طلا دیگر** اسی مقدمہ مین مجرب ہی **صں** تخم خرفہ نورہ شمند چہالیہ

[margin note:] ؎ نقل بیل یا برج کہیں کا نام اسکا برن سنا دیا دو حوتی ہے ایک قسم مہیا ہے

ترنج تریخ کی ہرایک قدری باہم ملاوین اول بال اوکھاڑین بعد اوسکے اوس طلا کو تین دفعہ اوس
جگہہ پر ملین بال جمنے کو مانع ہوگا اور اگر سپلے بلوغ اور جمنے بالونکے یہہ طلا استعمال کرین بال کو
موضع کے جمنے سے باز رکہینگے طلا اوبال جاتا ہے اور مرض داء الثعلب کو مفید ہی حص لادن تخم
السی کی لکڑی گل لالہ ساتہہ روغن معہود کے طلا کرین یا برگ متوکو کوٹکر پالاؤن اوسمین روغن
مصطگی مین ملاکر ملین یا شگوفہ اذخر لونگ موتتا مازو کو کوٹکر چہانکر ساتہہ شراب کی طلا کرین یا
پیاز جنگلی اول اسقدر ملین کہ آبلہ پڑجاوی بعدہ سم تخیر کا جلا ہوا روغن دنبہ ملاکر طلا کرین
مانع ہوگا اور اگر سمندر جہاگ برنجاسف سوختہ روغن میتونین طلا کرین یہی عمل رکہتا ہے طلا جو
جرب اور خارش خشک کو نافع ہے حص مغز تخم خربانی تخم ریباس پانچ تولہ دس ماشہ نمک طعام
کشتہ پارہ کا ہرایک سات ماشہ سب دواونکو پانچ تولہ دس ماشہ پیہا چہہ مین گائیکے ملاوین
اور حمام مین طلا کرین اور ایک گہنٹہ تامل کرکے پانی سے دہووین طلا اوکی یہی خاصیت رکہتا ہے
حص پارہ دہویا ہوا ہندی تخم حنظل اقلیمیا نقرہ مسو مقشر سرکہ اور روغن گل مین طلا
کرین طلا کی یہی منفعت رکہتا ہے حص مغز بادام تلخ سنا کی بردار سنگ ہرایک ساڑہی دس ماشہ
کنجد مقشر دو تولہ سرکہ اور روغن گل مین طلا کرین طلا کی یہی منفعت رکہتا ہے حص ہلدی جو کہا
مرکی کندش کوٹ ہرایک ساڑہے تین ماشہ سلارس ساڑہے سترہ ماشہ روغن گل مین ترکرکے
حمام مین طلا کرین اور تین گہنٹہ تامل کرکے گیہون کی بہوسی اور گرم پانی سے دہووین طلا
کی یہی خاصیت رکہتا ہے حص گندک ساڑہے چار ماشہ چربی بکری کی نو ماشہ روغن گل تین تولہ نو ماشہ
چربی کو روغن مین پگہلاوین اور گندک پیسکر اوسمین ملاوین رات کو ملین صبح کو حمام مین
دہووین طلا اسکی یہی منفعت رکہتا ہی حص پارہ دہویا ہوا ساڑہے سترہ ماشہ کندش سات ماشہ
زراوند طویل دو تولہ روغن گل مین تین دن طلا کرین طلا واسطی خارش تر کے نظیر نہین
رکہتا ہے حص گندک ہندی ہرایک ساڑہے چار ماشہ پوست زرد ہڑ کا پارہ دہویا ہوا ہیچہ
ہرایک ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ کالی مرچ چار رتی ڈیڑہ چاول روغن دنبہ ساڑہے

کندش ایک بوٹی کی جڑ ہے اوسکا رنگ سفیدی اور سیاہی لیے ہوتا ہے ملک شام مین پیدا ہوتی ہے اوسکے سونگہنے سے چہینک آتی ہے ۱۲

نشاستہ تولہ باہم ملاوین رات کو ملین اور صبح کو گیہون کی بہوسی اور گرم پانی سے حمام مین دہوڈین
طلا واسطے خارش خشک کی نافع ہے ص تخم خشخاش یا اِک کوٹکر سرکہ مین بہگو دیوین اور تمام
مین ملین طلا از خصیہ کی خارش کو مفید ہے ص شیاف مامیثا اقاقیا ہر ایک چودہ ماشہ
اشنان سات ماشہ نوشادر چار رتی ڈیڑہ چاول زعفران دو جو کے برابر کوٹکر چہانکر روغن گل
اور سرکہ مین تر کرکے طلا کرین طلا اُریہی خاصیت رکہتا ہے ص صندل شیاف مامیثا اقاقیا
ہر ایک ساڑہے دس ماشہ ایلوا نوشادر ہر ایک دو ماشہ چہ چاول نشاستہ ساڑہے
تین ماشہ گلاب اور سرکہ مین طلا کرین طلا کہ داد کو نافع ہے ص گندہک
سات ماشہ سفیدہ کاشغری دو تولہ چار ماشہ مونگیح ساڑہے تین ماشہ سرکہ مین طلا کرین طلا دیکر
یہی خاصیت رکہتا ہی ص گنگی سفید چودہ ماشہ ترمس سیب جلی ہوئی نطرون ہر ایک ساڑہی دس ماشہ
کوٹکر چہانکر سرکہ مین تر کرکے طلا کرین طلا ایہی خاصیت رکہتا ہی ص اشق ترمس ہر ایک ساڑہے
تین ماشہ چراکہار سات ماشہ پرانی سرکہ مین گوندہکر طلا کرین اور بعد ایک گہنٹہ کے گرم پانی سے
دہو دین طلا آگ سی جلے ہوی کو نافع ہے ص مسو مقشر گلاب کے پہول پکاوین کہ مہرا ہو جاوے
بعد اوسکی سفیدہ کاشغری آٹا جو کا روغن گل اوسمین ملاوین اور طلا کرین طلا ثالیل
یعنی مسون کو قطع کرتا ہے ص مازو پیشکری تخم ترہ تیزک کوٹکر چہانکر گائی کے پتہ مین گوندہنا
اور کئی مرتبہ طلا کرین طلا واسطے ترہل اور ورم نرم کہ بعد بیماری دراز کے پشت اور منہ
اور آنکہہ پر ظاہر ہوتا ہے نافع ہے ص ایلوا اقاقیا مرکی موتما شیاف مامیثا زعفران رسوت
گیرو کوٹکر چہانکر سرکہ اور مکوہ کی پانی مین طلا کرین طلا درد سر کو نافع ہی ص مرکی زعفران
افیون اجواین خراسانی کندر برابر وزن تر کرکے کنپٹیون پر طلا کرین طلا اسقوم یعنی نیند
لاتا ہے ص نیلوفر بنفشہ کاہو ہر ایک ساڑہی دس ماشہ پوست خشخاش شیاف مامیثا ہر ایک
سات ماشہ صندل سرخ صندل سفید ہر ایک نو ماشہ کوٹکر چہانکر کدو کاہو کے پانی مین کرکے
ماتھے اور کنپٹیون پر طلا کرین طلا آتی اور دستون کو باز رکہتا ہے ص گلاب کے پہول

ساڑھے ستر ہ ماشہ اقاقیا گلنار مازو پشکری جوز السرو صندل سرخ صندل سفید سوربرگ مورد
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بسلوچین سات ماشہ پانی مین پیسکر معدہ اور پشت اور شکم پر طلا کرین طلا
ورم جگر گرم کو نافع ہے صص بنفشہ خطمی آٹا جو کا ہر ایک دو تولہ گلاب کے پھول چودہ ماشہ صندل
سرخ صندل سفید برگ مورد ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بسلوچین سات ماشہ بابونہ اکلیل الملک تخم کاسنی
تخم کشوث نیلوفر ہر ایک سات ماشہ شیاف مامیثا ساڑھے دس ماشہ ریوند چینی ساڑھے تین ماشہ بالچھڑ پوستی
دو تولہ کوٹ کر چھانکر گلاب اور کاسنی کے پانی مین ملا کرین طلا واسطے ورم گرم خصیہ کے نافع ہے
صص بابونہ اکلیل الملک خطمی شیاف مامیثا پوشت درخت بندی ہر ایک دو تولہ صندل سرخ صندل سفید
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بنفشہ سات ماشہ کوٹ کر چھانکر گلاب اور کاسنی کے پانی مین ملا کرین طلا جو
خون حیض کو بند کرتا ہے اگرچہ بکثرت جاری ہو صص سور گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
اقاقیا گلنار فارسی صندل سرخ صندل سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کثیرا چودہ ماشہ بلوط بسلوچین
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھانکر بہی کے پانی مین ملا کر پیڑو پر عورت کی طلا کرین طلا واسطے
بنات اللیل کے نافع ہے صص خطمی بابونہ اکلیل الملک ہر ایک چودہ ماشہ پوشت درخت بندی ترس ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ شیاف مامیثا سوا پانچ ماشہ آٹا باقلا کا ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھانکر گرم پانی مین
ملا کرین طلا واسطے سعفہ یعنی گنج سر کے جو رطوبت رکھتا ہو نافع ہے صص سفیدہ کاشغری
ساڑھے دس ماشہ گلاب کے پھول سات ماشہ گلنار فارسی ہلدی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کافور
برابر دو جو کے موم سفید پوست نو ماشہ روغن گل تین تولہ موم کو روغن مین پگھلا دین اور
باقی دواؤنکو کوٹ کر چھانکر اوسمین ملا دین اور طلا کرین طلا یہی خاصیت رکھتا ہے صص اشنان
مرداسنگ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ گیرو رسوت پوست انار ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مہندی چھیلہ
ہر ایک چودہ ماشہ اقاقیا شیاف مامیثا ہر ایک سات ماشہ گلاب مین تر کر کے طلا کرین طلا کہ یہی منفعت
رکھتا ہے صص گل ملتانی چودہ ماشہ مہندی مازو ہر ایک سات ماشہ دنبہ کی روغن مین ملا کرین طلا کہ یہی
خاصیت رکھتا ہے صص گل چقندر کا پانی روغن دنبہ ہر ایک ڈیڑھ پاؤ جوش کرین کہ پانی جلجاوے اور روغن

ملا دوش دریوزی [illegible]
[illegible]
[illegible]

باقی رہے بعد اوسکے برگ مہندی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کو نکر جہانکر اوسمین ملا دین اور طلا
کرین طلا واسطے سعفہ اطفال کے کہ مونہہ پر ہوتا ہے ص ہلدی مہندی زراوند مردار سنگ
انار روغن گل اور سرکہ مین طلا کرین طلا او دیگر یہی منفعت رکہتا ہے ص نمک جلا ہوا پہٹکری جلی
گندہک پارہ مار و ہلدی زراوند مردار سنگ کو نکر جہانکر روغن گل اور سرکہ مین طلا کرین طلا او
سعفہ تر کو نافع ہے ص نمک اشنان سرکہ مین تر کرکے کئی مرتبہ بالمین اگر صابون گلاب مین
کرکے آگ لاوین بعد اوسکے تخم بنفشہ کی موم سفید روغن بنفشہ بادام ہر ایک قدری اضافہ کرکے
کرین اور ایک ساعت تامل کرکے گرم پانی سے دہوویں گنج کو برطرف کر دیتا ہے طلا کہ شپش کو
دفع کرتا ہی ص مویزج شورہ ہر ایک سات ماشہ ہرتال سرخ سوا پانچ ماشہ پارہ دہویا ہوا ساڑھے
تین ماشہ سرکہ اور روغن گل مین طلا کرین اور اگر بدنکو روغن کا فیشہ سے چرب کرین پاجس میں پانی
گلاب کی پہول اور برگ مورد جوش کیا ہووی دہوویں نہایت مجرب اور نافع ہے طلا او دیگر
کہ یہی خاصیت رکہتا ہے ص مویزج ہرتال سرخ زراوند طویل برابر وزن روغن زیتون میں
ملاکر حمام مین کہ جسوقت پسینہ آوے یہ دوا طلا کرین طلا اوجانی کو دور کرتا ہے ص پوست بیضہ
مرغ اشنان خربزہ کے پانی مین پیسا ہوا آٹا جو کا بیخ زیتون مسور آٹا باقلا کا چہالیہ سمندر جہاگ کاسیر آزر
برابر وزن مولی کے پانی مین طلا کرین طلا برص کو دور کرتا ہے ص صندل سفید ہرتال
سرخ برابر وزن شیر تازہ مین طلا کرین طلا کہ اثر زردی کا چہرہ سی دور کرتا ہی ص زراوند
چینیہ ہر ایک سات ماشہ آٹا باقلا کا آٹا نخود مسور سرخ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ مرغ کے انڈیکی سفیدی
مین تر کرکے رات کو طلا کرین اور صبح کو اوس پانی مین کہ عرفہ کو نکر جوش کیا ہو دہوویں طلا او
کو نافع ہے ص مہندی نمک ہندی کو نکر جہانکر سرکہ مین تر کرکے حمام مین ملین اور ایک گھنٹہ تامل
کرکے گرم پانی اور ... مو نکل ہو سی سے دہوویں طلا جذام کو نافع ہے ص نطرون اشق فرفیون
گندہک برگ انجیر برابر وزن سرکہ مین طلا کرین طلا واسطے جہائی کے مجرب ہے ص تمس تخم مولی
تخم چیک کوٹ مغز بادام تلخ چوک مار کالی مرچ گوگل برابر وزن برگ مولی کے پانی مین طلا کرین

طلا برص اور چھیپ کو دور کرتا ہی ص مجیٹھ کندش چیتہ رائی تخم بازریون تخم خنظل کنگی سفید کنگی سیاہ تو بیزج سقمونیا ہر ایک ایک جزو گل لالہ دو جزو کوٹکر ایک رات دن سرکہ مین بھگو دین دوسری دن طلا کرین طلا چھیپ سیاہ و سفید کو فائدہ رکھتا ہی ص گل لالہ سقمونیا چیتہ تخم مولی رائی گوند آلو کا ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کوٹکر ایک رات دن سرکہ مین بھگو دین بعد اوسکی حمام مین میل بدن کا صاف کرکے یہ طلا استعمال کرین اور مولی پیسکر سرکہ مین ملین یہی عمل کرتا ہی طلا واسطی کدو دانہ اور کیڑونکے جو اکثر بچونکی شکم سے نکلتی ہین مفید ہے ص افسنتین ساڑھے دو ماشہ برگ شفتالو تین تولہ پتہ گای کا ایک عدد حوالی ناف پر طلا کرین طلا جو سر چشم پر لگا دین بال جما دیوے ص کالی مرچ کوٹکر چھانکر زہرہ خوک یعنی سور کے پتہ اور شہد مین گوندھکر طلا کرین طلا ارساسوس واسطے شعیرہ اور بردہ کے نافع ہی ص کندر مردار سنگ ایک ساڑھے تین ماشہ لادن پھٹکری جو اکھارہ رتی سوا دو چاول موم پونے دو ماشہ روغن زیتون مین طلا کرین طلا ماتھی اور آنکھونپر اگر استعمال کرین شروع ورم ملتحمہ کو مفید ہے مواد کو پھیر دیتا ہی ص مامیثا ایلوا سوت گلاب کی سپول صندل سرخ چھالیہ زعفران برابر وزن ہری دھنیا کی پانی یا ہری کاسنی کی پانی مین طلا کرین طلا شرناق کو نافع ہے ص ایلوا ساڑھے تین ماشہ شیاف مامیثا اقاقیا مرکی سونگھے کی جڑ ہر ایک سات ماشہ زعفران پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر مورد کے پانی یا کاسنی کی پانی مین طلا کرین طلا آبگینہ کے ورم کو دور کرتا ہی اور درد کو تسکین دیتا ہی ص مستورشہ صندل سرخ ہر ایک سات ماشہ کافور چھ رتی سوا دو چاول کاسنی کے پانی مین اور آنکھونپر طلا کرین طلا یہی خاصیت رکھتا ہی ص ایلوا شیاف مامیثا سوت زعفران افیون اقاقیا گیرو صندل سرخ برابر وزن مکوہ کے پانی یا گلاب مین ملاکر طلا کرین طلا دردسر کو نافع ہی ص ایلوا شک افیون جندبیدستر گوند ببول کا زعفران اگر خام ہر ایک آٹھ رتی تین چاول افیون چھ رتی سوا دو چاول اجمود کے پانی یا دونا مروا کے پانی مین ترکرکے کاغذ پر لگاکر ماتھے اور کنپٹیونپر چپکا دیوین طلا سرخ بادہ کو نافع ہے ص ایلوا زعفران اقاقیا چھالیہ گیرو صندل سرخ

شیاف مامیثا ساتھ پانی کاسنی یا پانی مکوہ کی طلا کرین طلا سکتہ کو مفید ہے ص الی خبید ستر
پانی مین تیار کر کے بیلی سر کے بال دور کرین بعد اوسکے یہ طلا لگاوین مجرب ہی طلا نقوہ کو نافع
بخشتا ہے ص ایلوا سوت مرکی ہر ایک ایک تولہ زعفران آٹھ رتی تین چاول گلاب مین طلا
کرین طلا اجو نیلہ تعین کو مفید ہے ص ایلوا افشردہ ریشہ برگد مکوہ کے پانی مین طلا کرین طلا گرم
ورمونکو نافع ہے ص صندل سرخ شیاف مامیثا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گیرو تین تولہ چھالیہ
آقاقیا رسوت ہر ایک سات ماشہ سفیدہ کاشغری مردار سنگ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ قیمولیا
ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر چھانکر کاسنی کے پانی مین گوندھکر گولیان بناوین وقت حاجت کے
اونمین سے ہری دھنیا کے پانی مین پیسکر طلا کرین طلا دستونکو بند کرتا ہے ص موتھا اقاقیا
مرکی کندر کھکسا جوز السرو مازو گلاب کی پھول آملہ گیرو باجرہ چاول مسور بلوط گلنار فارسی
حنا اسارون صندل سورہ کی پانی یا بہی کے پانی مین شکم پر طلا کرین طلا اگر خصیۂ اطفال پر
تو بزرگ ہونے دیوے ص قیمولیا سفیدہ کاشغری ہر ایک سات ماشہ پھٹکری مازو ہر ایک سوا
کوٹکر چھانکر شہد اور روغن مورد مین کئی مرتبہ طلا کرین طلا استسقا لحمی کو نافع ہے ص مرکی
سیپ مرکی جلی ہوئی جو اکھار گوبر گائی کا برابر وزن سرکہ مین طلا کرین طلا حمل کو مانع ہوئی
اگر ہو تو اسقاط ہو جاوے ص سداب خشک نطرون برابر وزن کوٹکر چھانکر سداب کی پانی مین
گوندھین اور قضیب پر طلا کر کے مجامعت کرین طلا مددگار حمل ہے ص حب البلسان جاوشیر گوگل
بادآورد برابر وزن کوٹکر چھانکر گائی کے پتہ مین ملا کر اوپر قضیب کی طلا کر کے تامل کرین کہ خشک
ہو جاوے بعد اوسکے مجامعت کرین عورت حاملہ ہو جاویگی طلا یہی خاصیت رکھتا ہے ص برگ سنبھالو
خشک کوٹین اور ساتھ گائی کے پتہ کی اوپر قضیب کی طلا کر کے مجامعت فرماوین طلا کراہت پسینہ
کی دور کرتا ہے ص سنگ گلاب کی پھول بالچھڑ موتھا پھٹکری مرکی ہر ایک قدرے کوٹکر چھانکر گلاب
مین تر کر کے اوپر بدن کے طلا کرین طلا ابط کی بدبو کو دور کرتا ہے ص اسگند زراوند طویل برگ
خیار کاغذ گندھک [illegible] جلا کر اور زعفران سب برابر وزن کوٹکر چھانکر سورہ کی پانی مین گوندھین اور

گولیان بناوین بعد اوسکے بغل کو چیرین کہ خون آلودہ ہوجاوے ایک گولی اوسمین سے گلاب
مین گہسکر اوسپر ملین اور ایک رات دن لگی رہنے دیوین بدبو دور ہوجاویگی طلا پسینہ کو بند
کرتا ہی ص برگ مورد گلنار مازو برابر وزن کوٹکر چہانکر انگور خام کے پانی یا امرود کے پانی مین
ترکرکے بدن پر طلا کرین طلا بغل کی بدبو کو دور کرتا ہے ص پہٹکری سرکی گلاب کی پہول برگ
مورد مردار سنگ بغل کو اشنان کے پانی سے دہووین اور دوا اونکو کوٹکر چہانکر گلاب مین ترکرکے
طلا کرین طلا نزلہ کو دور کرتا ہی ص اقاقیا ایلوا شیاف ماسیثا رسوت گیرو گوند ببول کا کوٹکر چہانکر
مرغ کی انڈیکی سفیدی مین گوندہین اور ماتہی اور شقیقہ پر طلا کرین نافع ہوگا طبیخ یعنی جوشاندہ
حیض جاری کرتا ہی ص تگر ساڑہی تین ماشہ تلی پونے دو ماشہ سونف ساتماشہ لوبیاسرخ ساڑہی
سترہ ماشہ شہد خالص تین تولہ جوش کرین اور صاف کرکے تین دن برابر پلاوین طبیخ دیگر یہی
خاصیت رکہتا ہی اور مردونکو بہی نافع ہی جو ہتنی اونکی بند ہوگئی ہو ص فنجنکشت تین ماشہ تخم ترکی تلی سونف
اجہوہ ہر ایک ساتماشہ انجیر پانچ عدد گلقند آفتابی پونے چار تولہ جوش کرین اور صاف کرکے
تین دن برابر پلاوین اور تین دن تامل کرین پہر تین دن پلاوین اسیطرح نوش کرتے رہین جبتک
ادرار تمام واقع ہو طبیخ ذکور و کتا ہی اور معدہ کو قوت دیتا ہی ص انار دانہ تین تولہ مصطگی [illegible]
خشخاش ہر ایک ساڑہی تین ماشہ آدہی چہٹانک کم آدہ سیر پانی مین جوش کرین کہ آدہا رہجاوے صاف
کرین انگور خام اور سماق ہر ایک ساڑہی تین ماشہ کوٹکر چہانکر اوسمین ملاکر نوش کرین طبیخ حیض کو جاری
کرتا ہی ص لوبیاسرخ جیتی سونف رومی مجیٹہ ہر ایک چودہ ماشہ تلی ساڑہے دس ماشہ ڈیڑہ چہٹانک کم ڈیڑہ
سیر پانی مین پکاوین کہ آدہی چہٹانک کم آدہ سیر رہجاوے صاف کرکے قدری شکر سفید ملاکر چودہ ماشہ
اوسمین سے صبح کے وقت نوش کرین طبیخ کہ یہی عمل رکہتا ہی ص لوبیاسرخ فراسیون مجیٹہ ہر ایک چودہ
ماشہ پودینہ تین تولہ اڑہائی چہٹانک کم اڑہائی سیر پانی مین جوش کرین کہ آدہا رہجاوے صاف کرین
اور قدری [illegible] اضافہ کرکے صبح کے وقت ساڑہے دس ماشہ اوس مین سے نوش کرین

باب العین

عطوس یعنی چھینک لانیوالا فالج اور لقوہ اور سکتہ اور سر دیاریون سرکو مفید ہے اور اسیسی کو دور کرتا ہے دماغ کو قوت دیتا ہے تنگی پیشاب کو دفع کرتا ہے اور شیمہ کو جسم سے نکالتا ہے **صص** کندش کلونجی فرفیون کالی مرچ جندبیدستر زراوند حب البلسان شکاعی زرونیا جوا کہار برابر کو ٹکر چھانکر باریک کپڑے مین رکھکر ناک مین سونگھین **عطوس دیگر** یہی خاصیت رکھتا ہے **صص** شحم حنظل اسطوخودوس جندبیدستر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کندش تین تولہ چار ماشہ کو ٹکر چھانکر قدرے ناک مین سونگھین **عقد سیماب** یعنی پارہ کو باندھنا جلد منزل ہونیکے بے نظیر منی کو روکتا ہے امساک بشدت کرتا ہے **صص** پارہ ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ ساتھ تھوڑے سرکے کے آبگینہ یا لوہے کے دستے سے خوب پیسین کہ کشتہ ہو جاوے ساڑھے تیرہ ماشہ روئی جلی ہوئی اور نمک ہندی پیسکر اوسمین داخل کرین اول کڑاہی لوہے کی سرکے سے بہرین اوپر اوسکے اسکو ڈالدیوین اور آگ پر رکھین اور ساڑھے تیرہ ماشہ روئی جلی ہوئی پیسکر تھوڑی تھوڑی اوسپر ڈالین اور دستہ آبگینہ یا لوہے سے خوب ملاوین کہ حل ہو جاوے بعد اوسکے اوسکو نفیس کپڑے مین چھانین جو کچھ کپڑے مین رہجاوے حاصل کرین اور بقدر پانی سے دہووین کہ میل سے پاک ہو جاوے اور جیب بالکل اوسمین نہ رہے بعد اوسکی باندہین اور درمیان اوس گولی کے سوراخ کرین اور ایک ڈورا اوسمین ڈالکر لیمو کی پانی مین ڈالدین اور ایک رات تامل کرین کہ مانند پتھر کے سخت ہو جاوے پھر اوسکو دھتورہ کی تیل مین جوش دیوین اور نگاہ رکھین بوقت حاجت کے مونہہ مین رکھین اور مشغول جماع کے ہون جسوقت انزال چاہین منہہ سے نکال لیوین ++

باب الغین

غرغرہ واسطے ثقل زبان کے کہ بسبب بلغم کے ہو **صص** پوستان ساڑھے دس ماشہ سونٹھ نمک ہندی کلونجی عاقرقرحا مویزج صعتر ایارج فیقرا اصلی سوسن کی جڑ ہر ایک دو تولہ جواکہا ہر ایک ساڑھے ستر ماشہ زوفا پیلی ہر ایک تین تولہ

کوٹکر چھانکر شہد مین گوندمین اور ساتھ سکنجبین کے غرغرہ کرین غرغرہ حلق کی زخم کو مفید ہی ص
پھٹکری سفید و سیاہ کاغذ جلا ہوا مازو سبز کندر ہلدی زعفران ہر ایک ساڑھی چار ماشہ نمک
جلا ہوا نوشادر ہر ایک سوا دو ماشہ کوٹکر چھانکر سرکہ مین غرغرہ کرین غرغرہ نوعدیگر یہی خاصیت
رکھتا ہی ص مازو کاغذ جلا ہوا زنگار پھٹکری سفید کوٹکر چھانکر پھٹکری مین غرغرہ کرین غرغرہ
دیگر یہی منفعت رکھتا ہے ص ملٹھی خرنوب کوٹکر چھانکر شہد اور گلاب مین غرغرہ کرین
غرغرہ دیگر کندر ایک تولہ مازو ایک عدد زنگار ساڑھے تین ماشہ کاغذ فرنگی جلا ہوا ایک
ورق زعفران چار رتی ڈیڑہ چاول کوٹکر چھانکر سرکہ اور شہد مین حل کرکے نیمگرم غرغرہ کرین
غرغرہ کہ فالج اور لقوہ اور مرگی کو نافع ہے دماغ کو خلطون سے پاک کرتا ہے ص ایارج فیقرا
رائی مویزج عاقرقرحا بچھ سونٹھ پودینہ ملٹھی صعتر پوست بیخ کبر کو کوٹکر چھانکر شہد مین غرغرہ کرین
غرغرہ ثقل زبان اور سکتہ اور فالج کو فائدہ رکھتا ہے ص مویزج رائی سونٹھ عاقرقرحا
کالی مرچ پیپل جوا کہار نیلی سوسن کی جڑ دونا مروا برابر وزن کوٹکر چھانکر ساتھ سکنجبین کے
غرغرہ کرین غرغرہ خناق اور ذبحہ صفراوی اور دموی کو نافع ہے اور حلق کے کوے کے لٹکنے
کو بھی مفید ہے ص گلاب کے پھول بنفشہ چنیا نشاستہ تخم گل زعفران ہر ایک سات ماشہ اجود
ساڑھے دس ماشہ مازو سماق ہر ایک پونے دو ماشہ قند سفید چودہ ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ
سکنجبین کے غرغرہ کرین غرغرہ دماغ کو فضول سے پاک کرتا ہے ص مویزج چھ رتی سوا
دو چاول عاقرقرحا رائی ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر شہد کی سکنجبین کے ساتھ غرغرہ
کرین غرغرہ قلاع اور مسوڑہ ہونکے استرخا کو نافع ہے اور ذبحہ کو بھی فائدہ رکھتا ہے
ص برگ مورد گلاب کے پھول اور زیتون جوش کرکے صاف کرین اور رب شہتوت
تین تولہ ملا کر غرغرہ کرین غرغرہ کوے لٹکنے کو کہ بسبب رطوبت کے ہو نافع
ہے ص گلنار فارسی پونے دو تولہ پھٹکری نو ماشہ نمک اندرانی سوا گیارہ
ماشہ اقماع رمان تخم گل ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ شہتوت

گرعندغزہ کرین غندغزہ قلاع سوداوی کو نافع ہے صن سماق گلاب کے پہول
گلنار فارسی برگ مورد خوب جوش کرکے غرغرہ کرین غندغزہ کہانسی
کو نافع ہے جو بسبب نزلہ کے ہو صن گلاب کے پہول گلنار فارسی خوب جوش کرکے صاف کرین
اور خواب سے پہلے غرغرہ کرین غسول چہرہ کو سفید اور براق کرتا ہے صن آٹا جو کا آٹا نخود
کا آٹا باقلا کا تخم مولی نشاستہ کتیرا کوٹکر چہانکر ساتھہ شیر کے ترکرین رات کو اوپر چہرہ کے
ملین صبح کو گرم پانی اور گیہونکی بہوسی سے دہووین غسول دیگر یہی خاصیت رکہتا ہے صن
آٹا جو کا آٹا باقلا کا آٹا نخود کا ہر ایک ایک جز وستو مقشر کتیرا نشاستہ زعفران ہر ایک نیم جز و مغز تخم
خربوزہ دو جز و مرغ کے انڈیکی سفیدی مین کوٹکر رات کو ملین اور صبح کو ساتھہ اوس پانی
گرم کے جسمین پوست خربوزہ اور بنفشہ جوش کیا ہووے دہووین غسول دیگر یہی منفعت رکہتا
صن باقلا مقشر اور مٹر ترمس تخم مولی تخم خربوزہ نخود نشاستہ کوٹکر چہانکر اوپر چہرہ کے ملین

باب الفاء

فنجنکشت معدہ کو قوت دیتی ہے بواسیر کو نافع ہے شہوت جماع کو زیادہ کرتی ہے اور رنگ
چہرہ کا نیک اور صاف کرتی ہے جلد منزل ہونیکو نافع ہے صن کابلی ہڑ کالی ہڑ پوست ہلیلہ
آملہ مقشر چیتہ باچہڑ کالی مرچ پیپل سونٹھہ موتہا ہر ایک تین تولہ تخم سویا تخم گندنا ہر ایک چہ ماشہ
خبث الحدید ڈیڑہ پاؤ شہد خالص تین وزن سب دواؤنکے اول چاہیے کہ خبث الحدید کو چار
رات دن سرکہ مین بہگو دیوین بعد اوسکے خشک کرین اور خوب پیسین اسقدر کہ اوپر مونکے
پانی کے ٹہہر جاوے اور تہ مین پانی کی نہ بیٹہے بعد اوسکے باقی سب دواؤنکو کوٹکر چہانکر اضافہ
کرین اور ساتھہ شہد مقوم کے معجون تیار کرین اور بعد چہہ مہینے کی استعمال کرین خوراک تا
ماشہ اور بعضے حکیمون نے سات ماشہ مشک خالص کو بہی اس نسخہ مین زیادہ کیا ہے فیروز
نوش مرض نسیان اور آنتونکے درد کو جو بسبب پیچ کے ہو مفید ہے اور جانا عورتونکو
بیماریون کو کہ بسبب سردی کے ہون فائدہ رکہتی ہے اور ریاح غلیظ دفع کرتی ہے صن

افیون عاقرقرحا بالچھڑ زعفران ہر ایک دو تولہ افیون اجوائن خراسانی ہر ایک پانچ تولہ دو
ماشہ کو شکر شہد میں گوندھیں اور بعد چھ مہینے کے استعمال کریں **فیروزنوش** ممسک معدہ
کو قوت دیتی ہے شہوت جماع کو زیادہ کرتی ہے اور جلد منزل ہونیکو نافع ہے صفت پوست
زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا چیتہ اجمود چھوٹی الائچی کوٹ تلخ لونگ جاوتری کلیجن ناگیسر ہر ایک
پونے دو تولہ پوست بہیڑہ آملہ مقشر اجوائن پیپل ہر ایک چودہ ماشہ تودری زرد تودری سرخ
تخم بالچھڑ جائفل سونٹھ پیپل کی جڑ ہر ایک دو تولہ چار ماشہ موتھا تین تولہ مشک خالص نو ماشہ
عنبر ساڑھے چار ماشہ خبث الحدید مدبر برابر سب دواؤں کے روغن گاؤ پندرہ تولہ شہد خالص
اڑھائی وزن سب دواؤں کے بطریق مشہور کے معجون تیار کریں اور بعد چھ مہینے کے استعمال
کریں خوراک سات ماشہ ہمراہ شراب سوزنتی یا بکری کے دودھ تازہ کے نوش فرماویں
فنداد یقون معدہ اور آنتوں کے درد کو مفید ہے معدہ کو گرم کرتی ہے ریاح توڑتی ہے
اور صاحب فتق کو مفید ہے صفت زعفران نجدان تلی کے بیج تخم اجمود سونٹھ جاوشیر [illegible]
ہر ایک پونے دو تولہ کالی مرچ دو تولہ چار ماشہ شہد خالص دو وزن سب دواؤں کے
خوراک ساڑھے چار ماشہ سے نو ماشہ تک **فنداد یقون** سنافع اوسکا مثل نفع نسخہ سابق کے ہے
صفت سونٹھ کالی مرچ بالچھڑ ہر ایک پونے دو تولہ مصطگی اجوائن ہر ایک چودہ ماشہ اجمود
پودینہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ زیرہ کرمانی سلیخہ حب بلسان عاقرقرحا ہر ایک سات
ماشہ تیج پات ساڑھے تین ماشہ کو شکر چیانکر ساتھ شہد کے معجون تیار کریں **فلونیا رومی**
یہ معجون مبارک ہے نزلہ کو باز رکھتی ہے اور درد کو تسکین دیتی ہے اور خون کی قے اور
فرنک دستونکو نافع ہے اور قولنج اور مہینہ کو مفید ہے اور خون حیض کا جو بکثرت جاری ہو
بند کر دیتی ہے صفت مرچ سفید اجوائن خراسانی پیپل ہر ایک ساڑھے سات تولہ افیون پونے
چار تولہ زعفران ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ اجمود پہاڑی بالچھڑ ہر ایک ڈیڑھ تولہ
اجمود بنطی ساڑھے تیرہ ماشہ تیج پات سلیخہ حب بلسان عاقرقرحا فرفیون ہر ایک ساڑھے

چار ماشہ اور بعضے نسخون مین عوض تخم کرفس یعنی اجمود بغلی کے دو قومی سب دواؤنکو
کوٹکر چھانکر شہد مین گوندہین اور بعد چھ مہینے کی استعمال کرین خوراک چار رتی ڈیڑہ چاول
سوا دو ماشہ تک ہی چنانچہ واسطے قولنج کو سوئے کی جوشاندہ کے ساتھہ کہاوین اور واسطے
درد گردہ کے جوشاندہ جیدہ یا سونف کی بہت مناسب ہی اور واسطے درد معدہ کی
ساتھہ سونف رومی کی دیوین اور واسطے طحال کے ساتھہ سکنجبین کے بہتر ہے اور واسطے
بند کرنے خون اندرون کے بارہ مین کہلانا چاہیے فلونیا افارسی جس جگہہ سی کہ خون
جاری ہو بند کر دیتی ہے اور مقوی رحم ہے اور محافظت جنین کرتی ہے قی اور دستونکو روکتی
ہی رحم سی ریاح کو توڑتی ہے اور درد کو تسکین دیتی ہے مقوی دماغ ہی اور قوت حافظہ
کو بڑہاتی ہے صحن مرچ سفید اجواین خراسانی ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ افیون گل مختوم
ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ زعفران ساڑہے سترہ ماشہ فرفیون بالچہر عاقرقرحا ہر ایک
سات ماشہ جندبیدستر زنجبیل درونج عقربی سوتی مشک خالص ہر ایک ساڑہے تین ماشہ کافور
چھ رتی سوا دو چاول کوٹکر چھانکر شہد مین گوندہین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین خوراک
ساڑہے تین ماشہ فلونیا مجمعی درد معدہ اور جگر کو جو بسبب سردی کے ہو اور تپ بلغمی اور تپ
چوتھیا اور پرانی تپ کو مفید ہے صحن پودینہ نہری اور پودینہ پہاڑی فطراسالیون سیتیا
ہر ایک ساڑہے تین تولہ اجمود بابونہ حاشا ہر ایک چودہ ماشہ کاکلہ چار تولہ چار ماشہ کالی مرچ
بارہ تولہ دس ماشہ کوٹکر چھانکر تین وزن سب دواؤنکی شہد خالص مین گوندہین خوراک
ساڑہے تین ماشہ ہے فلافلی درد معدہ اور شہوت کلبی کو مفید ہے اور ریاح غلیظ
کو دفع کرتی ہے کہانا ہضم کرتی ہے صحن پیپل کالی مرچ ہر ایک پونے نو ماشہ حب البلسان
دو تولہ گیارہ ماشہ حماما بالچہر ہر ایک سات ماشہ سونٹھہ اجمود سیسالیوس سلیخہ تگر راسن ہر ایک
ساڑہے تین ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھہ تین وزن دواؤنکے شہد خالص مین گوندہین خوراک ساڑہے
تین ماشہ ساتھہ پانی گرم کی فلافلیون اکال اور سدہ اور جنون کو نافع ہے گوشت مردہ کو دور کرتی

حص اقاقیا سار ہست تین تولہ ہڑتال زرد ہڑتال سرخ ہر ایک ساڑہی تین ماشہ مرکی چودہ ماشہ
چونہ زندہ دو تولہ چار ماشہ پھٹکری پونے دو تولہ کوٹکر چہانکر پرانے سرکہ مین گوندہین اور
قرص بناوین سایہ مین خشک کرکے بروقت حاجت کی استعمال فرماوین فتیلہ نکسیر کو باز رکہتا ہے
حص گرد آسیا مازو ہر ایک پونے دو ماشہ افیون چار رتی ڈیڑہ چاول کوٹکر چہانکر گدہی کی لید
مین گوندہین اور بکری کی سفید جہاگ کو اون دواونسی آلودہ کرکے ناک مین رکہین مگر پہلی ناک
کو گلاب اور سرکہ سے دہولیوین بعد اوسکے یہ دوا رکہین فتیلہ نوع دیگر یہی خاصیت
رکہتا ہی حص مازو جلا ہوا سات ماشہ سرکہ مین ڈالکر پھٹکری سیاہ چودہ ماشہ پھٹکری سفید
پونے دو تولہ کافور چار رتی ڈیڑہ چاول کوٹکر چہانکر فتیلہ کپڑی کا بناوین اور ساتہ ان
دواونکے گرد آلود کرکے ناک مین رکہین فتیلہ نوع دیگر یہی منفعت رکہتا ہی حص کاغذ
جلا ہوا پوست مرغ کے انڈہی کا جلا ہوا پوست انار کا ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چہانکر بادروج کے
ساتہ یا پانی بارتنگ کی گوندہکر فتیلہ کو تر کرکے ناک مین ٹپکاوین فتیلہ ناک کی عفونت کو
دفع کرتا ہے حص مرکی پوست انار ترش ہر ایک سات ماشہ میٹہا چرایتہ اجوائن خراسانی
ہر ایک سوا پانچ ماشہ لونگ ہر ایک ساڑہے تین ماشہ فتیلہ کو شراب مین تر کرین اور باقی اور
دواونکو کوٹکر چہانکر ساتہ اوسکے آلودہ کرکے ناک مین رکہین فتیلہ ناک کی زخم کو نافع ہے
حص پھٹکری سفید مرکی زنجار سیاہ برادہ تانبی کا جلا ہوا ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ
زراوند مدحرج پونے دو تولہ کندر ساڑہی تین تولہ کوٹکر چہانکر آدہ پاو کم دو سیر پانی مین
پکاوین اور چہانین اور پہر جوش کرین کہ قوام شہد کا ہوجاوی فتیلہ اوسمین آلودہ کرکے
ناک مین رکہین فتیلہ واسطے آنکہہ کی نافع ہے حص ایلوا موتہا بالچہڑ گلاب کی پہول لونگ کوٹکر
چہانکر پودینہ کی پانی مین گوندہین اور ناک مین رکہین اول ناک کو گلاب اور سرکہ سی کئی مرتبہ
دہووین بعد اوسکے دوائی مذکور رکہین اور اگر کلونجی بہونکر اور ایک رات دن پرانی سرکہ مین
تر کرکے ساتہ قدری روغن زیتون کے ناک مین ٹپکاوین یہی عمل رکہتا ہی فتیلہ نافع ہی واسطے

درد کان اور پیپ کو جو کان سے نکلے ص انزروت تخم کنوچہ ساتھہ شہد کے گوندہکر فتیلہ کو اوسمین تر کرکے
درکان مین رکہین فتیلہ کان کی گرانی کو دور کرتا ہی ص انجیر سفید فربہ شیرین اور تخم اوسکا عسل
اوس سے جدا کرین اور جو اکمار قردہانا رائی کوٹکر اوسمین گوندہین اور فتیلہ بناکر کان مین رکہین
اور اگر رائی اور انجیر کوٹکر کان مین رکہین یہی عمل رکہتا ہی فرزجہ بچہ مردہ اور مشیمہ کو رحم سے باہر
نکالتا ہی ص زراوند دحرج ہیل ترس حرف ہر ایک ایک جزو کوٹکر چہانکر گائے کے پتہ مین گوندہین
اور فرزجہ کرین فرزجہ دیگر یہی خاصیت رکہتا ہی ص تخم خیارین رائی سفید گوگل ہر ایک
ایک جزو کوٹکر چہانکر ساتھہ قطران کے گوندہین اور فرزجہ کرین فرزجہ کہ مانع حمل ہے ص تخم حنظل گوشت
ہاتہی کی لید رائی برگ استخوان زعرور برابر کوٹکر چہانکر سلارس مین گوندہین اور ساتھہ پشم پارہ
کی فرج عورت مین رکہین ہرگز حاملہ نہ ہوگی اور اگر حمل رہیگا اسقاط ہوجاویگا اور بعضون
نے کہا ہے کہ جو کوئی عورت ایک کدو دانہ نگل جاوے ایک سال حاملہ نہ ہوگی اور اگر دو کدو دانہ
کہاوے تو دو برس حمل نرہیگا اور اسیطرح جسقدر کدو دانہ کہاویگی اوتنے سال تک حمل نرہیگا
فرزجہ بچہ مردہ کو رحم سے باہر نکالتا ہے ص اشنان فارسی عاقرقرحا کلونجی تلخی فراسیون ہر ایک
قدرے کوٹکر چہانکر ساتھہ روغن زیتون کے گوندہین اور استعمال کرین فرزجہ مددگار حمل ہے ص
پہاڑی بکری کی مینگنی پنیر مایہ خرگوش ہر ایک قدرے کوٹکر چہانکر ساتھہ شہد گرم کیے ہوئے کے
گوندہین اور ساتھہ پشم پارہ کی فرزجہ کرین فرزجہ دیگر یہی عمل رکہتا ہے ص مشک زعفران
پیسکر گائے کے پتہ مین گوندہین اور ساتھہ پشم پارہ کی فرج عورت مین رکہین فرزجہ نوع
دیگر یہی منفعت رکہتا ہے ص پنیر مایۂ خرگوش دارچینی عنبر مشک مصری برابر
وزن کوٹکر چہانکر گلاب مین گوندہکر استعمال کرین فرزجہ دیگر یہی خاصیت رکہتا ہے
ص مامیران عنبر سورنجان ایلوا اسولف سند رجاگ ہر ایک چار رتی ڈیڑہ چاول ساتہہ
شکر سرخ کے فرزجہ کرین فرزجہ کہ منفعت یہی رکہتا ہے ص سلارس حتعبید ستر کوٹ
مرکی بارزد جاوشیر گوگل مشک خالص کوٹکر بعد پاک ہونے حیض کے کئی مرتبہ فرزجہ کرین

اور بعد ایک پہر کے جماع کرین **فرزجہ** کہ یہی عمل رکہتا ہی ص پنیر مایہ خرگوش اور خرگوش کی مینگنی
شہد مین گوندہ کر ساتہہ پشم پارہ کی حمول کرین بعد اوسکے مجامعت فرماوین **فرزجہ** کہ بچۂ مردہ کو
رحم سی باہر نکالتا ہی ص مرکی جاوشیر کندکی سفید برابر وزن کوٹکر گائی کے پتہ مین گوندہین اور
حمول فرماوین **فرزجہ** حیض کو جاری کرتا ہی ص اشنان عاقرقرحا جاوشیر کلی ہر ایک
ساڑہی تین ماشہ فرفیون پونے دو ماشہ کوٹکر چہانکر قطران مین گوندہکر فرزجہ کرین **فرزجہ**
مانع حمل ہی ص مازو حب الآس برابر وزن کوٹکر چہانکر ساتہہ پانی گرم کے فرزجہ بناوین
اور میل مجامعت سی استعمال کرین **فرزجہ دیگر** درد رحم اور درد بواسیر کو مفید ہی اور ورم سخت
رحم کا نرم کرتا ہے ص بابونہ کوٹ افیون موم برابر وزن ساتہہ پشم پارہ کی حمول کرین **فرزجہ**
واسطی ورم رحم کی نافع ہے ص کندر انزروت دم الاخوین حب الآس گیرو اقاقیا کوٹکر چہانکر
بارتنگ کی پانی مین گوندہ کر ساتہہ پشم پارہ کی حمول فرماوین **فرزجہ** رحم کو قوت دیتا ہی اور فرج
کو تنگ اور خوشبودار کرتا ہے ص جاوتری بالچہر ورنا مروا پوست کندر جعتر اذخر گلاب کی پہول
پوست بیخ کبر ترمس برابر وزن کوٹکر چہانکر بکائن کے تیل مین گوندہین اور ساتہہ پشم پارہ کی فرزجہ
بناوین **فرزجہ دیگر** کہ یہی عمل رکہتا ہی ص شگوفہ اذخر یہ تنہا اگر خام لونگ ہر ایک ساڑہی تین
ماشہ عنبر پونی دو ماشہ مشک خالص چار رتی ڈیڑہ چاول کوٹکر چہانکر گلاب مین گوندہین اور
ساتہہ پشم پارہ کے حمول کرین **فرزجہ** خارش رحم کو کہ اوسکو ابنۃ النسا کہتی ہین نافع ہے
ص تلی کنناع پوست انار سور مقشر گلاب اور قدری سرکہ مین بہگادین اور ساتہہ پشم
پارہ کے فرج مین رکہین **فرزجہ** کہ یہی منفعت رکہتا ہی ص زعفران کافور ہر ایک چار رتی
ڈیڑہ چاول مروا سنگ آٹہہ رتی تین چاول حب الغار پونی دو ماشہ کوٹکر چہانکر مرغ کی انڈے کی
سفیدی اور روغن گل مین گوندہین اور فرزجہ کرین **فرزجہ** حیض کو بند کرتا ہی ص گلنار اقاقیا
مازو سرمہ اقاقیا پہٹکری برابر وزن کوٹکر چہانکر بارتنگ کی پانی مین گوندہین اور فرزجہ
بناوین اور پیرو پر طلا کرین **فرزجہ دیگر** کہ یہی خاصیت رکہتا ہی ص کاغذ جلا ہوا اقاقیا

دم دراز ہوتی ہے سپیرون نے اسکا نام کالشہ دم رکھا ہے اور پوست شکم کا اوسکی سخت ہوتا ہے
اور سختی نشان اس امر کا ہے کہ اسمین رطوبت فضلیہ کم ہے اور سر اوسکا چوڑا ہوتا ہے اسواسطے
سر چوڑا علامت قوت دماغ کی ہے درمیان فصل بہار کے پکڑنا لازم ہے کہ آفتاب برج ثور
مین ہووے اور اگر موسم بہار مین کچہ سردی معلوم ہووے تو آخر بہار یا شروع گرمی مین پکڑنا
پانی آوردہ کی علامت یہہ ہے کہ پاس کسی درخت کے خصوص درخت بلوط کے نہین جاتی
اور قریب پانی کے بہی نہین آتی بلکہ صاف خشکی مین پہرتی ہے پس بہتر یہہ ہے کہ جس مقام پر
اوسکو دیکہین فورا قتل کرین تا کہ اضطراب بہت نکرے اور خشم آلودہ اور پیاسی اور بیمار نہو اور اوسکو
اسطرح مارنا چاہیے کہ بمقدار چار انگشت کے تیشہ تیز سے سر اور دم سے ساتہہ ایک ضرب کے اوڑا دیوین
یہانتک کہ قطعاً پوست نلگا رہے ساتہہ ایک ہی ضرب کے جدا ہو جاوے اسواسطے کہ زہر اوسکا تو
اور سر کی طرف ہوتا ہے اور فضلہ بطرف دم کے ہوتا ہے پس جسوقت قتل کرین تو دیکہین کہ اگر خون
اسمین سے بہت جاری ہے اور بہت دیر تک حرکت بہی کرتی ہے تو وہی بہتر اور کارآمد ہے
اور اگر حرکت نکرے ضعیف اور کمزور ہو معلوم کرنا چاہیے ایسی قسم اس کام کیواسطے نہین
لائق ہے لیکن جو قسم کہ اس کے لیے شایستہ ہے اول چاہیے کہ بعد قتل سر اور دنبال کے
شکم اوسکا شگافتہ کر کے آلایش صاف کرین اور کہال بہی اوکہاڑین پہر اوسکو صاف
پانی مین کئی مرتبہ دہووین بعد اسکے صاف پانی اور تہوڑی نمک کے ساتہہ چند شاخ سوئے
کے جوش کرین کہ مہرا ہو جاوے بعد اوسکے گوشت کو ہمراہ نان سفید بریان کے کوٹین اور
ساتہہ اوس پانی کے کہ اوس سے صاف کیا ہوا ہے گوندہین تاکہ اور ہاتہونکو روغن بلسان
مین چرب کر کے قرص بناوین ہر ایک ساتہہ ہم چار ماشہ اور سایہ مین خشک کرین میاتا
اور طلق اثر نم کا اسمین نہ ہے بعدہ ظرف آبگینہ مین نگاہ رکہین مگر چاہیے کہ وقت پکانے اور
کوٹنے اور قرص بنانے گوشت افعی کے ناک۔ باندہ لیوین کہ قوت اوسکی دماغ تک نہ پہنچے
قرص اندروان خوردن مختار حنین بن اسحاق تریاق فاروق مین مستعمل ہے

انیسون وسپستان لیوس اجوائن خراسانی سلارس انجبو و ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ گوند کی
تہمر کی چیزونکو شراب میں حل کریں اور دوا کو کوٹ کر چھانکر اوسمین گوندہین اور قرص
بنا دیں ایک قرص ایک تولہ اور سایہ میں خشک کریں قرص طباشیر ملین تپ محرقہ
اور سینہ کی خشونت کو نافع ہے معدہ کو ملائم اور قبض کو دور کرتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے
ص صندل سفید چودہ ماشہ ترنجبین ساڑہے دس ماشہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو نشاستہ
گوند ببول کا خشخاش کتیرا ہر ایک ساڑہے تین ماشہ اسبغول کے لعاب مین گوندہکر قرص بناوین
قرص طباشیر ممسک صفراوی تپ کو نافع ہے دستونکو بند کرتا ہے خون کو روکتا ہے پیاس کو
بجھاتا ہے ص گلاب کے پہول چار تولہ ساڑہے چار ماشہ گوند ببول کا نشاستہ جو کی گے
بیج گل ہر ایک تین تولہ صندل چین سماق زرشک ہر ایک دو تولہ کوٹکر چھانکر گلاب مین گوندہین
قرص طباشیر اوبوی مغربی بلاسوراخ صندل چین ہر ایک ساڑہے تیرہ ماشہ مونگی کی جڑ کہربا
ہر کسے بیج بنگی طراثیث گوند ببول کا ہر ایک سات ماشہ خشخاش بہونا ہوا ساڑہے سترہ
ماشہ کوٹکر چھانکر گلاب مین قرص بناوین ایضاً تپ دق اور تپ محرقہ اور گرم کہانسی کو
نافع ہے پیاس بجھاتا ہے ص صندل چین گلاب کے پہول صندل سفید تخم کاسنی تخم کاہو تخم خرفہ
ہر ایک ساڑہے چار ماشہ کافور چار رتی ڈیڑہ چاول کوٹکر اسبغول کے لعاب مین گوندہکر
قرص بناوین قرص کہربا خون بواسیر اور بواسیر رحم کو نافع ہے ص کہربا تین تولہ مصطگی
تین تولہ خشخاش سفید تین تولہ زعفران سات ماشہ ساتہہ لعاب اسبغول کی قرص بناوین
ہر ایک ساڑہے چار ماشہ قرص کہربا شکم سے خون جانیکو باز رکھتا ہے ص کہربا موتی
لاجوردی بلاسوراخ تخم خرفہ ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ پہاڑی بکری کے سینگ چہیلکا
ہرن کا جلا ہوا گوند ببول کا ہر ایک ساڑہے دس ماشہ دہنیا بہونا ہوا خشخاش سفید
خشخاش سیاہ ہر ایک پوستے دو تولہ ودع سوختہ اجوائن خراسانی ہر ایک سات ماشہ
کوٹکر چھانکر سات لعاب اسبغول کے قرص بناوین قرص گلنار خون کو روکتا ہے

له ولایت ایک بوٹی ہے سرسا دسفید ہوتی ہے کاسنی اور ... اور سفید ... قسم ... بہ

حص گلاب کی پھول گلنار اقاقیا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کتیرا تین تولہ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی گلنار کے قرص بناویں **قرص زرشک کبیر** ورم معدہ اور جگر بلغمی تپ کو نافع ہے حص افشردۂ زرشک مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب کی پھول ترنجبین ہر ایک پونے دو تولہ تخم کشوث رب السوس مثلوجین تخم کاسنی مصطگی بالچھڑ افشردۂ غافث مجیٹھ لاکھ دھوئی ہوئی ریوند چینی ہر ایک سات ماشہ زعفران پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی ترنجبین کے گوندھکر قرص بناویں **قرص زرشک صغیر** زرشک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ تخم کاسنی تخم خرفہ تخم خیارین ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب کے پھول ساڑھے سترہ ماشہ ریوند چینی افشردۂ غافث بالچھڑ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اسپغول کے لعاب میں قرص بناویں **قرص زرشک سا حار** زرشک ساڑھے سترہ ماشہ لاکھ دھوئی ہوئی ریوند چینی افشردۂ غافث بالچھڑ سونف رومی مصطگی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر قرص بناویں **قرص زرشک بارد** زرشک ساڑھے سترہ ماشہ ست ملٹھی کاسنی پانچ ماشہ مغز تخم خیارین تخم خرفہ تخم کاسنی ہر ایک سات ماشہ گلاب میں قرص بناویں خوراک نو ماشہ ساتھ سکنجبین اور پانی کاسنی یا پانی مکوہ کی **قرص ریوند** ورم اور سختی جگر اور طحال اور پرانی تپ کو نافع ہے حص ریوند چینی پونے دو تولہ مجیٹھ منقی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ انیسون سونف رومی افشردۂ غافث ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی شیرین خالص کے قرص بناویں **قرص خشخاش** زخم سینہ اور پھیپھڑہ کو نافع ہے حص گلاب کی پھول گوند ببول کا ہر ایک چودہ ماشہ نشاستہ کتیرا ست ملٹھی کا ہر ایک سات ماشہ خشخاش سفید خشخاش سیاہ ساڑھے دس ماشہ زعفران پونے دو ماشہ مثلوجین ساڑھے سترہ ماشہ ساتھ پانی خالص کے قرص بناویں خوراک ساڑھے چار ماشہ ہمراہ پونے چار تولہ شربت خشخاش کے **قرص گل** درد معدہ اور بلغمی تپ کو نافع ہے حص گلاب کی پھول پونے دو تولہ ست ملٹھی کا چودہ ماشہ بالچھڑ ایک تولہ مثلوجین سات ماشہ افشردۂ غافث چودہ ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ سکنجبین کی گوندھکر قرص بناویں **قرص گل نوع دیگر**

تیسرا نسخہ دوسرے ص گلاب کے پہول تین تولہ ملٹھی افشردہ غافث افسنتین رومی ہرایک چودہ
ماشہ مصطگی پانچہر تکر اگر خام اذخر ہرایک ساڑہی تین ماشہ کوٹکر چہانکر گلاب مین قرص بناوین
قرص گل نوع دیگر شطر الغب اور مرکب تپون کو نافع ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہی ص
گلاب کے پہول ملٹھی ہرایک چودہ ماشہ سنبل چہین پانچہر افسنتین رومی ہرایک سات ماشہ ترنجبین ساڑہی تین
دس ماشہ گلاب مین قرص بناوین قرص غافث یرقان اور درد جگر اور طحال اور تپ چوتہیا
اور پرانی تپون کو مفید ہے اور سدہ کہولتا ہی ص افشردہ غافث پانچ تولہ دس ماشہ پانچہر
دو تولہ گیارہ ماشہ سنبل چہین چودہ ماشہ کوٹکر چہانکر ساتہہ پانی خالص کے گوندہکر قرص بناوین
قرص کاکنج قرحہ گردہ اور قرحہ مثانہ اور خون کی پیشاب کو نافع ہے ص مغز تخم خیارین
خیار کنج مغز بادام ست ملٹھی کا نشاستہ گوند ببول کا دم الاخوین کتیرا کندر ہرایک تین تولہ چہو
سات ماشہ افیون ساڑہی تین ماشہ خالص پانی مین قرص بناوین خوراک ساڑہی تین ماشہ سے
ساڑہی چار ماشہ تک قرص مقل یعنی گوگل معدہ کی سخت ورم کو مفید ہی ص گلاب کی پہول تین
تولہ پانچہر سات ماشہ زعفران مرکی سوا پانچ ماشہ مصطگی پوری نو ماشہ گوگل ساڑہی دس ماشہ
گوگل کو شراب مین حل کرین اور باقی اور دوائیان کوٹکر چہانکر اوسمین گوندہین اور قرص
بناوین قرص کافور یرقان اور تپ گرم کو فائدہ رکہتا ہے ص زرشک سنبل چہین گلاب کی
پہول ہرایک دو دو تولہ تخم کاہو تخم کاسنی کتیرا ہرایک ساڑہی دس ماشہ مغز تخم خربزہ تخم کدو ہرایک
ساڑہی سترہ ماشہ صندل سفید ست ملٹھی کا ہرایک سات ماشہ کافور ساڑہی تین ماشہ اسبغول کے
لعاب مین گوندہکر قرص بناوین خوراک سات ماشہ ساتہہ سکنجبین کے قرص کافور نوع دیگر
تپ چوتہیا اور تپ دق اور تپ محرقہ کو نافع ہی پیاس بجہاتا ہی ص سنبل چہین تخم خرفہ تخم کاہو ہرایک
ساڑہی سترہ ماشہ تخم کاسنی ست ملٹھی کا صندل سفید ہرایک ساڑہی دس ماشہ مغز تخم کدو مغز تخم
خربزہ ہرایک دو دو تولہ ترنجبین تین تولہ کافور سوا دو ماشہ ساتہہ لعاب اسبغول کے قرص بناوین
قرص لک استسقاء لحمی کو مفید ہی ص لاکہہ منقی بلیلہ سونف دیسی سونف رومی اجمود تخم کاسنی

تخم کشوث ہر ایک ساڑھے دس دس ماشہ مکو سات ماشہ خوب کوٹکر چھانکر پانی مین قرص بناوین خوراک
ساڑھے تین ماشہ ساتھ سکنجبین بزوری کی **قرص شبرم** استسقا زقی کو نافع ہے اور سدہ کو کھولتا ہے صفت
شبرم زرد مر برابر وزن کوٹکر چھانکر قرص بناوین خوراک چار رتی ڈیڑھ چاول ساتھ سکنجبین کے
بڑہاتی ہین **قرص لک** ما استسقا لحمی کو مفید ہے سدہ کھولتی ہے صفت لاکہ دہولی ہوئی ریوند چینی
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ تگر زراوند مدحرج بالچھڑ مصطکی رومی اجواین اذخر ابہل کوٹ مغز بادام تلخ
مجیٹھ افسنتین افشردہ غافث ہر ایک سات ماشہ کالی مرچ سونٹھ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ خوراک
ساڑھے چار ماشہ **قرص افسنتین** درد معدہ کو جو بعد کھانا کھانیکے عارض ہوتا ہے مفید ہے صفت
افسنتین اجمود سونف رومی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سیلخہ پانچ تولہ وزن ایک ماشہ مرکی کالی مرچ
افیون ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر خالص پانی مین قرص بناوین **قرص کبیر** بلغمی بخار کو مفید ہے
اور پیشاب کی تنگی اور دشواری کو نافع ہے اور جگر کی سردی کو نافع و بخشتا ہے اور سدہ
طحال کو کھولتا ہے صفت افسنتین اجمود تگر مغز بادام برابر وزن کوٹکر چھانکر ساتھ پانی کاسنی
کی گوندہین اور قرص بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ **قرص انیسون** درد طحال کو
نافع ہے سدہ کھولتا ہے صفت انیسون بیخ کبر اشق ہر ایک چودہ ماشہ زراوند طویل بسباسہ اور کاکنی
بیج ہر ایک پونے دو تولہ اشق کو پرانے سرکہ مین حل کرین اور باقی اور دوائیان کوٹکر
چھانکر اوسمین گوندہین اور قرص بناوین **قرص** کہ بلغمی تپ اور ضعف جگر کو مفید ہے
صفت سونف رومی افسنتین مغز بادام تلخ بالچھڑ ایلوا ہر ایک چودہ ماشہ افشردہ غافث
تیج پات تگر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ نیلی ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر گلاب مین قرص
بناوین خوراک ساڑھے تین ماشہ ساتھ جوشاندہ افسنتین کے **قرص ایرسا** طحال کی سختی کو دور
کرتا ہے صفت ایرسا یعنی نیلی سوسن کی جڑ چودہ ماشہ مرمکی سفید اشق ہر ایک سات ماشہ
اشق کو سرکہ مین حل کرین اور باقی اور دوائیان اوسکو چھانکر اوسمین گوندہین اور قرص
بناوین خوراک سات ماشہ ساتھ سکنجبین کے **قرص جنطیانا** سدہ جگر اور طحال کو کھولتا ہے

قرص تنقیح نشنشا یعنی سنبھالو تخم کاسنی تخم خرفہ مغز تخم کدو برابر کوٹکر چھانکر سکنجبین مین گوندہ کر قرص
بناوین قرص فوہ طحال کو مفید ہے قرص فوہ یعنی مجیٹھ ساڑھے تین تولہ پوست بیخ کبر یعنی کبر
کی جڑ ریوند بالچھڑ ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر سکنجبین مین گوندہین اور قرص بناوین اور جوشاندہ
سونف رومی مین استعمال فرماوین قرص عود رقی اور سیفنہ کو باز رکھتا ہے صفت اگر خام چودہ
ماشہ کباب چینی مصطگی لونگ بالچھڑ ہر ایک سات ماشہ قند سفید ساڑھے تین تولہ کوٹکر چھانکر قرص
بناوین خوراک سات ماشہ قرص عود دیگر معدہ کو قوت دیتا ہے اور کھانا ہضم کرتا ہے
اور بھوک کھانیکی بڑھاتا ہے صفت لونگ مصطگی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ الائچی بالچھڑ جاوتری
ہر ایک سات ماشہ اگر خام تج پوست ترنج ہر ایک ساڑھے ستره ماشہ زعفران جائفل جو بیجہ ہیل
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ قند سفید برابر وزن سب دواؤنکے کوٹکر چھانکر قرص بناوین قرص
کندر رقی اور سیفنہ کو باز رکھتا ہے صفت کندر ساڑھے دس ماشہ تج ساڑھے ستره ماشہ کباب چینی
چھوٹی الائچی مشک ہر ایک سات ماشہ مشک خالص کافور چار رتی ڈیڑھ چاول لونگ ساڑھے
تین ماشہ کوٹکر چھانکر قرص بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ ساتھ تین تولہ شربت انار منعنع کے نوش
